کتاب المشجر من اولاد حسین الاصغر

فی التفصیل انساب السادات الحسینی

مع

تاریخ سادات ہمدانیہ

مئولف

النسابہ المحقق سید الشریف قمر عباس الاعرجی الہمدانی

نقیب سادات الاشرف پاکستان

نام کتاب	کتاب المشجر من اولاد حسین الاصغر فی التفصیل انساب السادات الحسینی مع تاریخ سادات ہمدانیہ
مئولف	النسابہ المحقق سید الشریف قمر عباس الاعرجی الہمدانی
تعداد	600
اشاعت	2014
ISBN	978-969-9836-01-5
کتاب حاصل کرنے کیلئے رابطہ کریں۔	علامہ سید محسن علی ہمدانی خطیب جامع مسجد قصر ابوطالب راولپنڈی کینٹ 0300-5146196 سید اعجاز حسین شاہ ہمدانی ایڈووکیٹ چکوال 0333-5912612 - 0300-5472612 سید شاہ عبدالباسط ہمدانی دندہ شاہ بلاول تلہ گنگ 0322-9793052 سید عطاء شاہ ہمدانی راولپنڈی 0346-5214095 سید انور حسین شاہ الحسینی محمد یہ ایجوکیشنل ویلفیئر ٹرسٹ نیو مارکیٹ گلی مہاجرین تلہ گنگ 0312-5147206
ہدیہ	500 روپے
ناشر	ادارہ نقابہ سادات الشرف پاکستان
رابطہ مصنف	0334-5283938 پاکستان 00971-55-1028415 دبئی
ای میل ایڈریس	qabbas48@yahoo.com qamaralaraji@gmail.com

مكتبة
نقابة السادة الاشراف
SADĀT AL-ASHRĀF OFFICE

إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا

شهادة النسب الشريف

﴿ وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ وَمَن يَكْتُمْهَا فَإِنَّهُ آثِمٌ قَلْبُهُ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ عَلِيمٌ ﴾
(2:283)

نشهد بان النسب الخاص بالسيد الشريف قمر عباس الاعرجي الحسيني الهمداني بن السيد اظهر حسين شاه بن السيد فصل حسين شاه بن السيد محمد شاه سادس بن السيد حيدر شاه بن السيد كل حسن شاه بن السيد انور شاه بن السيد عبد اللّه ثاني بن السيد عبد الهادي بن السيد عبد اللّه بن السيد احمد الهمداني الاعرجي الحسيني يعرف سلطان شاه بلاول بن السيد اسماعيل بن السيد زبير بن السيد نور اللّه بن السيد فتح اللّه بن السيد حسين بن السيد محمود بن السيد جمال الدين حسين بن السيد علي بن السيد احمد كبير الدين بن السيد نور الدين كمال بن السيد احمد بن السيد حسن بن السيد مير محمد الهمداني بن السيد مير علي الهمداني الاعرجي يعرف بشاه همدان جد الجامع السادة الحسينية الاعرجية الهمدانية بن السيد شهاب الدين بن السيد محمد بن السيد علي بن السيد يوسف بن السيد محمد شرف الدين بن السيد محمد محب اللّه بن السيد جعفر بن السيد عبد اللّه بن السيد محمد بن السيد ابو القاسم علي الجلا بادي بن السيد ابو محمد الحسن بن السيد ابا عبد اللّه الحسين بن السيد جعفر الحجة بن السيد عبيد اللّه الاعرج بن السيد حسين الاصغر بن الامام علي زين العابدين بن الامام الحسين السبط الشهيد بن امير المؤمنين الامام علي بن ابي طاب عليهم السلام صحيح حسب المصادر المعتمدة.

السيد عبد الرحمن العزي الاعرجي الحسيني
نقيب السادة الاشراف

تاريخ : 25 رمضان 1436 هجرى

ANSAB@SADATALASHRAF.ORG.UK
WWW.SADATALASHRAF.ORG.UK

مكتبة
نقابة السادة الاشراف
SADAT AL-ASHRAF OFFICE

إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا

السلسلة النسابين

السيد قمر عباس الحسيني الاعرجي الهمداني عن السيد عبد الرحمن الحسيني العزي الاعرجي عن السيد حليم الاعرجي عن السيد ضياء شكارة الاعرجي عن السيد هادي جعفر الاعرجي عن النسابة النسابين فخر المحققين العلامة السيد جعفر الاعرجي الحسيني عن السيد محمد الاعرجي عن السيد جعفر الاعرجي عن السيد راضي الاعرجي عن اية الله السيد محسن الكبير الزرزور .

السيد عبد الرحمن العزي الاعرجي الحسيني
نقيب السادة الاشراف

تاريخ : 26 رمضان 1436 هجري

ANSAB@SADATALASHRAF.ORG.UK

شهادة نسب

(ولا تكتموا الشهادة ومن يكتمها فإنه آثم قلبه والله بما تعملون عليم) البقرة ٢٨٣

السيد الشريف قمر عباس الاعرجي الحسيني الهمداني بن سيد اظهر حسين شاه بن سيد فضل حسين شاه بن سيد محمد شاه سادس بن سيد حيدر شاه بن سيد تحل حسن شاه بن انور شاه بن عبدالله ثاني بن عبد الهادي بن عبدالله بن سيد احمد همداني الاعرجي الحسيني يعرف سلطان شاه بلاول بن اسماعيل بن زبير بن نور الله بن فتح الله بن حسين بن محمود بن جمال الدين حسين بن علي بن احمد كبير الدين بن نور الدين كمال بن احمد بن حسن بن مير محمد الهمداني بن مير سيد علي الهمداني يعرف بشاه همدان جد الجامع السادة الحسينية الاعرجية الهمدانية بن شهاب الدين بن محمد بن علي بن يوسف بن محمد شرف الدين بن محمد محب الله بن جعفر بن عبدالله بن محمد بن ابو القاسم علي الجلاباذي بن ابو محمد الحسن بن ابا عبدالله الحسين بن جعفر الحجة بن عبيدالله الاعرج بن الحسين الاصغر بن الامام علي زين العابدين (ع) بن الامام الحسين السبط الشهيد (ع) بن أمير المؤمنين الامام علي ابن ابي طالب (ع).

وذلك حسب المصادر المعتمدة لدى السادة الاعرجية وما اقتضته البينة من السيد قمر الاعرجي

الكويت / السبت ١٣ رجب ١٤٣٦هـ الموافق ٢ مايو ٢٠١٥م ، السيد عبدالرحمن العزي الاعرجي الحسيني

عبدالرحمن

شهادة إجازة في النسب

(ولا تكتموا الشهادة ومن يكتمها فإنه آثم قلبه والله بما تعملون عليم) البقرة ٢٨٣

إن الله غالب بعلمه وإنه القائل في محكم تنزيله (وما أوتيتم من العلم إلا قليلا) وإننا مجتهدون عاملون في علم النسب بما يقتضيه من إستلزامات وإستدراكات وتعقل وتجرد من هوى نفس، وإن هذا العلم الزاخر الفاخر في الأنساب الطالبية والعلوية له مدارس وسند وقد اجتهدنا بما فتحه الله علينا بتحصيل علومه من أساتذة وشيوخ قدر المستطاع وعلى ذلك فمنحنا الثقة والتبريك منهم وبعد حرص وجهد جهيد فقد أدركنا من أراد الاستزادة من علم ليس لنا فيه فضل أو منة بل هو من المنان الكريم العزيز فأفدنا بقدر المستطاع وبذلنا ما بأيدنا لعل الله يكتب بذلك خيرا فوجدنا بابن عمنا السيد قمر عباس بن سيد أظهر حسين شاه الهمداني الأعرجي الحسيني نجابة وفهامة وقد أثمر ذلك في إعداده لمؤلفات تخص السادة الهمدانية الحسينية اتسمت بالخير الوافر والعلم الزاخر وبهذا تقتضي منحه شهادة أجازة في النسب على أن يرجع في الاختلاف إلينا ما دام الله مان علينا بالحياة وإن قضى غير ذلك فهو مجاز على ما عهدناه عليه من الحرص والعفة وحسن الخلق والتدبير فإن ظهر عكس ذلك ببينة وبرهان فإننا نبرأ لله من ذلك هذا والله ولي التوفيق.

الكويت / السبت ١٣ رجب ١٤٣٦هـ الموافق ٢ مايو ٢٠١٥م ، السيد عبدالرحمن العزي الاعرجي الحسيني

عبدالرحمن

إقرار نقابة السادة الأشراف في باكستان

(ولا تكتموا الشهادة ومن يكتمها فإنه آثم قلبه والله بما تعملون عليم) البقرة ٢٨٣

إن نقابات السادة الأشراف على مدى قرون عديدة أثمرت في حفظ الأنساب والأحساب العلوية والطالبية والهاشمية ما دامت ملتزمة بالورع والتقوى والابتعاد عن الميول السياسية والمصالح الشخصية والأهواء المضللة، تلتزم بذلك الحق والحقيقة بكل انصاف وعلى ذلك فإننا نرى بما يتمثل بشخص ابن عمنا السيد الشريف قمر عباس الهمداني الأعرجي الحسيني صاحب المؤلفات النفيسة والمفيدة وهو معلوم الحال والأحوال قادراً وكفوءاً ليكون نقيبا للسادة الأشراف في باكستان، وعلى ذلك أهليته لشغل هذا الأمر والعمل عليه، آملين منه الالتزام بما عهدناه عليه من حسن الخلق والسيرة والتمسك في السير على جادة الحق والابتعاد عن المناكفات والميول المهلكة سائلين المولى عز وجل له التوفيق والسداد

الكويت / السبت ١٣ رجب ١٤٣٦هـ الموافق ٢ مايو ٢٠١٥م ، السيد عبدالرحمن العزي الاعرجي الحسيني

بسم الله الرحمن الرحيم

((ولا تكتموا الشهادة ومن يكتمها

فإنه آثم قلبه والله بما تعملون

عليم)) البقرة 283

Naqeeb Certificate

Since long period we knew Sayed Qomar Abbas Al-araji Alhussaini from Pakistan who is descendant from Mir Sayed Ali Hamadani Alhussaini, he published a valuable books such as "Alhussaini Sada lineages" & " Almoshajer mn awlad Alhussain Alasqar ".

Regarding for his Efforts in caring "Al-Sada Lineages" we proud to grant him "Naqeeb Certificate" and hope to him more of success and progress in saving the noble Sada lineage.

...With my Best Wishes ...

السيد عبدالرحمن العزي الأعرجي الحسيني

الكويت / الأربعاء 5 جمادى الآخر 1436 هـ الموافق 25 مارس 2015م

دیباچہ

تطہیر کے مزاج کے تیور تو دیکھئے		آل رسولؐ ساری ہی صلب علیؑ میں تھی

یہ قانون فطرت ناقابل انکار ہے کہ اصل کی خصوصیات فرع کی طرف سے منتقل ہوتے ہیں اور ہر انسان آبائی موثرات کی پیداوار اور اپنے اسلاف کی شکل وشمائل کا ورثہ دار ہوتا ہے۔ چنانچہ ہر فرد کے خدوخال میں اس کے آباؤ اجداد کے خطوط ونقوش کی جھلک کم وبیش پائی جاتی ہے۔ اگرچہ عام نگاہیں خدوخال کی باریکیاں نہیں دیکھ سکتی۔ مگر قیافہ شناس نگاہیں جسم کی ساخت چہرہ کے خطوط، انداز تکلم، اور حرکات وسکنات کے آئینہ میں بہت سی حقیقتیں دیکھ لیتی ہیں اور انہیں کسی کے آباؤ اجداد اور قوم وقبیلہ کی پہچان میں قطعاً کوئی دشواری نہیں ہوتی۔ خصوصاً سرزمین عرب کے بعض تیز نگاہ اور باریک بینی میں نمایاں امتیاز اور قیافہ شناسی میں حیرت انگیز مہارت رکھتے ہیں اور پہلی ہی نظر میں بھانپ لیتے ہیں کہ کون کس باپ کا بیٹا اور کس خاندان سے تعلق رکھتا ہے۔ قبائل عرب کے نزدیک شجرہ نسب کو بڑی اہمیت دی جاتی ہے۔ مگر اللہ عزوجل نے جو امتیاز ہاشمی ومطلبی نسل کو دیا وہ کسی کو نصیب نہ ہوسکا اور بلند اوصاف میں کوئی ان کی برابری کا دعویٰ نہ کرسکا۔ یہی وہ سلسلہ ہے جو نسلی آلودگیوں سے مبرا اور شرف اور برگزیدگی کے تاج ونگین سے آراستہ رہے۔ چنانچہ حضرت پیغمبر اکرمﷺ کا ارشاد پاک ہے۔ (کہ اللہ عزوجل نے ابراہیمؑ کی اولاد سے اسماعیل اور اسماعیل کی اولاد سے بنی کنانہ کو اور کنانہ سے قریش کو اور قریش سے بنی ہاشم اور بنی ہاشم سے مجھے منتخب کیا۔)

اس برگزیدگی اور عظمت میں حضرت علیؑ بھی شریک تھے۔ اسلیئے کہ حضرت پیغمبر اکرمﷺ اور آپ دونوں ہم نسب اور دونوں کے آباؤ اجداد ایک ہیں۔ دونوں ایک شجرہ نور کے طاہر اطہر اصلاب وارحام سے منتقل ہوتے ہوئے حضرت ہاشم تک اور پھر عبدالمطلبؑ تک منتہیٰ ہوتے ہیں۔ حضرت عبدالمطلب کے مختلف ازواج سے دس فرزند تھے۔ ان فرزندوں میں حضرت عبداللہؑ اور حضرت ابوطالبؑ حقیقی بھائی تھے۔ دونوں کی والدہ حضرت فاطمہ بنت عمرو مخزومیہ تھیں۔ حضرت عبداللہ سے رسول اکرمﷺ سے پیدا ہوئے۔ اور حضرت ابوطالبؑ سے حضرت علیؑ پیدا ہوئے۔ جو اپنے دادا حضرت عبدالمطلبؑ پر رسول اللہﷺ سے مل جاتے ہیں۔ ان بنا پر دونوں مطلبی دونوں ہاشمی دونوں قریشی اور دونوں ایک ہی شجر کے برگ وبار تھے۔ غرض حضرت علیؑ کے حصہ میں نسل وخاندان کی ہر وہ فضیلت آئی جو حضرت پیغمبر اکرمﷺ کے نام میں تھی۔ اور آنحضرت کے اتحاد نسل کے اعتبار سے اور سلسلہ آباؤ اجداد کے لحاظ سے اور شیخ البطحا حضرت ابوطالبؑ کے ذریعہ جو شرف وامتیاز انہیں حاصل ہے وہ جلالت نسبی کے ماتھے کا جھومر اور شرافت حسبی کے کلاہ کا طرہ درخشاں ہے۔ (سیرت امیر المومنین جلد اول صفحہ 64,65)۔ قرآنی آیات میں حسب نسب کے تذکرے جابجا موجود ہیں۔ معصومینؑ کے خطبات صلح اور جنگ کے موقع پر اپنے نسب پر فخر کرتے ہوئے بیان فرمایا ہے۔ (یہ سب کچھ میں اپنی کتاب صحیفہ سادات میں لکھ چکا ہوں)۔ ماضی قریب کے عظیم مئورخ علامہ سید عبدالرزاق موسوی المقرم کی کتاب العبا متن جس کا اردو ترجمہ صحیفہ وفا کے نام سے محمد ظفر الحسینی بنارس حال مقیم قم نے کیا۔ یہ کتاب کراچی سے 1998 میں شائع ہوئی۔ انساب کے بارے میں علامہ عبدالرزاق المقرم صفحہ 81 پر لکھتے ہیں (حضرت عقیل کو عرب نسب کی شناخت تھی اور وہ ان کے اچھے برے خاندانوں کو پہچانتے تھے اور اپنی حاضر جوابی کے بناء پر ان کو رکیک اور نازیبا حرکتوں پر ٹوک دیتے۔ یہ لکھتے ہیں حضرت عقیل ان لوگوں میں سے تھے۔ جن کی نظر نسب میں معتبر اور حرف آخر تھی۔ مسجد نبویؐ میں جب لوگ جمع ہوتے تو حضرت عقیل سے تاریخ انساب اور عربوں کے حالات کے متعلق سوالات کرتے۔ جس کا آپ جواب دیتے۔ اعجازات نبویہ صفحہ 61 طبع مصر)۔

اسلیئے حضرت امیر المومنین نے حضرت عقیل سے فرمایا تھا کہ میرے لئے کسی ایسی خاتون کا انتخاب کریں جن سے بہادر اور جنگ جو بیٹا پیدا ہو۔ انہوں نے فرمایا کہ آپ ام البنین سے عقد فرمائیں۔ کیونکہ عربوں میں ان کے آباؤ اجداد سے زیادہ کوئی بہادر نہیں۔ (عمدۃ الطالب)۔ یہ ایک تاریخی مکالمہ ہے جس کو میں نے نقل کردیا ورنہ ہمارا عقیدہ ہے کہ آئمہ طاہرینؑ اس عالم ہستی میں ہر اچھے اور برے کی خوبیوں اور خامیوں سے آگاہ تھے۔ علامہ عبدالرزاق موسوی فرماتے ہیں۔ بھلا یہ کیونکر ممکن ہے کہ جس کو چیونٹیوں کے نر اور مادہ کی شناخت ہوا سے عرب کے شجاع اور بہادر قبیلے کا علم نہ ہو۔ آپ کے اس جملے میں حضرت عقیل کی اہمیت کو اجاگر فرمانا تھا۔ (مدینۃ المعاجز صفحہ 115)۔

سادات عظام کے لیے ایک لمحہ فکریہ

آج اس دور میں نچلی قوم کے لوگ جب شہروں میں آکر آباد ہوتے ہیں یا جب وسائل مہیا ہوجاتے ہیں تو سید کہلانے لگتے ہیں اور سادات بھی وسائل دیکھ کر ان سے رشتہ قائم کرلیتے ہیں۔ ہم ایسے سینکڑوں خاندانوں کو جانتے ہیں اور ان کے عینی شاہد بھی ہیں۔ کہ وہ اپنے اس مرتدانہ عمل میں قطعی ندامت محسوس نہیں کرتے۔ پہلے جب سادات کے رشتے ہوتے تھے تو دونوں طرف سے شجرے دیکھائے جاتے تھے۔ اور اب شجروں کے اشاعت سے جہاں عظیم فوائد ملے تو اس سے یہ نقصان بھی ہوا کہ جعلی سادات اپنے آپ کو ان شجروں میں شامل کرلیتے ہیں۔ ان سلسلے میں ہم معصومینؑ کے ارشادات نقل کررہے ہیں۔ کہ حق نمک ادا کرسکیں۔ شیخ صدوق اپنے اعتقادیے میں لکھتے ہیں یہ حدیث مبارک

احکام شریعت صفحہ 37 انوار نعمانیہ صفحہ 177 اور احسن الفوائد طبع اول صفحہ 482 اور طبع دوئم کے صفحہ 638 پر بھی نقل ہے۔ سادات کے بارے میں ہمارا اعتقاد یہ ہے کہ جو شخص ان میں بدکار ہوگا اس کو غیر سادات سے دوگنا عذاب ہوگا۔ اور جو نیک ہوگا اس کو دوگنا ثواب ہوگا۔ سادات آپس میں ایک دوسرے کے کفو ہیں اور ہمسر ہیں۔ اس امر کی تاکید رسول کریم ﷺ کے اس فرمان سے ہوتی ہے جو آپ نے حضرت ابوطالب کی اولاد حضرت علیؑ اور جعفر طیارؑ کی طرف دیکھتے ہوئے فرمایا تھا کہ ہماری بیٹیاں ہمارے بیٹوں کیلئے اور ہمارے بیٹے ہماری بیٹیوں کیلئے یعنی یہ ایک دوسرے کے کفو ہیں۔ کفو کو لڑکیاں دو اور کفو سے لڑکیاں لو۔ نہج الفصاحت باب ہشتم صفحہ 456 حدیث 1561 تالیف علامہ سید نصیر الاجتہادی۔ رسول اللہ ﷺ کی یہ حدیث لکھتے ہیں کہ آنحضرت نے فرمایا کفو کو لڑکیاں دو اور کفو سے لڑکیاں لو۔ حضرت امام حسینؑ کا دوٹوک فیصلہ جو آپ نے ابن حکم کیلئے فرمایا۔ ہماری بیٹیاں صرف ہماری بیٹوں کیلئے ہیں اور ہماری بیٹے ہی ہماری بیٹیوں کیلئے ہیں۔ تحریم السیدات صفحہ 108 تا 110 موسوعہ کلمات الامام حسین جلد اول صفحہ 243 تا 247 العوالم جلد 17 صفحہ 87، المناقب جلد 4 صفحہ 38 بحار النوار جلد 44 صفحہ 207۔

حضرت زید شہید کا فرمان مبارک۔ ابوالفرج اصفہانی بحوالہ حسب نسب جلد 5 صفحہ 27 طبع لندن پر نقل ہے کہ حضرت زید شہید نے فرمایا۔ غیر سید کا سید زادی سے نکاح جائز نہیں۔ حضرت سیدہ زینبؑ کا فرمان جب دربار شام میں ایک شامی بدبخت نے حضرت فاطمہ بنت الحسین کی طرف اشارہ کر کے کہا کنیزی میں دے دو تو سیدہ زینبؑ نے فرمایا اے بدبخت انسان اللہ عزوجل تیرے زبان قطع کرے تیرے آنکھیں اندھی کرے۔ جہنم تیرا ٹھکانہ ہو۔ کیا تجھے معلوم نہیں یہ ذریت رسول ﷺ کسی حرام زادے کی کنیز نہیں بنا کرتی (الارشاد شیخ مفید صفحہ 231 امالی شیخ صدوق صفحہ 31 منتہا الاعمال جلد اول صفحہ 432 تا 433۔

میں دو تین سال سے اپنی بے پناہ قلمی اور مطالعاتی مصروفیت کے باوجود امام زادہ حسین الاصغر بن امام زین العابدینؑ کے بارے میں کام کر رہا ہوں۔ مجھ پر محمدؐ اور آل محمدؐ کا احسان ہے کہ شدید بیماری کے باوجود اس کام سے غافل نہ رہا۔ اب یہ کتاب انسائیکلوپیڈیا کی حثیت اختیار کر چکی ہے۔ شجروں کے سلسلے میں عام خاندان تو کجا سادات بھی یک سوئی سے متوجہ نہیں ہو پا رہے اور حضرت حسین الاصغر پہ کام کے دوران سید محسن کاظمی الحمیدی (سیداں والہ جہلم) سے ملاقات ہوئی انہیں پاکستان میں بلاشبہ ماہر انساب قرار دیا جاسکتا ہے۔ چہرے کے نور کی طرح انکا ذہن و روح بھی نورانی ہے۔ ہم کتب کا تبادلہ کرتے رہتے ہیں۔ ماضی قریب میں اولاد حسین الاصغر کا تفصیلی تذکرہ سید ظفریاب ترمذی میں اپنی کتاب انوار السادات میں کیا ہے۔ جس میں قدیمی شجرے کے زیادہ تر حوالے موجود ہیں۔ اس دوران مجھے انساب السادات الحسینی المعروف گلستان سادات ہمدانیہ میرے کرم فرماؤں نے مہیہ کی۔ تو ایسے محسوس ہوا جیسے غیب سے حسین الاصغر نے امداد فرمائی۔ یہ کتاب سید قمر عباس الاعرجی الہمدانی (سلمان آباد چوہڑ ہڑپال راولپنڈی) نے تالیف کی۔ اس کتاب میں حسین الاصغر کے فرزند عبیداللہ الاعرج اور ان کی اولاد کا تذکرہ مختصر مگر جامع ہے۔ سید محسن کاظمی الحمیدی اور ان کا رابطہ موجود تھا یہ ان دنوں عجمان میں ہوتے ہیں۔ میں نے اس کتاب پر نوٹ لکھ کر محسن کاظمی کو دکھائے تو انہوں نے فرمایا کہ وہ عجمان ضرورتاً کسب معاش کیلئے گئے ہیں اور وہ پاکستان آرہے ہیں اور آپ سے بھرپور ملاقات بھی چاہتے ہیں۔ وہ غریب خانہ پر تشریف لائے قابل رشک حد تک سادہ مگر سید محسن کاظمی کے بعد یہ شخص ایک نعمت ہے۔ انہوں نے کتب، شجروں اور انٹرنیٹ کا خوب استعمال کیا۔ مگر میں جس کتاب کو بھی لکھوں اس کے حوالے اصل کتابوں سے ہی لکھتا ہوں۔ یہ مشکل ترین ضرور ہے مگر نہ ممکن ہرگز نہیں۔ حضرت حسین الاصغر کی اولاد پر میری کتاب یقیناً مستند ہوگی۔ جس کے بیک وقت کئی ایڈیشن بھی شائع ہونگے۔ خصوصاً حسین الاصغر ٹرسٹ اسلام آباد کے چیئرمین سید امیر حسن ترمذی اس ہدیہ صلوٰۃ کے عوض مہیا کرنے کا ذمہ اٹھائے ہوئے ہیں۔ مذکورہ ہر دو نوجوان سید زادے سید محسن کاظمی الحمیدی اور سید قمر عباس الاعرجی الہمدانی کے پاکیزہ ذہنوں کو انساب و تاریخ کا کمپیوٹر قرار دیا جاسکتا ہے۔ اس کتاب کی اشاعت پر سید قمر عباس الاعرجی الہمدانی مبارک باد کے مستحق ہیں۔ اتنے سادہ اور اتنے ذہین انسان کسی بھی معاشرے میں مشکل سے ملتے ہیں۔ میں نے ان کی کتاب پر نظر ثانی کا شرف حاصل کیا ہے۔ اللہ عزوجل ان کی مسائل کو حل کرے۔ چند نایاب کتب بھی ان سے مہیا ہوئیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو ہمیشہ اس توفیق سے سرفراز فرماتا رہے۔ بحق زہرہؑ۔ بشرف زہرہؑ۔ بہ نور زہرہؑ۔ بہ عصمت زہرہؑ۔ زندہ و پائندہ صحت و سلامتی کے ساتھ زندہ رہیں۔ یہ دعا کا وسیلہ سید روح اللہ خمینی کے استاد گرامی محمد علی شاہ آبادی کا از خود ہے۔ آپ بھی دعا کرتے وقت محور حدیث کساء کا اسطرح وسیلہ دیں۔

نمک خوار سادات

شاعر آل عمران صفدر حسین ڈوگر کربلائی

ایڈیٹر ماہنامہ پیام زینبؑ

راولپنڈی مورخہ 26 اپریل 2014۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ

کسی بھی موضوع پر کتاب لکھنے سے پہلے ضروری ہے کہ اس کے مبادیات پر مختصراً کچھ روشنی ڈالی جائے سو اس پر چند سطور سپر دِ قرطاس کی جاتی ہیں۔

علم الانساب وہ علم ہے جس میں کسی فرد یا افراد کے نسب کی معرفت حاصل کی جاتی ہے اس کے بھی دیگر علوم کی طرح اپنے قواعد وضوابط، اصول وشرائط، اصطلاحات اور رموز واوقاف ہیں جن کے بغیر اس کی صحیح معرفت ممکن نہیں اور یہ علم اہل عرب سے مخصوص ہے جس طرح فلسفہ ومنطق اہل یونان، طب اہل روم، آداب نفس واخلاق اہل فارس، علم الصنائع اہل چین اور نجوم وحساب اہل ہند سے مخصوص ہیں علم الانساب اہل عرب کے مخصوص علوم میں سے ہے، غیر عرب اپنے نسب کو محفوظ نہیں رکھتے تھے جس کی وجہ سے ان کا نسب ایک دوسرے سے مخلوط ہو گیا اور وہ دوسرے نسبوں سے ملحق ہو گئے حالانکہ وہ اس نسب سے نہ تھے ان کے مقابلے میں اہل عرب نے اپنے نسب کی حفاظت کی تاکہ نہ کوئی غیر ان میں داخل ہو سکے اور نہ کوئی ان میں سے خارج ہو سکے جس کی وجہ سے ان کا نسب محفوظ اور شک وشبہ سے پاک رہا قبل از اسلام عرب اپنا نسب حضرت عدنانؑ، قحطان، حضرت اسمٰعیلؑ یا حضرت آدم علیہ السلام تک یاد رکھتے تھے اور جب مناسک حج سے فارغ ہوتے تو بازار عکاظ میں جمع ہوتے اور مجمع کے سامنے اپنا نسب بیان کرتے اور اس پر فخر ومباحات کرتے اور وہ اس عمل کو حج وعمرہ کی تکمیل کے لئے ضروری خیال کرتے تھے جب اسلام آیا تو اس نے بھی معرفت نسب کی تاکید کی بلکہ بہت سے احکام شرعیہ مثل میراث، دیت، صلۂ رحمی وغیرہ کی بجا آوری اس علم کی معرفت کے بغیر ممکن نہیں اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نسب کی معرفت تو واجب قرار دی گئی کیونکہ ان کے قرابت داروں سے محبت ہی اجر رسالت قرار دیا گیا جیسا کہ قرآن حکیم میں اللہ عزّ وجل نے فرمایا:

قل لا اسئلکم علیہ اجراً الّا المودّۃ فی القربیٰ (شوریٰ:۲۳)۱

سی طرح خمس کی ادائیگی کے لئے بھی ضروری ہے کہ سادات کے نسب کی معرفت ہو تاکہ خمس صحیح مستحقین تک پہنچ سکے ان کے علاوہ بھی بعض احکام شرعیہ کے لئے معرفتِ نسب ضروری ہے۔ ماہر انساب کو عربی میں ناسب، نسّاب یا نسابۃ کہتے ہیں اور شجرہ نویس کو مشجّر کہا جاتا ہے، نسّاب یا نسّابہ کے لئے کچھ اوصاف کا ہونا ضروری ہے مثلاً وہ قوی النفس ہو تاکہ وہ کسی کی شان وشوکت یا جاہ وحشم سے مرعوب ہو کر یا خوف کھا کر صحیح النسب کا انکار یا مردود النسب کو صحیح النسب نہ قرار دے۔ نسب کے تمام اصول وقواعد اور رموز واوقاف سے واقف ہو۔ نسب سے متعلق جدید وقدیم کتب وجرائد اور دیگر وثائق نسبیہ سے آگاہ ہو۔ محتاط ہو کسی بھی روایت کو رد یا قبول کرنے میں جلد بازی کا مظاہرہ نہ کرتا ہو۔ متقی ہو۔ عوام میں اوصافِ حمیدہ اور خصائلِ پسندیدہ کا حامل ہو، تاکہ لوگ اس کے قول پر اعتماد کریں وغیرہ وغیرہ۔

جب ہم تاریخ اسلام کا مطالعہ کرتے ہیں تو ہمیں پہلی صدی ہجری میں حضرت عقیل بن ابیطالبؑ، ابو محمد سعید بن مسیّب بن حزن المخزومی القرشی، دغفل بن حنظلہ بن زید سدوسی الذہلی الشیبانی البصری جو کہ علم الانساب میں ضرب المثل تھے، دوسری صدی میں ابوعبداللہ محمد بن اسحاق مطّلبی صاحب السیرۃ، ابوعبداللہ محمد بن ابراہیم طباطبا جو کہ ابن طباطبا کہلاتے تھے، ابی مخنف لوط بن یحییٰ الازدی الغامدی، ابوہلال لقیط بن بکیر المحاربی، ابوالنضر محمد بن مالک بن السائب الکلبی الکوفی، ابوالحکم عوانہ الکلبی، ابوالیقظان النسابہ، عبداللہ بن عقیل عقیلی الطالبی جیسے جیّد علمائے انساب نظر آتے ہیں، تیسری صدی میں ابومنذر ہشام بن محمد بن سائب الکلبی صاحب جمہرۃ النسب، ابوعبداللہ مصعب الزبیری صاحب نسب قریش، زبیر بن بکار صاحب جمہرۃ نسب قریش واخبارہا، زید الشبیہہ بن علی الزیدی، السیّد الشریف نقیب العلویین حسین بن ابی الغنائم احمد الزیدی صاحب الغصون فی آل یٰسین، ابوالحسین یحییٰ بن حسن العبید لی صاحب المعقبین، ابوطاہر احمد بن عیسیٰ المبارک العمری العلوی، ابوعبداللہ احمد بن محمد المعروف ابن طباطبا، محمد الجوانی بن یحییٰ النسابہ، ابوعلی محمد الحرّانی بن ابراہیم، چوتھی صدی میں محمد المعروف ابن المہلوس الموسوی، علی بن احمد العقیقی الاعرجی، ابوالفرج علی الاصفہانی صاحب مقاتل الطالبیین، ابونصر سہل بن عبداللہ البخاری صاحب سر السلسلۃ العلویۃ، ابن اخی طاہر عبیدلی الاعرجی، ابومحمد حسن الطبری المرعشی، طاہر بن یحییٰ النسابہ، ابوعلی عمر موضع النسابہ بن علی بن حسن عمری العلوی، ابوالحسین احمد بن عمران الاشنانی النسابہ، احمد بن ابی جعفر محمد بن احمد بن ابراہیم طباطبا، ابن خداع حسین بن جعفر علوی، ابن المنتاب التغلبی الکوفی، پانچویں صدی میں سیّد ابوالحسن نجم الدین علی العمری العلوی صاحب المجدی فی انساب الطالبیین، ابوالحسن محمد شیخ الشرف العبید لی صاحب نہایۃ الاعقاب، شیخ الشرف ابوحرب محمد بن حسن بن حسین الافطسی، ابوالمعمر یحییٰ المعروف ابن طباطبا صاحب ابناء الامام فی مصر والشام، ابراہیم بن ناصر المعروف ابن طباطبا صاحب منتقلۃ الطالبیۃ، ابوعبداللہ حسین المعروف ابن طباطبا بن ابیطالب محمد صاحب تہذیب الانساب المسمّی بحر الانساب، ابن حزم الاندلسی وغیرہ، چھٹی صدی میں اسعد العبید لی الاعرجی الجوانی، ابوعلی محمد الجوانی اسعد العبید لی، ابوجعفر محمد الموسوی الہارونی صاحب نسب سادات ملوک بلخ، ابن فندق البیہقی صاحب لباب الانساب، ساتویں صدی میں عزالدین ابی القاسم احمد الحسینی الحلبی المصری نقیب الاشراف، عزالدین ابوطالب اسمٰعیل المروزی الازورقانی صاحب الفخری فی انساب الطالبیین، فخار بن معد الموسوی، آٹھویں صدی میں تاج الدین ابوعبداللہ محمد المعروف بہ ابن معیّہ، ابوالفضل احمد بن محمد بن المہنّا صاحب

التذکرۃ فی انساب المطہّرۃ، ابن طقطقی صاحب الاصیلی فی انساب الطالبیین، ابن الفوطی البغدادی، نویں صدی میں ابوطالب حمزہ الدمشقی، عمدۃ النسابین ابن عنبہ احمد بن علی بن حسین صاحب العمدۃ الطالب فی نسب آل ابیطالبؑ وغیرہ یہ سب وہ نسّابین ہیں جن پر علم الانساب کو ناز ہے نظر آتے ہیں بعد کے ادوار میں ابوالحسن علی بن ماجد المدنی العبدلی الرفاعی البحرانی، ابن محفوظ جعفری، احمد بن محمد بن عبدالرحمن کیاؔ الجیلانی صاحب سراج الانساب، سراج الدین محمد قاسم المختاری الحسینی صاحب الاسدیہ، ابوعبداللہ حسین السمرقندی صاحب تحفۃ الطالب، ابوعلی محمد العمیدی الحسینی النجفی صاحب مشجر الکشاف، محمد الیمانی النقوی المعروف ابن بحر الاہدل صاحب تحفۃ الدہر فی نسب الاشراف بنی بحر، ضامن بن شدقم صاحب تحفۃ الازہار وزلال الانہار، ابوالحسن محمد الحسنی الیمانی صاحب روضۃ الالباب وتحفۃ الاحباب، زین الدین علی بن حسن بن شدقم الحسینی الحمزی المدنی صاحب زہرۃ المقول فی نسب ثانی فرعی الرسول، احمد بن محمد الحسینی الاردکانی صاحب الشجرۃ الاولیاء فی انساب اولاد الآئمۃ علیہم السلام، مرتضیٰ الزبیدی صاحب القاموس، صائغ البحرانی الغریفی الموسوی صاحب الشجرۃ الطیبۃ فی الارض الخصبۃ، ابوعبداللہ جعفر بن محمد الاعرجی البغدادی الکاظمی صاحب مناہل الضرب، عبداللہ الموسوی البحرانی، آیۃ اللہ حسین طباطبائی بروجردی، محمد علی روضاتی صاحب جامع الانساب، خاتم النسابین آیۃ اللہ شہاب الدین مرعشی النجفی وغیرہ وہ افراد ہیں کہ جن کے بغیر علم الانساب کی تاریخ نامکمل اور ادھوری ہے جب ہم برصغیر میں علم الانساب پر کام کرنے والوں کی تاریخ پر نظر دوڑاتے ہیں تو قدماء میں محمد بن جعفر صاحب بحر الانساب سب میں مقدم نظر آتا ہے مگر بدقسمتی سے ان کی یہ کتاب آج تک زیورِ طباعت سے آراستہ نہ ہوسکی اس کا مخطوطہ پٹنہ لائبریری میں محفوظ ہے اس کے بعد سیّد محمد کاظم یمانی آتا ہے کہ جس کی کتاب النفحۃ العنبریۃ ایران سے طبع ہوچکی ہے اس کے بعد معین الحق جھانسوی کی کتاب منبع الانساب کا نمبر آتا ہے یہ کتاب بھی طبع نہ ہوسکی اور اس وقت اس کا مخطوط برٹش میوزیم لائبریری لندن میں محفوظ ہے یہ سب لوگ نویں صدی ہجری کے نسابین میں سے تھے ان کے بعد ملک الکتاب شیرازی کی ریاض الانساب، محمد بن احمد محمودی کی تذکرۃ السادات اور مجمع الانساب جیسی کتابیں معرض وجود میں آئیں تیرہویں صدی کے ہندی نسابین میں سیّد جیون شاہ بن جمال شاہ بن شاہ صفدر موسوی الاسحاقی المشہدی ان کے برادرِ کلاں ملائک شاہ المعروف ولایت شاہ، محمد شاہ ہزاروی صاحب گلزارِ موسیٰ کاظمؑ، محمد عالم ہزاروی صاحبِ انساب السادات، محمد شاہ کاظمی سیّداں کسرانوالہ صاحب نسب نامہ شریف، شیخ محمود بن جیون شاہپوری صاحب المشجرات، مبارک شاہ بن رسول شاہ بن قطب شاہ مشہدی الکاظمی وہ ماہرینِ انساب تھے جنہوں نے انساب سادات کو مدوّن کیا چودہویں اور پندہرویں صدی میں ظفریاب حسینی کی انوار السادات، علامہ غلام حسن کاظمی مظفرآبادی کی تذکرہ اولاد امام موسیٰ کاظمؑ، تجمل حسین نقوی کی باغ سادات، ریاض الانساب جیسی کتابیں منصۂ شہود میں آئیں اسی صدی میں دیگر نسابین ومشجّرین میں کریم حیدر شاہ چکلوی کہ جن کی کتاب حمید الجواہر، حسین شاہ کنوری صاحب عقدۃ الجوہر، محمد شاہ صاحب جامع السیّدات اور قبلہ والدم السیّد النّسابہ گل حسن شاہ المعروف میاں شاہ موسوی المشہدی مظفرآبادی وہ قابلِ ذکر افراد ہیں جن کی وجہ سے نہ صرف یہ کہ انسابِ سادات پر بہت سا کام ہوا بلکہ سادات کا نسب دست بردِ زمانہ سے محفوظ رہا مگر بدقسمتی سے ان میں سے کسی کا کام بھی منظرِ عام پر نہ آسکا۔

عصر حاضر میں تو نسب کی اہمیت ہی ختم ہوکر رہ گئی بہت کم لوگ ایسے ہیں جن کو نسب سے واقفیت اور دلچسپی رہ گئی ہے انہی میں سے جناب قمر عباس اعرجی الحسینی الہمدانی ہیں کہ جن کی کتاب المشجر کے لئے یہ مقدمہ سپرد قرطاس کیا جارہا ہے موصوف اس سے پہلے یہی کتاب دوسرے نام سے طبع کرواچکے ہیں پہلا ایڈیشن میری نظر سے گزرا دیکھ کر خوشگوار حیرت اور خوشی ہوئی کہ پاکستان میں کسی نے نسب پر کتاب لکھی اور اس میں نہ صرف یہ کہ ہندی مصادر کو بلکہ قدیم عربی مصادر کو بھی زیرِ بحث لایا گیا سادات ہمدانیہ اعرجیہ کے نسب پر اس سے پہلے کسی نے بھی اس طرح کام نہ کیا تھا جس طرح کہ موصوف نے کیا اور امید ہے کہ موصوف آیندہ بھی انساب سادات پر مفید اور تحقیقی کتب پیش کرتے رہیں گے۔

السیّد ابوزہراء فدا حسین موسوی مظفرآبادی

امین العام نقابۃ السادات الاشراف پاکستان

۳۰ اپریل ۲۰۱۴ء

پیش لفظ

قارئین اللہ پاک کی کرم نوازی سے علم الانساب میں میری دوسری کتاب جس کا نام کتاب المشجر من اولاد حسین الاصغر فی التفصیل انساب السادات الحسینی معہ تاریخ سادات ہمدانیہ ہے۔ میں نے مزید تحقیق کی اور امام زادہ حسین الاصغر کی اولاد پر کافی کچھ نیا اضافہ بھی کتاب کیا۔ سب سے پہلے یہ بات زیر بحث لانا چاہتا ہوں کہ علم نسب میں پشتوں کے حساب سے حسین الاصغر کی اولاد کس طرح جارہی ہے۔ آج دنیا میں جہاں جہاں امام زادہ حسین الاصغر بن امام زین العابدینؑ کی اولاد موجود ہے۔ انہوں نے اپنے شجرے ترتیب دیئے ہوئے ہیں۔ مگر پھر بھی ان میں پشتوں کی کمی یا زیادتی کا فرق ضرور پایا جاتا ہے۔ جو علاقائی ماحول، ثقافت، علم، اور معاشی وجوہات کی وجہ سے ممکن ہے۔ بعض علاقوں میں جلد شادی کا رواج ہوتا ہے۔ مثلاً ایک شخص کی شادی 18 سال میں ہوئی اور 19 میں ایک بیٹے کا باپ بن گیا۔ تب اگر اس کے بیٹے کی بھی 18 سال میں شادی ہوئی تو اول فرد 38 سال میں دادا اور 46 یا 47 سال میں پردادا بن جائے گا۔ ایسا آج کے دور میں کم ہے۔ کیونکہ معاشی نظام اسطرح کا ہے کہ پڑھنے لکھنے کے بعد نوکری اور پھر شادی تک لڑکے کی عمر 32 یا 34 سال تک ہوجاتی ہے۔ بعض جگہ جہاں لوگ معاشی طور پر اسودہ ہیں وہاں پر بھی شادی 24 یا 25 سال میں ہوتی ہے۔ مگر سابقہ زمانہ میں یعنی 1700 سے 1950 تک اور اس پہلے جلد شادی کرنے کا رواج ہی تھا۔ مذہبی طور پر بھی شادی جلد کرنے کے احکام ہیں۔ ایسی صورت میں پشتوں کے زیادہ ہونے کا احتمال ہے۔ دوسری صورت ثقافت کی ہے۔ کچھ لوگ اپنی خاندانی ثقافت کے طور پر بچوں کی شادیاں جلد کردیتے ہیں۔ تاکہ وہ برائی کی جانب راغب نہ ہوسکیں اور پھر ان کے بچوں کی شادیاں بھی جلد ہوجاتی ہیں۔ اسطرح بڑے بیٹے کی اولاد جلد بڑھ جاتی ہے۔ اور نسل زیادہ لمبی ہوتی ہے۔ اسی طرح بعض جگہوں پر شادیاں تاخیر سے ہوتی ہیں اور اولاد بھی تاخیر سے ہوتی ہے۔ جس کی وجہ سے ایک ہی نسل کی پشتیں کم یا زیادہ ہوسکتی ہیں۔ مسٹر جارج اپنی کتاب ہسٹری آف دی فیملی میں لکھتا ہے۔ ایک صدی میں پانچ پشتیں ہوسکتی ہیں اور ایسا ممکن بھی ہے۔ اب امام زادہ حسین الاصغر کی اولاد کا جائزہ لے سکتے ہیں۔ امام زادہ حسین الاصغر سے لیکر ہم ہمدانی اور دوسرے سادات تک پشتیں 43، 44، 45 ہوتی ہیں۔ جبکہ یہ ان کے بیٹے عبیداللہ الاعرج کے ہیں۔ امام زادہ حسین الاصغر کے دوسرے بیٹے حسن الدکہ کی اولاد سے پشتیں 35، 36، 37، بنتی ہیں۔ جو کہ سادات مرعشیہ ایران میں مقیم ہیں۔ اسی طرح علی بن حسین الاصغر کی اولاد جو ہندوستان میں ان کی پشتیں بھی 42، 43، بنتی ہیں۔ عبیداللہ الاعرج کے بیٹے جعفر الحجہ سے ہمدانی سادات کا نسب ملتا ہے۔ ان کے بڑے بیٹے ابومحمد الحسن کی اولاد جو کہ مدینہ، مصر اور عراق میں آباد ہے کی بھی اوسط پشتیں 42 سے 45 ہیں۔ اب ہم ہمدانیوں میں علی گڑھ کی سادات کا جائزہ لیتے ہیں۔ جن کی پشتیں سید عزیز الدین حسین کے شجرے تک 44 بنتی ہیں۔ ان میں بعض افراد کے شجرے مکمل دستیاب نہ ہوسکے۔ تاہم 38 سے 44 تک ان کے شجروں کی پشتیں ہیں۔ پھر عبداللہ العققی بن حسین الاصغر کی اولاد سے ایران میں سادات میگون کی اوسط پشتیں 41 ہیں۔ تاہم سادات ہمدانیہ جو جعفر الحجہ کے چھوٹے بیٹے حسین کی اولاد سے ہیں اور ان کے بڑے بیٹے حسن کی اولاد جو مدینہ میں ہے کی پشتیں متفق ہیں۔ بعض نسابین کے نزدیک 46 یا 47 پشتیں مقبول ہیں۔ اور کم سے کم 30 اور 31 تاہم بعض حضرات 49 اور 50 کے قائل بھی ہیں۔ سادات ہمدانیہ آزاد کشمیر کی اوسط پشتیں 41، 42 ہیں اور سادات ہمدانیہ مقبوضہ کشمیر کی اوسط پشتیں 35 سے 37 ہیں۔ اب ہم سادات ہمدانیہ جو شاہ بلاول کی اولاد ہیں کا جائزہ لیتے ہیں۔ شاہ بلاول پر تحقیق کرنے والے سید عبدالرحمان ہمدانی المعروف رضا شاہ کے مطابق آپ 1715 میں انتقال فرما گئے۔ جو تواریخ سے ثابت ہوتا ہے۔ جب آپ کا انتقال ہوا تو آپ کے پوتے بھی شادی شدہ تھے اور صاحب اولاد تھے۔ اس حساب سے آپ کے انتقال سے اب تک تین صدیاں بنتی ہیں۔ ایسی صورت میں آپ کی اولاد میں زیادہ سے زیادہ 13 یا 14 پشتیں ہونی چاہیں۔ فی زمانہ کے حساب سے آپ مولا علیؑ کی 33 ویں پشت میں سے تھے۔ اس سے زیادہ پشتوں کا ہونا درست ثابت نہیں ہوتا۔ بعض جگہ سادات نے شجرے نقل کرنے میں بھی پشتوں کا غلطی سے اضافہ کردیا ہے۔ جو نقل درنقل اب بھی ویسے ہی ہے۔ پاکستان وہند میں علم الانساب کا مستقل کوئی ادارہ نہ ہونے کی وجہ سے یہ مسائل پیدا ہوگئے ہیں۔ اب علم الانساب کی ان اضافی کتابوں کا ذکر کرتے ہیں جو اس بار ہماری تحقیق میں رہیں۔ کتاب المعقبین از سید یحییٰ نسابہ۔ منتقلہ الطالبیہ از ابن سید قاسم الرسی۔ شجرہ طیبہ از سید فاضل الموسوی الصفوی۔ مناہل الضرب از سید جعفر الاعرجی۔ المعقبون از سید مہدی رجائی۔ صحاح الاعقاب از سید نبیل الاعرجی۔ تہذیب الانساب از شیخ شرف العبید لی۔ ورود سادات در افغانستان از مروج بلخابی۔ نسب نامہ سادات جلالیہ ہمدانیہ از سید مکرم حسین مجتہد۔ اشجار الکمال از سید کمال الدین حسین ہمدانی۔ کتاب الروض والمطار۔ اب میری سادات عظام سے گزارش ہے کہ اپنی بیٹیوں کی شادیاں سادات خاندانوں میں ہی کریں اور اس طاغوتی دور میں اپنے اسلاف کی روایات کو محفوظ رکھیں۔

والسلام

النسابہ المحقق سید الشریف قمر عباس الاعرجی الہمدانی

نقیب سادات الاشرف پاکستان

فہرست

شجرہ نسب مؤلف

(1) سید قمر عباس شاہ الاعرجی الھمدانی بن
(2) سید اظہر حسین شاہ حسینی الھمدانی بن
(3) سید فضل حسین شاہ بن
(4) پیر سید محمد شاہ سادس بن
(5) پیر سید حیدر شاہ سرکار بن
(6) غوث زمان باوا سید سخی گل حسن شاہ ھمدانی بن
(7) سید انور شاہ ھمدانی بن
(8) سید شاہ عبداللہ ثانی بن
(9) سید شاہ عبدالھادی بن
(10) سید شاہ عبداللہ ھمدانی بن
(11) سید سخی سلطان احمد شاہ بلاول نوری بن
(12) سید شاہ اسماعیل ھمدانی بن
(13) سید شاہ زبیر ھمدانی بن
(14) سید شاہ نوراللہ ھمدانی بن
(15) سید شاہ فتح اللہ ھمدانی بن
(16) سید شاہ حسین ھمدانی بن
(17) سید شاہ محمود ھمدانی بن
(18) سید جمال الدین حسین بن
(19) سید علی المعروف میر سیاہ پوش بن
(20) سید احمد کبیر الدین بن
(21) سید نورالدین کمال بن
(22) سید شاہ احمد قتال بن
(23) میر سید حسن ھمدانی بن
(24) میر سید محمد ھمدانی بن
(25) قطب الاقطاب میر سید علی ھمدانی المعروف شاہ ھمدان بن
(26) سید شاہ امیر شہاب الدین سیاہ بزاش بن
(27) میر سید محمد الباقر حسینی بن
(28) میر سید علی الاکبر الوندی بن
(29) میر سید یوسف الحسینی بن
(30) میر سید محمد شرف الدین بن
(31) میر سید محمد محبّ اللہ بن
(32) ابوالکامل میر سید جعفر بلخی بن
(33) میر سید عبداللہ بلخی بن
(34) میر سید محمد اول جلا آبادی بن
(35) ابوالقاسم میر سید علی جلا آبادی بن
(36) ابوعلی حسن الامیر بن
(37) اباعبداللہ الحسین بن
(38) امام زادہ جعفر الحجۃ بن
(39) امام زادہ ابوعلی عبیداللہ الاعرج بن
(40) امام زادہ اباعبداللہ حسین الاصغر بن
(41) امام علی زین العابدین السجاد علیہ السلام بن
(42) سید الشہداء امام حسین علیہ السلام بن
(43) امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمدللہ رب العالمین، تعریف اور ستائیش کے لائق وہ ذات برتر ہے، جس نے انسان جیسی بے ذکر مخلوق کو پیدا کیا۔ اس کو بولنا، سننا اور دیکھنا سکھایا۔ اس کو علم دیا، تا کہ اپنے ارد گرد کے ماحول کو جان سکے اور اس کی نشو و نما کے لیے تمام اسباب مہیا کیے، حتیٰ کہ اس کی تعلیم و تربیت کے لیے انبیائے کرام علیہم السلام کو مبعوث فرمایا اور انسان کی پہچان کے لیے اس کے قبائل بنائے تا کہ وہ پہچانا جائے۔ اللہ نے روئے زمین پر تمام بنی آدم علیہ السلام میں سے ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کی اولاد کو منتخب فرمایا، جیسا کہ اس کا ذکر قرآن پاک میں بھی ہے: ''ابراہیم نے خالق سے عرض کی کہ میری ذریت اور اولاد کو بھی ایسا ہی بنا دے اللہ نے فرمایا میرا عہد ہے تیرے ان فرزندوں کو نہ پہنچے گا جو ظالم ہوں گے۔'' یعنی اللہ تعالیٰ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے خطاب کرتا ہے اور احسان کے طور پر فرماتا ہے کہ میں نے تجھے خلائق کا امام اور پیشواء بنایا تب حضرت ابرہیم علیہ السلام نے مذکورہ بالا دعا فرمائی جو قرآن مجید میں مرقوم ہے۔ جس سے ثابت ہوتا ہے کہ اللہ نے بنی نوع انسان میں سے اولاد ابرہیم کو منتخب کیا اور ان کو فضیلت بخشی اس کے بعد اللہ نے اولاد اسماعیل علیہ السلام کو بنی ابراہیم میں سے منتخب کیا اور دوسروں پر فضیلت بخشی۔

واثلہ بن اسقع سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ نے اولاد اسماعیل علیہ السلام میں سے بنی کنانہ کو منتخب فرمایا اور بنی کنانہ میں سے قریش کو منتخب فرمایا اور قریش میں سے بنی ہاشم کو اور بنی ہاشم میں سے مجھے۔'' (1) یعنی بنی ہاشم کو تمام اولاد اسماعیل علیہ السلام پر برتری دی گئی اور بنی ہاشم میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سب سے بڑھ کر فضیلت دی گئی اور اور اولاد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں سے بنی فاطمہ سلام اللہ علیہ کو سب سے زیادہ عزت اور بزرگی حاصل ہوئی کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نسب بی بی فاطمہ الزہرہ سلام اللہ علیہ سے چلا او قیامت تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد امام حسن علیہ السلام اور امام حسین علیہ السلام سے جاری رہے گی اور اس نسل کو اللہ نے تمام بنی نوع انسان میں عزت اور بزرگی عطا کی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خاندان تمام خاندانوں میں سے بہتر اور افضل ہے۔

مطب بن ابی وداعۃ سے مروی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اے لوگو! میں محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب ہوں، اللہ نے خلقت کو پیدا کیا پس مجھ کو افضل مخلوق (انسان) میں رکھا۔ پھر ان کو قبیلہ قبیلہ بنایا پس مجھ کو سب سے بہتر قبیلے میں رکھا۔ الغرض میں بلحاظ خاندان تم سب سے بہتر ہوں اور بلحاظ قبیلے کے تم سب سے بہتر ہوں اور نسب کی رو سے تم سب سے بہتر ہوں۔'' (2) اور اولاد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام انبیائے کرام کی اولادوں سے افضل ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ نے ہر نبی کی اولاد اس کے صلب میں رکھی اور میری اولاد علی کے صلب میں رکھی۔'' (3,4,5,6,7,8) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد جو بنی فاطمہ سلام اللہ علیہ ہیں قیامت تک جاری رہے گی۔ اور ان کی محبت امت پر فرض ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ تمنا قرآن پاک میں اس طرح ہے: ''یعنی اے رسول کہہ دیجئے! میں تم سے کارِ رسالت نہیں مانگتا مگر میرے قرابت داروں سے محبت کرو۔'' ریان بن صلت سے مروی ہے کہ امام علی رضا علیہ السلام خراسان میں تھے اور مرو میں مامون الرشید کے دربار میں گئے وہاں علمائے خراسان اور علمائے عراق جمع تھے تب امام علی رضا علیہ السلام سے سورۃ فاطر کی ایک آیت کے بارے میں مامون الرشید نے پوچھا کہ اس کا کیا مطلب ہے: ﴿ثُمَّ أَوْرَثْنَا الْكِتَابَ الَّذِينَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَ﴾ (سورۃ فاطر 35:32) ''پھر ہم نے کتاب کا وارث ان لوگوں کو بنایا جن کو ہم نے اپنے بندوں میں منتخب کیا۔'' اس پر حاضرین علما نے کہا کہ بندوں سے مراد امت محمدی ہے جب کہ امام علیہ السلام نے فرمایا: ''اس سے مراد عترتِ رسول یعنی اولاد رسول ہے۔'' (9,10)

یہ سادات رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رشتہ دار اور قرابت دار ہیں۔ محی الدین ابن العربی تفسیر ابن العربی جلد دوم صفحہ نمبر 432 میں آل محمد علیہ السلام کا تعین کرتے ہوئے لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریبی رشتہ دار کون ہیں جن کی محبت اور مودت ہم پر واجب کی گئی ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''وہ علی، فاطمہ، حسن، حسین اور ان کی اولاد ہیں۔'' (11) اور الہامیہ شرح ہدایۃ النحو کے صفحہ نمبر 10 میں ہے: ''آل دو قسم پر ہے حسبی اور نسبی اور درود شریف میں آل نبی ہے جو ہمارے اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درمیان وسیلہ ہے۔'' (12) اسی لیے سادات بنی فاطمہ الزہرہ سلام اللہ علیہ پر صدقہ حرام ہے اور اس کو محدثین نے اپنی کتابوں میں روایت کیا ہے: ''سید وہ ہے جس پر روز قیامت تک صدقہ حرام ہے۔'' (13) ایک اور جگہ پر بیان ہے: ''حضرت امام حسن اور امام حسین علیہ السلام اور ان کی اولاد کے لیے سیادت مخصوص ہے ان کی اولاد سے مرد ہوں یا عورت ہوں وہ قیامت تک سید رہے گا اور ساری کائنات پر ان کی تعظیم ہمیشہ کے لیے واجب ہے۔'' (14)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''حسن اور حسین دونوں میرے بیٹے ہیں اور میری بیٹی کے بیٹے ہیں۔ اے اللہ میں ان کے ساتھ محبت رکھتا ہوں تو بھی ان کے ساتھ محبت رکھ اور جوان کے ساتھ محبت کرے اس کے ساتھ محبت رکھ۔'' (15,16,17,18) اور اسی طرح بہت سی جگہوں پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حسنین کریمین علیہ السلام کو خصوصی طور پر یاد رکھا کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد قیامت تک امام حسنین کریمین علیہ السلام سے جاری رہے گی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان حضرات کی شان میں یہ بھی فرمایا ہے: ''حسن اور حسین اہل جنت کے سردار اور رئیس ہیں اور یہ اپنے والد کے ہمراہ سب سے پہلے میرے پاس حوض کوثر پر وارد ہوں۔'' اور حسنین کریمین علیہ السلام کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بیٹا ہونا قرآن پاک سے بھی ثابت ہے: ﴿فَمَنْ حَآجَّكَ فِيهِ مِن بَعْدِ مَا جَاءكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْاْ نَدْعُ أَبْنَاءنَا وَأَبْنَاءكُمْ وَنِسَاءنَا وَنِسَاءكُمْ وَأَنفُسَنَا وأَنفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَل لَّعْنَةَ اللّهِ عَلَى الْكَاذِبِينَ﴾ (آل عمران 3:61) ''پس جو کوئی اس باب میں تیرے پاس علم آنے کے بعد جھگڑا کرے پس کہہ دو کہ آؤ ہم اپنے بیٹوں کو بلائیں تم اپنے بیٹوں کو بلاؤ ہم اپنی عورتوں کو بلائیں تم اپنی عورتوں کو بلاؤ ہم اپنے نفسوں کو بلائیں تم اپنے نفسوں کو بلاؤ اور پھر مباہلہ کریں اور جھوٹوں پر اللہ کی لعنت کریں۔'' سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جب یہ آیت نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ، فاطمہ سلام اللہ علیہا اور حسن و حسین علیہ السلام کو طلب کر کے فرمایا: ''یہ میرے اہلبیت ہیں۔'' (19,20) اس آیت سے بڑھ کر اہلبیت کے افضل ہونے پر اور قوی دلیل کیا ہو سکتی ہے اور اہلبیت سے مراد حضرت علی علیہ السلام، جناب بی بی فاطمہ سلام اللہ علیہا اور حسن و حسین علیہ السلام ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس آیت کے نزول کے بعد مباہلہ کے وقت ایک پہلو میں امام حسن علیہ السلام اور دوسرے پہلو میں امام حسین علیہ السلام کو لیا آگے جناب علی کرم اللہ وجہہ پیٹھ کے پیچھے جناب بی بی فاطمہ الزہرہ سلام اللہ علیہ کو جگہ دی پس معلوم ہوا کہ حق سبحانہ نے علی المرتضیٰ علیہ السلام کو نفس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی اولاد (حسن و حسین علیہ السلام) کو اولاد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمایا اور رسول کی بیٹی کو نساء فرمایا ہے۔ (21,22) ابو رافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''آل محمد کے لیے صدقہ حلال نہیں ہے اور مومنین کے حاکم اور سرداران میں سے ہی ہوں گے۔'' (23) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''ہم اولاد مطلب کا گروہ بہشت والوں کے سردار ہیں یعنی میں، علی، حمزہ، جعفر، حسن، حسین اور مہدی۔'' (24)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اے لوگو میں تمہارے درمیان دو گراں بہا چیزیں چھوڑنے والا ہوں ایک قرآن جو آسمان سے زمین تک ایک پھیلی ہوئی رسی ہے اور دوسری میری اہلبیت یہ دونوں ایک دوسرے سے ہرگز جدا نہ ہوں گے حتیٰ کہ حوض کوثر پر دونوں میرے پاس وارد ہوں گی۔'' (25) ایسی ہزاروں حدیثیں ہیں جو اہلبیت کی شان میں بیان کی گئیں جن کو اہل اسلام نے اپنی معتبر کتابوں میں نقل کیا ہے

تاریخ علم الانساب

علم الانساب یعنی نسب دانی کا علم اہل عرب میں شروع سے ہی رہا ہے۔ دنیا کی باقی اقوام سے اہل عرب کو یہ امتیاز شروع سے حاصل رہا ہے کہ ان میں نسب جمع کرنا اور ان کو کتابی شکل میں محفوظ رکھنا چلا آ رہا ہے، جبکہ دنیا کی دیگر اقوام کے حالات اور شجرے اس طرح سے نہیں ملتے۔ یہ شرف اہل عرب کو حاصل ہے کہ نسل در نسل ہر شجرہ محفوظ رکھی جاتی ہے تا کہ آنے والی نسلوں تک ان کے اسلاف کی تفصیل پہنچ سکے۔ یہ خصوصیت آل اسماعیل میں شروع سے رہی ہے۔ اہل عرب میں با قاعدہ لکھی جانے والی انساب کی کتابیں تو بہت ہیں لیکن ان میں اول کون سی ہے اس بارے میں اختلاف ہے، کیونکہ اس وقت قلمی نسخے ہوتے تھے اور کئی نسخے گردش زمانہ کی نظر بھی ہو جاتے تھے۔ تاہم پھر بھی چند نام قابل ذکر ہیں۔ ان میں ابی المنذر رہشام بن محمد السائب الکلبی (المتوفی 204 یا 206 ہجری) کی کتاب جمہرۃ الانساب (26) مشہور ہے۔ جس میں اہل عرب کے شجرے ہیں، لیکن ابن الندیم اور دیگر علما ان سے قبل بھی کچھ علمائے انساب کا ذکر کرتے ہیں جو یہ ہیں۔ محمد بن السائب الکلبی (146 ہجری) ابو مخنف لوط بن یحییٰ الکلبی (اوسط قرون دوئم) ابو الیقظان سحیم بن حفض یا عامر بن حفض (190 ہجری) ابن ابی مریم مورج بن عمرو السدوسی (195 ہجری) ابی المنذر رہشام بن محمد السائب الکلبی (204 یا 206 ہجری) مصعب بن عبداللہ الزبیری اور ھیشم بن عدی (207 ہجری) اور ابوالحسن علی بن محمد المدائنی (215 ہجری) زبیر بن بکار قریشی (235 ہجری) خلیفہ بن شباب الاصفری (240 ہجری) ہیں۔ (27) اور یہ نام بالترتیب زمانہ ہیں۔ ان میں بعض کتابیں عرب میں مشہور ہیں، جیسے زبیر بن بکار قریشی کی کتاب ''نسب القریش'' اس کے علاوہ مبرد کی کتاب ''نسب عدنان وقحطان'' اور بلازری کی کتاب ''الانساب الاشرف'' قابل ذکر ہیں۔ لیکن یہ کتابیں عرب اور دیگر اہل قریش اور بنی عدنان کی تفصیل پر مشتمل ہیں جبکہ حضرت ابوطالب علیہ السلام کی اولاد کا شجرہ جس پر اول کتاب تحریر کی گئی اور جو بعد میں لکھی جانے والی علم الانساب کی تمام کتابوں کے لیے مشعل راہ ہے وہ سید ابی الحسین یحییٰ نسابہ بن ابو محمد الحسن بن جعفر الحجۃ بن عبیداللہ الاعرج بن حسین الاصغر بن امام ذین العابدین علیہ السلام بن سید الشہداء امام حسین علیہ السلام بن امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام نے لکھی جو تیسری صدی کی کتاب ہے۔ (28) آپ ہی وہ پہلی شخصیت ہیں جنہوں نے آل محمد کے نسب کو لکھا۔ (29) آپ نے سب سے پہلے آل ابی طالب کے شجرے اکھٹے کئے۔ (30)

مندرجہ ذیل کتابوں کے مطالعہ کے بعد کتاب ہذالکھی گئی

(1) کتاب سر الانساب العلویہ: علامہ النسابہ شیخ ابی نصر سہل بن عبداللہ بن داؤد بن سلیمان بن ابان بن عبداللہ بخاری۔ المتوفی بعد سن 341 ہجری نجف الاشرف

(2) کتاب منتقلة الطالبیہ: علامہ نسابہ الشریف ابی اسماعیل سید القاسم الرسّی بن ابرہیم طباطبا بن اسماعیل الدیباج بن ابراہیم الغمر بن حسن المثنیٰ ابن امام حسن علیہ السلام۔ 5 صدی ہجری، غری شریف

(3) کتاب الشجرہ المبارکہ فی النساب الطالبیہ: علامہ امام فخر الدین الرازی صاحب تفسیر الکبیر مکتبہ جامع السلطان احمد الثالث فی استنبول۔ المتوفی سن 606 ہجری

(4) کتاب الحجة علی الذاهب الیٰ تکفیر ابی طالبؑ: تالیف النسابہ الجلیل سید شمس الدین علی فخار بن معد الموسوی۔ المتوفی سن 630 ہجری النجف الاشرف۔

(5) کتاب غایة الاختصار فی البیوتات العلویہ المحفوظة من الغبار: تالیف علامہ نسابہ الشریف تاج الدین بن محمد بن حمزہ بن زہرہ الحسینی الحلبی۔ المتوفی بعد سن 753 ہجری

(6) کتاب عمدة الطالب الکبریٰ: للنسابة الشہیر فی الآفاق سید جمال الدین احمد بن علی بن الحسین بن عنبة الحسنی الشہیر با بن عنبة۔ التوفی 828 ہجری نسخہ قم، ایران

(7) کتاب عمدة الطالب الوسطی: للنسابة الشہیر فی الآفاق سید جمال الدین احمد بن علی بن الحسین بن عنبة الحسنی الشہیر با بن عنبة۔ المتوفی 828 ہجری نسخہ قم، ایران

(8) کتاب عمدة الطالب الصغریٰ: للنسابة الشہیر فی الآفاق سید جمال الدین احمد بن علی بن الحسین بن عنبة الحسنی الشہیر با بن عنبة۔ المتوفی 828 ہجری نسخہ قم، ایران

(9) کتاب المشجر الکشاف الأصول السادة الأشرف: بحر الانساب علامہ نسابہ جلیل سید محمد بن احمد بن عمید الدین علی الحسینی النجفی۔ المتوفی دسویں صدی ہجری (طبع مصر سن 1356)

(10) کتاب سراج الانساب در زبان فارسی: علامہ النسابہ سید احمد بن محمد بن عبدالرحمٰن کیا گیلانی مدفن نجف الاشرف۔ المتوفی دسویں صدی ہجری

(11) کتاب تحفة الازحار و زلال الانہار فی نسب ابناء الائمة الاطہار: علامہ سید ضامن بن شدقم بن علی بن سید حسن النقیب بن علی بن حسن بن علی بن شدقم الحسینی اشدقی العبید لی۔ المتوفی گیارہویں صدی ہجری نسخہ قم لائبریری شہاب الدین نجفی مرعشی۔

(12) کتاب شجرة الاولیاء فی تواریخ الانبیاء الیٰ خاتمهم والاوصیاء الیٰ قائم مشجراً: علامہ نسابہ سید احمد بن محمد الحسنی الاردکانی یزدی۔ سن تالیف کتاب 1244 ہجری نسخہ محفوظات قم نجفی مرعشی

(13) کتاب الاساس الانساب الناس: تالیف سید جعفر الاعرجی الحسینی البغدادی۔ طباعت اول 1428 ہجری نسخہ قم کتاب خانہ نجفی مرعشی اور مکتبہ ابوسعیدة الوثا نقیة عامہ نجف الاشرف محفوظ ہے

(14) کتاب مناهل الضرب فی الانساب العرب: علامہ نسابہ سید جعفر الاعرجی الحسینی البغدادی۔ المتوفی چودھویں صدی ہجری

(15) کتاب منیة الراغبین فی طبقات النسابین: علامہ نسابہ سید عبدالرزاق آل کمونہ الحسینی النجفی۔ المتوفی 1390 ہجری

(16) کتاب مشاهد العترة الطاهرة بیروت: سید عبدالزاق آل کمونہ الحسینی النجفی۔ المتوفی 1390 ہجری

(17) طبقات النسابین: علامہ نسابہ سید شہاب الدین نجفی مرعشی۔

(18) کتاب سالار عجم: مؤلف سید عبدالرحمٰن ھمدانی بن سید محمد شاہ ھمدانی۔ طباعت دوم جنوری 1990 عیسوی

(19) انساب الطالبین: مؤلف ڈاکٹر عبدالجواد 1379-1307 ہجری

اس کے علاوہ بھی چند کتابوں کا غور سے مطالعہ کیا گیا ہے۔ جن میں کنز الانساب، ریاض الانساب، کنز السادات، گلزار شمس اور چند دوسری کتابیں شامل ہیں جن میں سادات عابدیہ، حسینیہ الاعرجیہ الحمد انیہ کا تذکرہ موجود ہے۔

آقائے نامدار رسول اللہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دو جہاں کے سردار سرور کونین محبوب رب المشرقین والمغربین ہیں اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں فرمایا: ''اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عالمین کے لیے رحمت بنا کر بھیجا گیا۔'' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اہلبیت علیہ السلام تمام مخلوق کی پیدائش سے قبل اللہ کی تقدیس اور تسبیح میں مصروف تھے۔ آدم علیہ السلام سے لے کر عیسیٰ علیہ السلام تک تمام انبیائے کرام کی بعثت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وجہ سے تھی اور اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حبیب کا لقب دیا جو تمام انبیائے کرام سے بڑھ کر ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود فرمایا: ''ہم سب سے آخر ہیں اور سب سے پہلے ہیں۔''(31) اور حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''میں بنی آدم میں سے سابق (پہلا) ہوں۔''(32) اور ابو ہریرہؓ سے روایت ہے: ''اصحاب نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نبوت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے کب لازم کی گئی تھی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اس وقت لازم کی گئی تھی جبکہ آدم روح اور بدن کے درمیان تھے (یعنی ان کی روح بدن میں داخل نہ ہوئی تھی)۔''(33) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عالم انسانیت کو راہ راست پر لانے اور حق اور اعتدال کی جانب دعوت دینے کے لیے آئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت 17 ربیع الاول کو ہوئی جبکہ دوسری روایت 12 ربیع الاول کی بھی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا شجرہ مبارک درج ذیل ہے: محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بن عبداللہ علیہ السلام بن عبد المطلب علیہ السلام بن ہاشم بن مناف بن قصی (قریش) بن کلاب بن مرہ بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرک بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان بن اد بن اود بن یسع بن ہمیسع بن سلامان بن نبت بن حمل بن قیدار بن اسماعیل علیہ السلام بن ابراہیم علیہ السلام بن تارخ بن ناحور بن اشرع بن ارغو بن قائع بن عابر بن شالخ بن ارفخشد بن سام بن نوح علیہ السلام بن ملک بن متوشلخ بن اخنوخ (ادریس علیہ السلام) بن الیارد بن مہلائیل بن قینان بن انوش بن شیث علیہ السلام بن آدم علیہ السلام(34)

یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نسب شریف ہے اور یہ تمام افراد خدا پرست تھے حتیٰ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے دادا کے متعلق فرمایا نیز جناب امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: ''حضرت عبدالمطلب نے زمانہ جہالیت میں پانچ طریقے مقرر کیے تھے اور اللہ نے ان کو اسلام میں جاری فرمایا۔ (1) عبدالمطلب نے باپوں کی بیویاں بیٹوں پر حرام رکھ دیا پس اللہ نے اس کے موافق آیت نازل کر دی ''جن عورتوں سے تمہارے باپوں نے نکاح کیا ہے تم ان سے نکاح مت کرو۔'' (2) عبدالمطلب نے کہیں سے کوئی مال پایا تو اس میں سے پانچواں حصہ نکالا اور اسے راہ خدا میں تصدیق کیا پس اللہ نے آیت نازل فرمائی: ''یعنی معلوم کرو کہ جو مال تم غنیمت میں پاؤ اس کا پانچواں حصہ اللہ اور اس کے رسول کا ہے۔'' (3) جب عبدالمطلب نے چاہ زم زم کو کھودا تو اس کا نام سقائیۃ الحجاج رکھا اور اسی لیے اللہ نے بھی ایسا ہی کہا (4) آدمی کے قتل میں خون بہا ایک سو اونٹ مقرر کئے (5) قریش میں طواف کی تعداد کچھ مقرر نہ تھی عبدالمطلب نے سات شوط مقرر کئے اور اللہ نے اس کو اسلام میں جاری فرمایا۔''(35) اس کے علاوہ ایک اور حدیث بھی ہے جو امیر المومنین علیہ السلام سے مروی ہے رسول اللہ نے فرمایا: ''عبدالمطلب جوئے کے تیروں سے تقسیم نہ کرتے تھے اور نہ بتوں کو پوجتے تھے اور جو جانور بتوں کے استھان اور ان کے نام پر ذبح ہوتا اس کو نہ کھاتے تھے اور وہ ابراہیم علیہ السلام کے مذہب پر تھے۔''(36) اس کے علاوہ ایک اور روایت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے: ''جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جبرائیل نازل ہوئے اور عرض کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پروردگار بعد تحفہ درود وسلام کے ارشاد فرماتا ہے کہ میں نے آتش دوزخ کو حرام کر دیا اس پشت پر جس نے تم کو اتارا اور شکم پر جس نے تم کو اٹھایا اور اس گود پر جس نے تمہاری پرورش اور کفالت کی۔''(37,38) یعنی حضرت عبداللہ علیہ السلام، بی بی آمنہ علیہ السلام اور حضرت ابوطالب علیہ السلام اس کے علاوہ آپ کے بارے میں ایک اور روایت ہے ابن الہیثم سے مروی ہے کہ میں نے علی سے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''ابوطالب تمام احوال میں عبدالمطلب کی پیروی کرتے تھے یہاں تک کہ انہی کے مذہب پر دنیا سے رحلت کر گئے اور وصیت فرمائی کہ مجھے عبدالمطلب کی قبر میں دفن کرنا پس (میں علی) نے وفات پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اطلاع دی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ان کی وصیت کے موافق عمل کرو۔'' راوی کہتا ہے کہ جناب علی علیہ السلام نے ان کو غسل دیا کفن پہنا کر حجون قبرستان میں لے گئے عبدالمطلب کی قبر کو کھودا تختہ اٹھایا تو ان کا منہ قبلہ کی جانب تھا یہ حال دیکھ کر میں نے اللہ کی حمد وثناء کی اور تختہ اوپر رکھ دیا اور وہ یعنی ابوطالب پیغمبروں کے وصیوں کے وصی اور بہترین وارثان انبیاء تھے۔(39)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کنیت ابوالقاسم ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گیارہ ازواج مطہرات تھیں مگر دنیا میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد حضرت خدیجہ بنت خویلد علیہ السلام سے باقی رہی اور یعنی کہ بی بی فاطمہ الزہرہ سلام اللہ علیہ سے آگے بڑھی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد کا سلسلہ چلا اور الحمد اللہ اللہ پاک نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کوثر عطا فرمایا یعنی کثرت اولاد کی بشارت دی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دشمن کو بے اولاد اور بے نشان بنایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کوف فرمایا: ''تمام نسب قطع ہو جائیں گے مگر میرا نسب قیامت تک جاری وساری رہے گا۔'' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہجرت کے دسویں سال 63 سال کی عمر مبارک میں اس دنیا سے پردہ کیا۔

امیر المومنین حضرت امام علی علیہ السلام

قاضی عبدالمالک شاہ
عطاء اللہ شاہ
(دو دختران)
عبدالخالق شاہ
عبدالواحد شاہ
عبدالقادر شاہ
شبیر حسین
غلام حسین
مرید حسین
نصیر حسین
کبیر حسین
افتخار حسین
غیور علی
علی عباس
Zi ™
طیب شاہ
طاہر رضا
(شہید زلزلہ 2005ء)
علی رضا
اعزاز شاہ
زیب شاہ
اسد علی شاہ
ذیشان علی شاہ
حمزہ علی
احتشام علی
ثاقب علی
حسین علی شاہ
شجاعت علی شاہ
عامر علی شاہ
فائق علی
سادات ہمدانیہ آزاد کشمیر پاکستان
علی اصغر
شاہ حسین
ذاکر حسین
فدا حسین
شاکر شاہ

پیچھے صفحہ نمبر 53 سے
اولاد میر سید عارف بن میر سید صالح بن میر سید حسن بن میر سید علی بن میر سید محمد بن میر سید علی یحیٰی
میر سید میراں ظریف
سید اسماعیل
یار محمد شاہ
بلال شاہ
(اولاد صفحہ نمبر 68 پر ہے۔)
خطاب شاہ
(اولاد صفحہ نمبر 64 پر ہے۔)
گل محمد شاہ
قدرت علی شاہ
شاہ ولی
محمد علی شاہ
(اولاد صفحہ نمبر 65 پر ہے۔)
ولی شاہ
(اولاد صفحہ نمبر 66 پر ہے۔)
سید شاہ
بہادر شاہ
ستار شاہ
لال شاہ
عبداللہ شاہ
محمد حسین شاہ
شیر شاہ
ابراہیم شاہ
میر علی شاہ
فتح علی خان
نگاہ علی خان
گل حسین خان
غلام حسین خان
غلام احمد شاہ
نور احمد شاہ
مفتی میر احمد
خورشید حسن
نصیر حسین
ضیا حسین
فدا حسن
مفتی قاضی علی احمد شاہ
محمد اشرف شاہ
احمد شاہ
یوسف شاہ
سرور شاہ
ایوب شاہ
اشرف شاہ
زاہد شاہ
عابد شاہ
میر حسن شاہ
محمد حسین شاہ
غلام محمد شاہ
اسلم شاہ
مسلم شاہ
سلیمان شاہ
غلام نبی شاہ
مردان شاہ
اکبر شاہ
عبدالرحمن شاہ
اسماعیل شاہ
اکرم شاہ
علی احمد شاہ
زاہد شاہ
شاہد شاہ
جاوید شاہ
تنویر شاہ
ضمیر شاہ
وحید شاہ
نوید شاہ
سجاد شاہ
اعجاز شاہ
ساجد شاہ
عجائب شاہ
نزاکت
مسرور شاہ
احتشام
محسن
محمد اشرف شاہ
نور حسن شاہ
ایوب شاہ
سیدن شاہ
علی احمد شاہ
لیاقت شاہ
صداقت شاہ
سید نور احمد شاہ
یوسف شاہ
علی احمد
افتخار شاہ
عنایت شاہ
مشتاق شاہ
سید محمد اکبر شاہ
یوسف شاہ
یعقوب شاہ
گل حسن شاہ
منور شاہ
مشتاق شاہ
انور شاہ
علی احمد شاہ
اسلم شاہ
وقار حسین شاہ
عاشق حسین
فاضل حسین
محمد شاہ
علی اصغر شاہ
نور احمد شاہ
عابد حسین
سخاوت حسین
نور حسن
اقبال شاہ
منیر شاہ
سادات ہمدانیہ آزاد کشمیر پاکستان

پیچھے صفحہ نمبر 63 سے
اولاد خطاب شاہ بن یار محمد شاہ بن سید اسماعیل بن میراں ظریف بن میر سید عارف بن میر سید صالح
عبداللہ شاہ
نظام شاہ (سکنہ چھلا مظفر آباد)
نور علی شاہ
قاسم شاہ
حبیب شاہ
اکبر شاہ
فقیر شاہ
بالا شاہ
غریب شاہ
احمد شاہ
غلام شاہ
جمال شاہ
مہتاب شاہ
میر حسن شاہ
احمد شاہ
باغ علی شاہ
اکبر شاہ
یوسف شاہ
مہربان شاہ
افضل شاہ
علی احمد شاہ
ممتاز شاہ
الطاف شاہ (چنکوٹ)
مبشر حسین شاہ
انور شاہ
حسن شاہ
گل حسین شاہ
علی احمد شاہ
ندیم حسین شاہ
غلام محمد شاہ
احمد شاہ
مظفر شاہ
اکرم شاہ
مہربان شاہ
لال حسین شاہ
دانش علی
ظہور شاہ
منظور شاہ
مقبول شاہ
امجد حسین
اجمل حسین
تجمل حسین
اکمل حسین
علی اکبر شاہ
اقبال شاہ
صدام حسین
فیضان علی
حصیب حسن
علی احمد شاہ
نور محمد شاہ
عبدالوحید
حامد
ثاقب علی
زین العابدین
شفاقت شاہ
نزاکت شاہ
جبار شاہ
رفاقت شاہ
سادات ہمدانیہ آزاد کشمیر پاکستان

پیچھے صفحہ نمبر 63 سے

اولاد محمد علی شاہ بن قدرت علی شاہ بن گل محمد شاہ بن یار محمد شاہ بن سید اسماعیل بن میراں ظریف بن میر سید عارف رحمۃ اللہ

سادات ہمدانیہ آزاد کشمیر پاکستان

پیچھے صفحہ نمبر 63 سے
اولاد سید شاہ ولی بن قدرت علی شاہ بن گل محمد شاہ بن یار محمد شاہ بن سید اسماعیل بن میران ظریف
سید شاہ
(اولاد صفحہ نمبر 67 پر ہے۔)
بہادر شاہ
ستار شاہ
لال شاہ
فقیر شاہ
عبداللہ شاہ
نور حسن شاہ
میر حسن شاہ
گل حسن شاہ
غلام اکبر شاہ
غلام مصطفے شاہ
علی عمر شاہ
مرتضی شاہ
گلزار شاہ
منظور شاہ
امجد شاہ
محمد شاہ
غلام محمد شاہ
زمان شاہ
اسماعیل شاہ
گل حسن
علی اکبر شاہ
غلام حسن
غلام حسین
محمود شاہ (لاولد)
میر حسن شاہ
محمود شاہ
عبدالرحمن شاہ
یوسف شاہ
یعقوب شاہ
حسن شاہ
باغ علی شاہ
محمد اشرف شاہ
غلام سرور شاہ
قلندر شاہ
احمد شاہ
غلام جیلانی شاہ
مظفر حسین شاہ
مقبول شاہ
صادق شاہ
اقبال شاہ
الطاف شاہ
ارشاد شاہ
منیر شاہ
ریاض شاہ
غلام احمد شاہ
اکبر شاہ
تصدق شاہ
شوکت شاہ
حامد شاہ
نوید شاہ
وحید شاہ
اسماعیل شاہ
واجد شاہ
ابرار شاہ
اشتیاق شاہ
رضا شاہ
اظہر شاہ
ذاکر شاہ
مظفر شاہ
صدیق اکبر شاہ
نور محمد
علی احمد
شفقت حسین
شفاقت حسین
شیراز حسین
شہزاد حسین
زوار حسین
فیاض حسین
طاہر حسین شاہ
ظاہر حسین شاہ
طیب حسین شاہ
امجد حسین شاہ
میر اکبر شاہ
محمد اسلم شاہ
مسلم شاہ
انور شاہ
ارشاد علی
اعجاز حسین
کاشف حسین
سجاد حسین
صداقت حسین
امین شاہ
صغیر شاہ
سعد حسین
لیاقت شاہ
عنایت شاہ
مظہر حسین
مشکور حسین
اسد حسین
معین حسین
باسط
حماد
بلال شاہ
عامر شاہ
عثمان شاہ
احتشام شاہ
معتسن شاہ
مقبول شاہ
منظور شاہ
آفتاب شاہ
عنایت شاہ
اجمل شاہ
اشفاق شاہ
آصف شاہ
اسرار شاہ
سادات ہمدانیہ آزاد کشمیر پاکستان

پیچھے صفحہ نمبر 66 سے
اولاد سید شاہ بن سید شاہ ولی بن قدرت علی شاہ بن گل محمد شاہ یار محمد شاہ بن سید اسماعیل بن میر سید میراں ظریف رحمۃ اللہ
دیوان شاہ
حاجی مردان شاہ
رحیم شاہ
عظیم شاہ
فقیر شاہ
غلام حیدر شاہ
حاجی شاہ
فیض رسول شاہ
حسین شاہ
سجاد حسین
زاہد حسین
گل بہار شاہ
اکرم شاہ
لطیف شاہ
غلام مرتضیٰ شاہ
مشتاق حسین
ارشاد حسین شاہ
غلام علی شاہ
فضل شاہ
میر علی شاہ
علی اکبر شاہ
علی اصغر شاہ
عالم شاہ
صابر شاہ
سلیمان شاہ
گل حسن شاہ
گل حسین شاہ
مقبول شاہ
محبوب شاہ
محمود شاہ
نذیر حسین شاہ
عزیز حسین
مظفر حسین شاہ
عجائب حسین
ذاکر حسین شاہ
سیف علی شاہ
حاجی غلام رسول شاہ
یوسف شاہ
ایوب شاہ
غلام حیدر شاہ
میر محمد شاہ
محمد شاہ
علی احمد شاہ
مشتاق حسین
شبیر حسین
نمیر حسین
ارشد حسین
اشتیاق حسین
عمران حسین
عبدالوہاب
احمد علی شاہ
وجاہت حسین
فراز حسین
عدنان حسین
نعمان شاہ
عرفان حسین
غلام سرور شاہ
علی عمر شاہ
علی اصغر شاہ
اسلم شاہ
اکرم شاہ
شفقت شاہ
مقبول شاہ
اقبال شاہ
اسماعیل شاہ
سکندر شاہ
عجائب شاہ
ذوالفقار
غلام محمد شاہ
مزمل شاہ
اکبر شاہ
مظہر شاہ
جمیل شاہ
(اسیر)
سلطان علی شاہ
بہادر علی شاہ
صابر حسین شاہ
خادم حسین شاہ
ابرار شاہ
وقار شاہ
جلال شاہ
عبدالرحمٰن شاہ
شاکر حسین
شجاعت حسین
بلال حسین
جلال حسین
شبر علی
مزمل علی
افتخار حسین
مصدق حسین
نثار حسین
علی رضا
یعقوب شاہ
جیلانی شاہ
نور احمد
غلام حسین
اشرف شاہ
بشارت حسین
انور شاہ
زین شاہ
عادل حسین
افتخار
مسکین شاہ
منور شاہ
زاہد حسین
غلام محمد شاہ
سیف علی شاہ
غلام احمد شاہ
عاشق حسین
ذاکر حسین
فدا حسین
افضال حسین
اعجاز حسین
امجد حسین
شفاعت حسین
سخاوت حسین
سجاد حسین
شجاعت حسین
ساجد حسین
واجد حسین
ذوالفقار شاہ
عجائب حسین
سادات ہمدانیہ آزاد کشمیر پاکستان

پیچھے صفحہ نمبر 63 سے

سادات ہمدانیہ آزاد کشمیر پاکستان

پیچھے صفحہ نمبر 68 سے

پیچھے صفحہ نمبر 53 سے

پیچھے صفحہ نمبر 53 سے

سادات ہمدانیہ سنگڑ سیداں آزاد کشمیر پاکستان

پیچھے صفحہ نمبر 71 سے
اولاد سید بہادر شاہ بن احمد شاہ بن کرم شاہ بن میر سید محمد افضل بن سید قدرت اللہ بن سید عصمت اللہ بن سید عبداللہ
امیر شاہ
مقبول شاہ
لال شاہ
ہدایت شاہ (سنگڑسیداں)
قلندر شاہ
حیدر شاہ
غلام حسین شاہ
انور شاہ
محبوب شاہ
ابرار حسین
الطاف حسین
اخلاق شاہ
علی رضا
عباس علی
شفاعت ہمدانی
احتشام شاہ
احسان شاہ
سعد شاہ
فرہاد شاہ
ابراہیم شاہ
علی اصغر شاہ
محمد ایوب شاہ
محمد مسلم شاہ
محمد اسحاق شاہ
شبیر احمد شاہ
خورشید احمد شاہ
فیصل ہمدانی
خادم حسین
اشتیاق حسین
فدا حسین
ذوالفقار حسین
جواد احمد
اعجاز حسین
مسعود الحسن
آفاق
وقار حسین
مظہر الحسن
اظہر حسین
شاہد علی
مہر علی
سبطین علی
محمد حسان
علی حسنین
حسن ابراہیم
مبشر شاہ
بلال شاہ
وقاص احمد شاہ
عباس علی شاہ
بشارت شاہ
محمود الحسن شاہ
امتیاز احمد شاہ
ممتاز حسین شاہ
بدر منیر شاہ
علی حسن شاہ
توصیف شاہ
حبیب شاہ
سیف الرحمٰن شاہ
عطاء الرحمٰن شاہ
محمد طیب شاہ
طاہر حسین شاہ
محمد ارشد شاہ
اسعد شاہ
محمد امجد شاہ
مدثر شاہ
عدیل شاہ
سعد علی شاہ
سجاد حیدر شاہ
احمد نشال شاہ
ماجد شاہ
اویس شاہ
عتیق شاہ
سیاف ہمدانی
غوث علی ہمدانی
مجتبیٰ حیدر
اطہر ہمدانی
جواد ہمدانی
حمزہ شاہ
انوار ہمدانی
فواد ہمدانی
سادات ہمدانیہ سنگڑ سیداں آزاد کشمیر پاکستان

پیچھے صفحہ نمبر 71 سے

سادات ہمدانیہ سنگڑ سیداں آزاد کشمیر پاکستان

تذکرہ سرزمین ہمدان

قدیم شاہراہ پر جو عراق کی نشیبی زمین (میسوپوٹیمیا) کو ایران سے ملاتی ہے۔ کوہ الوند یونانی ماؤنٹ اورنٹز کی شمالی اترائی پر ایک قدیم شہر واقع ہے جس کا نام اس کے بانی جمشید نے ہگمتانہ رکھا تھا۔ 1923 سن عیسوی میں یہاں چاندی اور سونے کی دو تختیاں ملی تھیں۔ جن پر دارا اول (485/521 ق م) کا نام درج تھا۔ اخمنین بادشاہ اس شہر مین موسم گرما میں رہائش پذیر ہوا کرتے تھے۔ اور یہاں اپنا خزانہ رکھتے تھے۔ ساسانی بادشاہ یزدگرد اول کی بیوی شوش دخت بھی یہیں پر مدفون ہے۔ یہودیوں کے نزدیک یہی Esther تھیں اور یہاں اس کے انکل Mordecai بھی مدفن ہیں یہ عمارت اینٹوں سے بنی ہے۔ پارتھین عہد کا ایک مجسمہ جو کہ شیر کا ہے آج تک محفوظ ہے۔ Xerxer بھی یہاں پر رہا۔ سکندر اعظم نے جب ایران پر حملہ کیا تو وہ بھی یہاں پر رہا اور اسی راستے سے مصر کی طرف گیا۔ کئی بادشاہوں کے دور میں یہ دار السلطنت بھی رہا آج کا صوبے کا صدر مقام ہے۔

ہمدان شہر تہران سے 336 کلومیٹر جنوب مغرب میں ہے کرمان شاہ سے 190 کلومیٹر مشرق میں ہے۔ اصفہان سے 530 کلومیٹر شمال پر واقع ہے۔ یہ دنیا کے قدیم ترین شہروں میں شمار ہوتا ہے۔ ہمدان شہر ستارے کی شکل پر بنا ہوا ہے۔ جو کوہ الوند کے دامن میں ہے۔ ہمدان کے شمال میں زنجان، اردبیل، آذربائیجان شرقی اور گیلان آتا ہے۔ جبکہ شمال مشرق میں قذوین، تہران اور مازندان آتا ہے۔ جبکہ مشرق میں قم، مرکزی اور سمنان آتا ہے۔ جبکہ جنوب مشرق میں اصفہان، فارس، لرستان اور ہوزستان بھی آتا ہے۔ جبکہ جنوب مغرب میں ایلام اور کرمانشاہ آتا ہے۔ مغرب میں کردستان اور شمال مغرب میں آذربائیجان غربی آتا ہے۔

ہمدان صوبے میں مندرجہ ذیل شہر موجود ہیں۔ ہمدان، اسدآباد، بہار، کبودرآھنگ، رزن، نہاوند، ملایر اور تویسرکان۔ مرکز میں شہر ہمدان ہے اس میں دو علاقے ہیں۔ فامنین اور سہارا۔ مرکزی شہر ہمدان جو کوہ الوند کے دامن میں ہے کے شمال میں شہر رزن اور کبودرآھنگ آتا ہے، جبکہ مغرب میں شہر بہار اور شہر اسدآباد آتا ہے اور جنوب میں شہر تویسرکان اور شہر نہاوند اور شہر ملایر آتا ہے۔ ہمدان کے مشہور مقامات درج ذیل ہیں۔

کوہ الوند:

الوند پہاڑ کبھی بھی قطب اور ابدال سے خالی نہیں رہا اس کے دامن میں کم و بیش چار سو اولیا مرتبہ کمال تک پہنچے اور حضرت خضر علیہ السلام اور حضرت الیاس علیہ السلام کی ملاقات بھی اسی پہاڑ پر ہوئی۔ (109) یہ سبز پہاڑ ہے، اکثر ہمدانی لوگوں نے اپنے اشعار میں اس کا ذکر کیا ہے اور ایک واقع یہ ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں کچھ لوگ حاضر ہوئے۔ امام نے دریافت کیا: ''کہاں سے آئے ہو'' تو انہوں نے جواب دیا: ''کوہستان سے'' امام نے پھر پوچھا: ''کون سے شہر سے آتے ہو'' لوگوں نے جواب دیا: ''شہر ہمدان سے'' امام پاک علیہ السلام نے فرمایا: ''اس پہاڑ کو پہچانتے ہو جس کو کوہ الوند کہتے ہیں'' لوگوں نے جواب میں کہا: ''جی ہاں'' حضرت نے فرمایا: ''اس پر ایک بہشتی چشمہ ہے۔'' ہمدان کے لوگ کہتے ہیں کہ اس میں ایک چشمہ ہے جو ہر سال جاری ہوتا ہے اور پھر منقطع ہو جاتا ہے۔ (110)

گنبد علویان:

سادات العابدیہ الحسینیہ الاعرجیہ الحمد انیہ العلویہ کی عظیم یادگار اس عمارت کی تعمیر کے سن پر اختلاف پایا جاتا ہے۔ ایک روایت ہے کہ عہد سلجوقیہ میں سادات علویہ یعنی اولاد سید علی الاکبر الوندی کے لیے بنائی گئی۔ عہد سلجوقیہ ہمدان میں 1037 تا 1157 سن عیسوی تک رہا۔ اس میں سادات کی قبرین بھی پائی جاتی ہیں۔ ابتداء میں اس کا رنگ سرخ تھا اور کوفی رسم الخط میں سورۃ الدا ہر کی آیات نقش تھیں۔ تاہم کافی عرصہ گزر جانے کے بعد بھی آیات با آسانی پڑھی جاسکتی ہیں۔ یہ عمارت اینٹ اور چونے سے تیا ہوئی۔ یہ عمارت مربع وضع کی ہے اور اندر سے چوکور دالان کی مانند ہے۔ جو کہ خانہ کعبہ کی ترسیم پر بنایا گیا۔ اس کا طول وعرض 25X25 کا ہے فرش پر تین چار آہنی سلاخ دار روشن دان

ہیں۔ بجانب قبلہ ایک محراب ہے جہاں سے زیر زمین منزل (سردابی) کو سیڑھیاں جاتی ہیں۔ سردابی کے تقریباً وسط میں ایک اونچا چبوترا فروزی رنگ کی اینٹوں سے بنا ہے۔ جس پر دو بزرگوں کے مزارات موجود ہیں۔ شمالی جانب ایک کھڑکی کی جگہ بند کی ہوئی ہے۔ جہاں سے حضرت میر سید علی ہمدانی المعروف شاہ ہمدان اپنے گھر سے تشریف لاتے تھے۔ اس معبد کا زیریں حصہ میں ایک خفیہ راستہ ہے جو حضرت میر سید علی ہمدانی کے گھر تک جاتا تھا۔ اور آپ اسی راستے سے عبادت کے لیے آیا کرتے تھے۔ ان دو قبروں کے متعلق علی اصغر حکمت نے لکھا ہے کہ یہ دونوں مزار میر سید علی ہمدانی کی اولاد میں سے دو بزرگوں کے ہیں جن کا نام ابوالحسن (نورالدین کمال) اور سید علی (سیاہ پوش) ہیں۔ بعض لوگ اس معبد کو خانہ کعبہ تصور کرتے ہیں۔ اس تاریخی عمارت کو ادارہ کل باستان شناسی نے 1922 سن عیسوی کو قومی آثار میں شامل کر دیا اور 39-1938 میں وزارت فرہنگ نے اس کے لیے حفاظتی اقدامات کیے اور اس پر حفاظتی چھت تعمیر کروائی۔ (111) ایک روایت ہے کہ اس عمارت کے نیچے ایک راستہ ہے جو خانہ کعبہ تک جاتا ہے۔ ممکن ہے یہ وہی راستہ ہو جو سید علی ہمدانی کے گھر تک جاتا ہو۔ ایک اور روایت میں موجود ہے کہ اگر کوئی مسافرت پر گیا ہوا اور اس کی حیات کی کوئی اطلاع نہ آئی ہو تو نچلے حصہ میں اس کا نام با آواز بلند پکارا جائے اگر ہنسنے کی آواز آئے تو زندگی کی دلیل ہے اور اگر رونے کی آواز آئے تو موت کی دلیل ہے۔ اگر وہاں دیگ پکا کر فقراء میں تقسیم کی جائے تو ہر حاجت پوری ہوگی۔ بانجھ عورتیں اکثر وہاں جاتی ہیں اور اولاد کی تمنا کرتی ہیں۔ (112)

ڈاکٹر محمد ریاض پروفیسر شعبہ ادبیات فارسی سینٹرل کالج اسلام آباد جنہوں نے حضرت میر سید علی ہمدانی پر ایک تحقیقی رسالہ لکھ کر تہران یونیورسٹی سے ڈاکٹریٹ کیا نے صاحب سالار عجم ڈاکٹر سید عبدالرحمان ہمدانی کو بتایا کہ گنبد علویان کی دو قبریں اسی خاندان کی ہیں۔ ڈاکٹر صاحب نے مزید فرمایا کہ ہمدان میں چار مربع میل پر محیط ایک وسیع قبرستان تھا جس میں سے ہر وہ قبر جو پچاس سال سے زائد عرصہ کی تھی مسمار کر دی گئی اور حکومت نے پارک بنا دیئے یہ سیر گاہ باغ علی کی جگہ پر بنائی گئی اور اس قبرستان میں قبریں بھی اسی سادات خاندان کی تھیں اور یہ باغ میر سید علی ہمدانی کی ملکیت تھا۔ (113)

گنج نامہ:

گنج نامہ دارا نے کوہ الوند میں کھدوایا اور یہ آج بھی موجود ہے۔ آجکل یہ ایک دلکش وادی میں ہے جس کا نام عباس آباد ہے۔ اس کے قریب آبشار بھی ہے۔

غار علی الصدر:

ہمدان سے 100 کلومیٹر کے فاصلے پر علی الصدر کا مشہور اور تاریخی غار ہے جو دنیا کے چند تاریخی غاروں میں آتا ہے۔

باباطاہر عریان ہمدانی:

باباطاہر عریان ہمدانی ایک شاعر اور درویش تھے آپ اولیا کی جماعت اہل حق سے تعلق رکھتے تھے۔ آپ کا شجرہ کہیں سے دستیاب نہ ہو سکا۔ آپ کا مدفن بھی باغ علی کے قریب ہی ہے۔ آپ فارسی لری اور کردی زبان کے صوفی شاعر ہیں۔ آپ کی ملاقات طغرل سے بھی ہوئی تھی۔

شیخ رئیس بوعلی سینا:

بوعلی سینا خورمیسن میں پیدا ہوئے اور آخری عمر میں امیر شمس الدولہ کے دور میں ہمدان میں وفات پائی اور یہیں دفن ہوئے۔

عین القضاۃ ہمدانی:

آپ کا اصل نام عبداللہ بن محمد ہمدانی تھا۔ 492 ہجری کو پیدا ہوئے اور 525 ہجری کو پھانسی پر لٹکا دیئے گئے۔ آپ اولیا کی اہل حق جماعت سے تعلق رکھتے تھے۔

امام زادہ ہادی بن امام زین العابدین علیہ السلام: ہمدان

امام زادہ ہود: ینگی گاؤں میں مزار ہے۔

آغا خان بلاکی: اسد آباد

میر ریاض الدین ارطمانی: تویسرکان میں مزار واقع ہے۔

حباقوق علیہ السلام: مزار تویسرکان میں ہے۔ اور آپ سلیمان علیہ السلام کے دور میں بیت المقدس کے چوکیدار تھے۔

امام زادہ عبداللہ بن احمد

امام زادہ اسماعیل اور امام زادہ عبداللہ: ہمدان

امام زادہ محسن: کا مزار فران گاؤں میں ہے یہ بھی وادی الوند میں ہے۔ ان کو امام زادہ کوہ بھی کہتے ہیں۔ مزار منگول عہد کا ہے۔

سید محسن بن علی بن حسین بن زید بن امام حسن آپ امام زادہ کوہ کے نام سے مشہور ہیں۔ مولا علیؑ کے اصحاب میں سے ابو دجانہ انصاری بھی یہیں دفن ہیں۔

حاجی سیف الدولہ: ملایر

محمود صاحب نزول السائرین: ہمدان

بابا پیر (نومان بن مکران): نہامند

دار شیخ ابوالعباس نہاوندی: نہاوند

حافظ ابوالعالیٰ: ہمدان شہر

امام زادہ خضر: ہمدان

امام زادہ یحییٰ: کبودر آہنگ یحیٰ بن علی بن سعید بن علی الارزق بن داؤد بن سلیمان بن عبداللہ بن موسیٰ الجون بن عبداللہ محض بن حسن مثنیٰ ابن امام حسن بن امام علی۔

امام زادہ حسین: کبودر آہنگ امام زادہ حسین کا شجرہ امام علی نقی علیہ اسلام سے بتایا جاتا ہے ان کے مزار کے احاطے میں آبا قا خان فرزند ہلا کو خان اور سلطان شاہ حسین صفوی دفن ہیں۔

امام زادہ اہل بن علی: کبودر آہنگ

امازادہ ازنو و: کبودر آہنگ

اس کے علاوہ چند قلعے بھی ہیں جن میں قلعہ ہفت حصار بہت مشہور ہے۔

ازمجالس المومنین ہمدان بقول قاضی نوراللہ شوستری

مجالس المومنین کے اردو ترجمے کے صفحہ نمبر 153 پر قاضی نواللہ شوستری ہمدان کے معروف سادات خانوادوں میں شیخ اجل راوندی کو روایت کرتے ہیں کہ ہمدان میں میر سید علی ہمدانی صوفیاء شیعہ اوراہل بیت کے محبان میں سے ہیں۔عین القضاۃ بھی محبّ اہل بیت ہیں۔(114)

دوسرا ہمدان ملک یمن والا

مجالس المومنین میں قاضی نوراللہ شوستری دوسرے ہمدان کے متعلق فرماتے ہیں کہ یہ ہمدان ملک یمن میں اورایک قبیلہ بنی ہمدان سے اس کا نام رکھا گیا۔یہاں سے کچھ ہمدانی کوفہ میں منتقل ہوئے اور یہ عام یمنی نژاد ہیں۔

عرض مصنف

ایران کے شہر ہمدان سے تعلق رکھنے والے افرادنام کے ساتھ ہمدانی لکھاتے ہیں۔اس شہر سے سادات ہو یا غیر سید وہ اپنے نام کے ساتھ ہمدانی لکھتا ہے۔سارے عجم اور عرب میں اس کا رواج موجود ہے کہ لوگ اپنے شہروں کے نام اپنے نام سے منسوب کرتے ہیں، جبکہ پاکستان میں ایسا نہیں پایا جاتا۔یہاں زیادہ تر لوگ وہی نام استعمال کرتے ہیں جوان کے آباؤاجداد کے ناموں کے ساتھ آتا ہے ہمدانی سادات وہ ہیں جوکہ میر سید علی ہمدانی کی اولاد سے ہیں۔اور یہ ہمدان ایران کا تاریخی شہر ہے۔بعض لوگ یہ تصور کرتے ہیں۔کہ یہ ہمدانی بھی شاید قبیلہ بنی ہمدان سے تعلق رکھتے ہیں۔جبکہ ایسا نہیں ہے، یہ ہمدانی سادات اپنے مورث اعلیٰ میر سید علی ہمدانی جو کہ ہمدان سے ہجرت کر کے آئے اور کولاب (تاجکستان)، روستاق بازار (افغانستان)، کشمیر، لداخ بلتستان اور پاکستان کے شمالی علاقہ جات میں اسلام کے بانی ہیں۔اسی نسبت سے یہ لوگ ہمدانی سید کہلاتے ہیں۔جبکہ حقیقت میں یہ سادات الحسینیہ الاعرجیہ ہیں۔قبیلہ بنی ہمدان کے لوگ عرب کی سیاست میں کافی سرگرم رہے۔اوران میں محبان علی بھی تھے۔جن میں حارث ہمدانی مشہور ہیں۔اسی طرح کربلا میں بریر حضیر ہمدانی اورشوزب ہمدانی بھی قبیلہ بنی ہمدان سے تعلق رکھتے تھے، جبکہ یہ قبیلہ غیر سادات ہے۔

اب دنیا میں ہمدان قبیلہ کے ہمدانی بھی موجود ہیں، ایران کے شہر ہمدان سے تعلق رکھنے والے غیر سادات ہمدانی بھی موجود ہیں۔اور میر سید علی ہمدانی کی اولاد ہمدانی سید بھی موجود ہیں۔بعض افراد سادات ہمدانیہ کے بارے میں کم علمی کی بنیاد پر غلط فہمی کا شکار بھی ہیں اور چکوال اور راولپنڈی میں کئی افراد ایسے پائے جاتے ہیں جو سوچے سمجھے بغیر لوگوں کے نسب کالعدم قرار دے دیتے ہیں۔سادات ہمدانیہ کے مورث اعلیٰ کسی تعریف کے محتاج نہیں۔ان پر لاکھوں کتابیں لکھی جا چکی ہیں اور کئی ہزار افراد شاہ ہمدان پر تحقیق کے سلسلہ میں پی ایچ ڈی ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کر چکے ہیں۔میر سید علی ہمدانی پر ہندستان، پاکستان، ایران اور تاجکستان میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری دی جاتی ہے۔ان ممالک کے نساب میں بھی کہیں نہ کہیں شاہ ہمدان میر سید علی ہمدانی کا ذکر پایا جاتا ہے۔خاص کر کشمیر کے نصاب میں آپ کا ذکر ملتا ہے۔اس کے علاوہ آپ کی کتابیں لندن میوزیم میں محفوظ ہیں۔آپ کی تصانیف تین سو سے زائد ہیں اور آپ پر لکھی جانے والی کتابیں بے شمار ہیں۔آج بھی آپ کے نام کا نوٹ تاجکستان میں چلتا ہے۔اہل مغرب کے نزدیک آپ مشہور ترین مبلغ اسلام ہیں اور بعض حضرات تو آپ کو اسلام کا سب سے بڑا مبلغ مانتے ہیں۔آپ کی شہرت دنیا کے ہر ملک میں ہے۔جہاں بھی علم پایا جاتا ہے۔وہاں آپ کا تذکرہ ہے۔

اتنی شہرت کے باوجود سرزمین پاکستان میں لوگ ان کی اولاد کے بارے میں غلط فہمی کا شکار ہیں۔کتاب ہذا میں استعمال ہونے والے تمام حوالہ جات درست ہیں اوران کی باقاعدہ چھان بین کی گئی ہے۔ایران اور عراق کے علمائے انساب کی کتب میں میر سید علی ہمدانی حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کی اولاد میں سے ان لوگوں میں ہیں۔جو دنیا میں نامور ہو گزرے ہیں۔کتاب ہذا میں جو کچھ تحریر ہے اس سے دس گنا اور بھی تحریر کیا جا سکتا ہے مگر یہ کتاب ہے محفل مناظرہ نہیں ہمیں صرف اپنے اسلاف کا نسب محفوظ رکھنا ہے۔

میر سید علی ہمدانی االمعروف شاہ ہمدان (786ہجری م) کے مرشد شیخ محمود مزدقانی (766ہجری م) کے مرشد شیخ علا الدولہ سمنانی (760ہجری م) کے مرشد شیخ عبد الرحمان اسفرائینی (700ہجری م) کے مرشد شیخ احمد جوزقانی (690ہجری م) کے مرشد رضی الدین علی لالا (647ہجری م) کے مرشد شیخ عمار یاسر (582ہجری م) کے مرشد شیخ نجم الدین کبریٰ (618ہجری م) کے مرشد شیخ ابونجیب سہروردی (563ہجری م) کے مرشد شیخ احمد غزالی (514ہجری م) کے مرشد شیخ ابوبکر نساج (487ہجری م) کے مرشد شیخ ابو القاسم جرجانی (450ہجری م) کے مرشد شیخ ابوعثمان مغربی (372ہجری م) کے مرشد شیخ ابوعلی الکاتب (346ہجری م) کے مرشد شیخ ابوعلی الرود باری (321ہجری م) کے مرشد شیخ ابو القاسم جنید بغدادی (297ہجری م) کے مرشد شیخ سری سقطی (251ہجری م) کے مرشد شیخ معروف کرخی (200ہجری م) کے مرشد امام علی رضا علیہ السلام (203ہجری م) کے مرشد امام موسیٰ کاظم علیہ السلام (159ہجری م) کے مرشد امام جعفر صادق علیہ السلام (148ہجری م) کے مرشد امام محمد باقر علیہ السلام (114ہجری م) کے مرشد امام زین العابدین علیہ السلام (94ہجری م) کے مرشد امام حسین علیہ السلام شہید کربلا (61ہجری م) کے مرشد امیر المومنین امام علی علیہ السلام (40ہجری م) کے مرشد سید المرسلین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ (10ہجری م) (119)

آپ نے لباس فتوت جو خرقہ مبارک کا جزو ہے اس طرح حاصل کیا،

سلسلہ فتوت

آپ نے سلسلہ فتوت ابوالمیامن محمد بن محمد ازکانی سے حاصل کیا۔ انہوں نے شیخ عارف محمد بن جمال سے حاصل کیا۔ انہوں نے نورالدین سالار سے حاصل کیا۔ انہوں نے شیخ نجم الدین کبریٰ سے حاصل کیا۔ انہوں نے اسماعیل القصیدی سے حاصل کیا۔ انہوں نے محمد المالکیل سے حاصل کیا۔ انہوں نے داؤد بن محمد سے حاصل کیا۔ انہوں نے ابوالعباس بن ادریس سے حاصل کیا انہوں نے ابوالقاسم بن رمضان سے حاصل کیا۔ انہوں نے ابویعقوب طبری سے حاصل کیا۔ انہوں نے عبداللہ عمر بن عثمان سے حاصل کیا۔ انہوں نے ابویعقوب انہر جوری سے حاصل کیا۔ انہوں نے ابویعقوب السوسی سے حاصل کیا۔ انہوں نے عبدالواحد بن زید سے حاصل کیا۔ انہوں نے کمیل بن زیاد سے حاصل کیا۔ انہوں نے امیر المومنین جناب حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام سے حاصل کیا۔ اور انہوں نے خاتم المرسلین رحمت اللعالمین جناب حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ سے حاصل کیا۔ (120)

شیخ نجم الدین محمد بن محمد ازکانی نے خرقہ فتوت کے علاوہ رسول اللہ ﷺ کے خیمہ کا فرش مبارک اور ستون مبارک بھی دیا تھا۔ یہ دونوں تبرکات امام حسین علیہ السلام کے ساتھ تھے۔ آپ کی شہادت کے بعد دوسروں کو پہنچے اور اب خانقاہ معلیٰ سری نگر کشمیر میں ہیں۔ حضرت نے اپنی زندگی میں 1400 اولیائے کرام سے ملاقات کی اور فیض حاصل کیا۔ جن میں سے 400 اولیائے کرام سے ایک مجلس میں فیض حاصل کیا۔ ایک روایت میں یہ اجتماع سلطان محمد خدا بندہ (717 سن ہجری م) سے منسوب ہے جس میں حضرت میر سید علی کی عمر مبارک تین یا چار سال بنتی ہے۔ (121) جبکہ دوسری روایت کے مطابق یہ اجتماع سلطان ابوسعید بہادر خان بن الجائتو سلطان بن ارغون خان بن اباقا خان (717ہجری سے 732ہجری) کے فرمان سے ہوا۔ (122)

یہ محفل جب ہوئی سید کی حیات مبارک 7 سال تھی اور یہی درست بھی ہے۔ اس اجتماع میں تمام سادات علمائے کرام اور مشائخ نے آپ کو ایک ایک سطر دعا کی تعلیم فرمائی بعد میں آپ کو خواب میں رسول اللہ ﷺ نے اوراد فتحیہ کا تحفہ دیا تو وہ یہی کلمات تھے۔

سیر و سیاحت (733 تا 753 سن ہجری)

آپ نے بیس سال مسلسل سیاحت کی جو کہ بہت طویل ہے اس میں بہت سے واقعات شامل ہیں جو ہم تحریر نہیں کر رہے۔ اگر ان واقعات کو تحریر کرنا شروع کر دیا جائے تو آپ کی سوانح عمری پر پی ایچ ڈی کی جا سکتی ہے۔ تاہم خلاصۃ المناقب سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ان علاقوں میں سفر کرتے رہے۔ مزدقان، ختلان، بلخ، بدخشان، ختا، یزد، شام، بغداد، حجاز، روم، ماوراالنہر، سراندیپ، ہندستان، چین، مشہد، کربلا، نجف، فرنگستان، ترکستان، لداخ، مکہ، مدینہ، قپچاق، جبل القاف، اسفرائن، کشمیر وغیرہ انسائیکلوپیڈیا سے اسلام میں لکھا ہے کہ آپ نے تمام اسلامی ممالک کی سیاحت فرمائی۔ (123)

ہمدان میں مراجعت اور تزویج (753 سے 773 ہجری)

753 ہجری یعنی 1352 عیسوی میں بمطابق تحائف الابرار اکیس یا بیس برس کے سفر کے بعد وطن مالوف میں مراجعت فرمائی۔ رسالہ مستورات میں ہے کہ آپ اسفرائن میں تھے۔ آپ کے مرشد نے آپ کو فرزند کی بشارت دی۔ اس وقت آپ کی عمر 40 سال تھی آپ کی تزویج ہمدان کے ہی ایک سید گھرانے میں ہوئی آپ کی زوجہ سیدہ حمیدہ بنت سید شرف تھیں۔ بعد کے بیس سال (753 تا 773 ہجری) آپ نے وطن مالوف ہمدان میں گزارے اور اپنی شہرآفاق تصانیف قلمبند کیں اور سالکان کی تربیت کی اس دوران آپ کا زیادہ وقت گنبد علویان میں گزرا اور آپ یہاں سے لوگوں کو فیض پہنچاتے رہے۔

ختلان میں اقامت (773 ہجری سے 780 ہجری)

اخی حاجی ختلانی نے قپچاق میں ایک عمارت تعمیر کروائی تھی یہاں پر میر سید علی ہمدانی نے 773 ہجری میں موسم گرما کے تین ماہ گزارے اسی سال آپ نورالدین جعفر بدخشی (صاحب خلاصۃ المناقب) کے وطن بدخشان تشریف لے گئے۔ 773 ہجری کے بعد آپ کا واپس ہمدان جانے کا ذکر کسی کتاب میں نہیں ملتا شوال 773 ہجری آپ بدخشان گئے اور تین ماہ بعد واپس ختلان آئے اسی سفر کے دوران آپ ربیع الاول 774 ہجری کو کشمیر تشریف لائے آپ نے ختلان میں ایک مسجد اور خانقاہ بھی تعمیر کروائی ختلان اور اس کے اطراف میں دعوت الی اللہ دیتے رہے۔

کشمیر میں اقامت

حضرت شاہ ہمدان پہلی مرتبہ 741 ہجری میں کشمیر آئے جو آپ کی بیس سالہ سیاحت کا ایک حصہ ہے پھر 760 ہجری کو آپ نے اپنے دو چچازاد بھائی سید تاج الدین ہمدانی اور میر سید حسین سمنانی کو کشمیر بھیجا تاکہ مقامی حالات دریافت کریں۔ یہ لوگ سلطان شہاب الدین (750 سے 771 ہجری) کے اہل حکومت میں تشریف لائے اور یہاں قیام فرمایا۔ میر سید حسین سمنانی نے کشمیر کے حالات شاہ ہمدان کو ختلان میں جا کر بتائے اور دوبارہ شاہ ہمدان نے انہیں 773 ہجری کو جب سید ختلان میں تھے۔ انہیں کشمیر بھیجا۔ (124) ربیع الاول 774 ہجری کو شاہ ہمدان جب ختلان سے ختا روانہ ہوئے تو پیر پنجال کے راستے کشمیر آئے اور محلّہ علاء الدین پورہ میں میر سید حسین سمنانی کے ہاں قیام پذیر ہوئے۔ (125) آپ کے ساتھ آپ کے چچازاد میر خلیل بھی تھے۔

انسائیکلوپیڈیا آف اسلام میں آپ کی آمد کی تاریخ 12 ربیع الاول 774 ہجری درج ہے۔ احمد راضی نے ہفت اقلیم میں لکھا ہے کہ عہد قطب الدین (772 تا 781 ہجری) میں آئے تھے۔ تاریخ فرشتہ اور سیر المتاخرین میں بھی یہی ہے کہ قطب الدین کی استدعا پر آئے اور یہ بھی تحریر ہے کہ آپ غیبی اشارہ سے کشمیر آئے اس دوران آپ نے کشمیر میں تبلیغ فرمائی اور صرف ایک دن میں ہی 37000 لوگ دائرہ اسلام میں داخل ہوئے۔ آپ نے بہت سے بت کدے توڑ ڈالے راجہ پرودسین کے بت خانے کو توڑا جس میں تین سواسی بت تھے۔ یہاں پر ایک چبوترا بنوایا اور لوگ جوق در جوق مسلمان ہونے لگے۔ آپ کو کشمیر میں اسلام کا بانی تسلیم کیا گیا ہے۔

لداخ اور ترکستان میں سفر

781 یا 783 ہجری میں آپ لداخ اور ترکستان میں تبلیغی دوروں پر گئے اور شہر اپیفوس میں بھی گئے اور لداخ اور ترکستان میں اسلام کی اشاعت کی۔ کشمیر کی طرح یہاں بھی آپ کو اسلام کا بانی قرار دیا جاتا ہے۔ یہاں پر بھی بہت سے لوگ آپ کے ہاتھ پر مسلمان ہوئے۔ لداخ میں پہلی مسجد شے (Shey) کے مقام پر میر سید علی ہمدانی نے بنوائی یہ روایت 1381 یا 1382 عیسوی کی ہے۔ آپ کو لداخ کی ملکہ نے دعوت دی تھی۔ جس کی کوئی اولاد نہ تھی۔ آپ کی دعا سے اس کی اولاد ہوئی اور دریائے شے سیلاب کے دنوں میں اس کے محل کو نقصان پہنچاتا تھا۔ آپ نے دریا پر چھڑی ماری آج تک دریا اس مقام پر خاموشی سے گزرتا ہے۔ ملکہ لداخ نے آپ کو جاگیر بھی مراحمت فرمائی۔ لداخ میں بھی آپ کو اسلام کا بانی تسلیم کیا گیا ہے۔

لداخ کا دارالحکومت لیے تھا یہاں مرکزی جامع مسجد اس کے قریب گھر بھی ہیں جو شاہ ہمدان کے نام سے مشہور ہیں۔ کتاب

(Recent Research on Ladakh four and Fifth proceding of four and fifth international colloquia on ladakh edit by Henry Osmaston and Phillip Danwood)

کے صفحہ نمبر 189 پر عبدالغنی شیخ کی طرف سے لکھا ہے کہ شاہ ہمدان کے اپنے کشمیر کی طرف دوسرے دورے میں جب وہ لداخ سے گزرے جب وہ کہ شگر جارہے تھے۔ لداخ میں بھی راوئیتی طور پر شاہ ہمدان کو اسلام کا بانی مانا جاتا ہے۔ اور بہت سی جامعہ مسجد بھی ان سے منسوب ہے۔

شاہ ہمدان کی آپ بلتستان میں آمد

☆ شاہ ہمدان کی بلتستان میں آمد اور اسلام کی بنیاد رکھنے کا ذکر بہت سے حوالوں سے ملتا ہے۔ مثلاً بلتستان میں اسلام میر سید علی ہمدانی لے کر آئے۔(126)

☆ جب اللہ کی دریائے رحمت میں اس کا فضل موجزن ہوا تو ہجرت نبویؐ کے 783 سال بعد مقیم خان والی چپلو کے عہد میں یہاں آفتاب اسلام طلوع ہوا۔ میر سید علی ہمدانی کشمیر سے یہاں پہنچے ان کے ہاتھ میں عصاء اور جسم پر گلیم تھا۔(127)

☆ 783 ہجری میں میر سید علی ہمدانی بلتستان آئے ڈیڑھ سال یہاں رہے اور یارقند چلے گئے۔(128)

☆ جس بزرگ نے بلتستان کے بدھ مت کے پیرا کاروں کو مذہب اسلام میں داخل کیا اور یہاں نور وحدت پھیلا کر کفر اور ظلمت کو دور کیا وہ میر سید علی ہمدانی تھے۔(129)

☆ شاہ ہمدان لداخ بلتستان گلگت اور نگر وغیرہ کے علاقوں میں اور یہاں پہلی بار اسلام کی آواز پہنچائی۔ بلتستان میں آپ پہلے مبلغ جانے جاتے ہیں۔(130)

☆ سرزمین بلتستان میں اسلام میر سید علی ہمدانی اور ان کے مریدوں کی وجہ سے پھیلا اور کفر و شرک کے تاریکیاں دور ہوئی۔(131)

☆ میر سید علی ہمدانی اور ان کے مریدوں کی کوششوں سے بلتستان کا طول و عرض اسلام کے نور سے منور ہوا۔(132)

شاہ ہمدان کی بلتستان میں آمد کے واقعات کتاب تحفۃ الاحباب جو شمس الدین عراقی کے سوانح عمری پر کتاب ہے۔ میں تفصیلی ذکر موجود ہے۔ یہ کتاب نویں اور دسویں ہجری کی مسلک نوربخشیہ کی بہترین کتاب ہے۔ جسے 1992 پہلی بار برادر محمد رضا نے شائع کیا۔ 2009 میں یہ دوبار شائع ہوئی۔ اس کا فارسی تحقیقی متن ڈاکٹر غلام رسول جان نے سری نگر سے شائع کیا۔ اس کے مشہور قلمی نسخے مولوی محمد ابراہیم چھچن پا پولو کے پاس ہے اور مولوی محمد علی غربو چنگ چپلو کے پاس موجود تھا۔ ہم ان کتابوں کی روشنی میں شاہ ہمدان کی بلتستان کی آمد پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔

شاہ ہمدان سکردو میں

میر سید علی ہمدانی پہلے بارزوجی لا پاس کے ذریعے بلتستان میں داخل ہوئے۔(133)۔ میر سید علی ہمدانی غبیار سا یعنی سطح مرتفع دیوسائی کے ذریعے سکردو پہنچے بادشاہ وقت کو اسلام کی دعوت دی۔ حسین آبادی رقم طراز ہیں کہ آپ کی تبلیغ سے لوگ رفتہ رفتہ اسلام میں داخل ہوئے۔ یہاں تک کے پہلی مسجد کھری ڈونگ پر تعمیر کی گئی پھر گمبہ سکردو میں جامع مسجد تعمیر کی (134)۔ کھری ڈونگ اب بھی موجود ہے مگر مسجد کے آثار باقی نہیں۔ سکردو سے آپ موجودہ حسین آباد پہنچے جو پہلے کفچوں کہلاتا تھا۔ آپ نے یہاں ایک مسجد کی بنیاد رکھی جو محلّہ بیورنگ میں موجود ہے اور اس کی تعمیر نو ہو چکی ہے۔ (نسخہ مولوی ابراہیم)

شاہ ہمدان شگر میں

جب آپ شگر پہنچے تو شگر میں بہت بڑا میلہ ہو رہا تھا۔ لوگ چوگان بازی (پولو) دیکھ رہے تھے۔ میر سید علی ہمدانی نے موقع کو غنیمت جان کر یہاں صدائے حق بلند کی اور دعوت اسلام دینے لگے۔ روسائے شگر میں آپ سے کرامت کا مطالبہ کیا اور کہا کہ میدان میں ایک ابھری ہوئی چٹان ہے جو گھوڑوں کے لئے خطرہ ہے جسے کوشش کے باوجد ختم نہ کیا جاسکا۔ آپ نے بسم اللہ پڑھ کر چٹان پر اپنا عصاء مارا تو وہ زمین میں دھنسنے لگی اور چٹان ہموار ہوگئی۔ شگر کے لوگ بتاتے ہیں اسی جگہ اب بھی گھڑا پڑ جاتا ہے۔ شگر میں آپ نے دو مساجد کی بنیاد رکھی۔ ایک چھ برونجی کے محلے میں اور دوسری ام بوڈک میں (نسخہ مولوی ابراہیم)۔

شاہ ہمدان تھلے اور بلغار میں

میر سید علی ہمدانی شگر کے بعد تھلے پہنچے۔ ربیع کا موسم تھا اور دوپہر کا وقت تھا۔ آپ کو سخت پیاس محسوس ہوئی ساتھ ہی کھیت میں چند عورتیں گھاس پھوس اکھیڑنے میں مصروف تھیں۔ شاہ ہمدان نے پانی پلانے کو کہا تو ان میں سے ایک عورت نے کہا آپ کسی اور سے کہیں ہم یہاں کھیتوں میں مصروف ہیں ہم پانی نہیں پلاسکتیں۔ آپ کو جلال آگیا اور زبان مبارک سے نکل گیا خدا تم سب کو ہمیشہ مصروف رکھے۔ اس کے بعد اس علاقے میں عورتوں کے درگت بنی ہوئی ہے۔ جتنا گھاس پھوس اکھاڑا جائے پھر پیدا ہو جاتا ہے۔ موضع تھلے کے

دلتر گاؤں کے پاس بید مجنوں کا ایک درخت ہے یہاں کے لوگوں کا عقیدہ ہے کہ یہ درخت دراصل سید علی ہمدانی کا عصاء ہے۔ جسے آپ نے اس مقام پر رکھا اور وہ پودا بن گیا۔
یہاں کے لوگوں کو مسلمان بنانے کے بعد سید علی ہمدانی موضع بلغار پہنچے۔ یہاں کے سرگردان لوگ آپ کے پاس آئے اور با خوشی اسلام قبول کیا۔ یہاں سے آپ موضع ڈوغنی گئے۔شاہ ہمدان خپلو میں موضع ڈوغنی سے آپ وادی خپلو میں داخل ہوئے اس وقت خپلو کے حکمران کا پایہ تخت سلینگ تھا۔آپ نے وہاں تبلیغ کا کام شروع کیا یہاں کے راجہ مقیم نے اسلام قبول کرلیا۔ یہاں پر ایک بدھ مت کا گرو تھا جو آپ کے کمالات سے خائف ہوگیا۔(نسخہ مولوی علی)

شاہ ہمدان سلتو رمیں

اسکے بعد شاہ ہمدان چھور بٹ روانہ ہوئے اور جگہ جگہ لوگوں کو مسلمان بناتے گئے۔ بدھ مت اور بون چھوس کے مراکز منہدم کراتے گئے اور مساجد تعمیر کرتے گئے۔آپ نے سرموں اورکواس (امیر آباد) میں ایک مسجد کی بنیاد رکھی اور چھور بٹ کے ایک گاؤں چولونگ پہنچے یہاں سے نالہ چولونکھا کے ذریعے سلتو ر میں داخل ہوئے۔(مولوی علی)
یہاں آپ کو سخت پیاس لگی ایک عورت پاس ہی کھیت میں کام کر رہی تھی۔آپ نے اس سے پیاس کا ذکر کیا تو وہ خوشی خوشی گھر گئے اور دودھ اور لسی لے آئے۔آپ اس سے خوش ہوئے اور دعا دی اللہ تم سب کو اس کام کی کلفت سے نجات دلائے۔اس وقت سے اس علاقے میں گوڈی کرنے کی ضرورت پیش نہیں پڑی۔ جونہی گوڈی کرنے کا موسم آتا ہے سارے گھاس پھوس خد بخود سٹر کر کھاد بن جاتے ہیں۔اس کے بعد آپ کندولس پہنچے۔ یہاں تھولدی اور برق گھو کے درمیان کسی شخص نے آپ کی دعوت کی اور دھوکے سے کتا پکا کر آپ کو کھلانے لایا۔آپ نے ایک نظر دیکھا تو کتا زندہ ہوگیا۔ کچھ مدت بعد یہاں سیلاب آیا اور یہ علاقہ تا حال ویران ہے۔اس کے بعد مسجد موضع پھڑ اوا میں مسجد بنائی ان علاقوں میں اسلام کی اشاعت کے بعد آپ سیاچن گلیشیر کے ذریعے ترکستان کے شہر یارقند چلے گئے۔شاہ ہمدان وہاں سے ختلان چلے گئے۔

شاہ ہمدان دوبارہ بلتستان میں

ترکستان میں ڈیڑھ سال گزارنے کے بعد آپ785ہجری میں شگر کے علاقے براله پہنچے۔اس بار آپ قراقرم اور سیاچن کے بجائے درہ مفتاغ پار کرتے ہوئے آئے۔تو غوری تھم کو اسلام نصیب ہوا۔ جو یہاں کا حکمران تھا۔ پہلے دورے میں جس مساجد کی بنیاد رکھی وہ مکمل ہو چکی تھیں۔ قیام شگر کے دوران مسجد چھ برونچی مکمل کروائی۔اس کی دیواروں میں سورہ مزمل تحریر فرمائی۔مولوی حشمت اللہ دوران وزارت تک یہ تحریر موجود تھی۔(135)

وصال مبارک

ذالقعد786ہجری کو کنار میں شاہی مہمان کی حیثیت سے رہے یکم ذوالحجہ786ہجری کو آپ علیل ہوئے اور پانچ روز اسی طرح علالت میں گزرے۔سید کی وفات6ذوالحجہ786ہجری19جنوری1385سن عیسوی کو ہوئی۔خلاصۃ المناقب میں آپ کی وفات کنار کے علاقہ میں بتائی گئی۔اس سے کچھ دن قبل آپ پکھلی میں بھی رہے۔رسالۃ المستورات میں لکھا ہے کہ شاہ ہمدان میں ختلان میں ایک خطہ زمین خرید کر مریدین کو نصیحت فرمائی تھی کہ ان کو یہیں پر دفن کیا جائے۔ جب کہ سلطان محمد خضر شاہ چاہتا تھا کہ حضرت کو پکھلی میں دفن کرے اور مریدین جو ہم رکاب تھے ختلان لے جانا چاہتے تھے۔ بقول مفتی غلام سرور طرفین کا اصرار بڑھا تو شیخ قوام الدین بدخشی نے کہا جو جماعت تابوت اٹھا سکے وہی اپنی مرضی کے مطابق دفن کرے۔ سلطان کے ملازمین پوری قوت کے باوجود تابوت نہ اٹھا سکے۔اور آپ کے مریدین نے یک بارگی میں تابوت اٹھالیا قاضی نوراللہ شوستری لکھتے ہیں کہ جب تابوت ختلان پہنچا تو اس قدر خوشبو آرہی تھی کہ فضا معطر ہوگئی۔مزید فرشتے سفید ابر کی مثل جنازہ پر سایہ فضل تھے۔(136) خلاصۃ المناقب میں ہے کہ25جمادی الاول سن787ہجری کو تابوت ختلان میں پہنچا اور آپ کو کولاب میں دفن کیا گیا۔

مزار مبارک

آپ کا مزار ختلان کے علاقے کولاب میں ہے۔آج کل یہ شہر تاجکستان میں ہے۔مزار کے نو گنبد ہیں دو بڑے اور سات چھوٹے ہیں۔مزار کے ساتھ ایک خوبصورت باغ ہے۔مزار میں آپ کے علاوہ آپ کے بیٹے میر سید محمد ہمدانی آپ کی بہن سیدہ ماہ خراسانی اور اولاد میں سے دیگر افراد بھی دفن ہیں اس کے علاوہ باہر ایک چبوترے میں طلقان کے ایک فرد کی قبر بھی ہے۔یہ بزرگ سید کے مزار کے متولی کی حیثیت سے رہتے تھے۔

خانقاہ معلیٰ

کشمیر میں محلّہ علاءالدین پورہ جہاں آپ قیام پذیر ہوئے آپ نے وسیع و عریض خطہ خرید کر مسجد تعمیر کروائی اور یہ خانقاہ معلیٰ کے نام سے مشہور ہوئی۔ یہاں لاکھوں کی تعداد میں لوگ آپ کے ہاتھ پر مسلمان ہوئے۔یہ خانقاہ کشمیر میں مرکزی حیثیت رکھتی ہے۔آپ کی شان میں شاعر مشرق علامہ اقبال اس طرح منظوم خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔

سیدالسادات سالارعجم	دست اومعمار تقدیرامم
تاغزالی دست اللہ ھوگرفت	ذکروفکرازدودمان اوگرفت
مرشدآں کشورمینونظیر	میرودرویش وسلاطین رامشیر
خطہ راآں شاہ دریاآستین	دادعلم وصنعت وتہذیب ودیں
آفریدآں مردایران صغیر	باہنرملتے غریب ودل پذیر
یک نگاہ اوکشایدصدگرہ	خیزوترش رابدل راہے بدہ

میرسیدعلی ہمدانی کے ارباب اختیارمریدین

سلطان قطب الدین۔حاکم کشمیر	علی الدین۔حاکم پکھلی ہزارہ	سلطان محمدشاہ۔حاکم بلخ	راجہ مقیم خان۔حاکم حپلو
غیاث الدین۔حاکم ہرات	فیروزشاہ تغلق۔حاکم ہندوستان	بہرام شاہ۔حاکم بدخشان	غوطہ چونگے۔حاکم سکردو
غوری تھم۔حاکم شگر	سلطان محمدخضرشاہ۔حاکم کنار		

تذکرہ میرسیدمحمد ہمدانی بن میرسیدعلی ہمدانی بن میرسیدشہاب الدین سیاہ بزاش

آپ کی ولادت 774 سن ہجری بمطابق 1372 سن عیسوی میں ہوئی۔والدہ کا نام سیدہ حمیدہ بنت سیدشرف تھا۔میرسیدعلی ہمدانی المعروف شاہ ہمدان کے وصال کے وقت آپ کی عمر12 سال تھی۔

ورودکشمیر

حضرت امیرکبیرسیدعلی ہمدانی کی وفات کے دس سال بعد 22 سال کی عمر میں 796 سن ہجری بمطابق 1393 سن عیسوی آپ 300 مریدین کے ساتھ کشمیر آئے سلطان سکندر نے آپ کے دست مبارک پر بیعت کی سلطان نے آپ کی رہائش کے لیے محلّہ نوہٹہ میں ایک عالیشان مکان تعمیر کروایا۔آپ کے فرمان کی تکمیل میں اس نے بت خانہ کالی شور کی جگہ خانقاہ تعمیر کروائی۔ یہاں پر حضرت امیرکبیرسیدعلی ہمدانی کا چغہ اور عصا بھی محفوظ ہے جس کی زیارت کے لیے ہرسال اہل کشمیر جمع ہوتے ہیں۔حضرت میرسیدمحمد ہمدانی کے پاس ایک بدخشانی لعل تھا جوانہوں نے سلطان کو تحفہ کے طور پر پیش کیا،سلطان نے اس کی قدرکرتے ہوئے تین گاؤں جن میں قصبہ ترال،نونہ اورواچی حضرت کی نذرکئے جوآپ نے درویشوں اور خانقاہ کے اخراجات کے لیے دے دیے۔آپ نے وقف نامہ اپنے ہاتھ کے ذریعے کیا اور سلطان نے بھی اپنی سند تیار کی اور دونوں کاغذات اپنی اصلی حالت میں آج بھی موجود ہیں۔

ازدواجی زندگی

آپ کا نکاح سیدہ تاج خاتون بنت سیدحسن بہادر بن سیدتاج الدین ہمدانی بن سیدحسن الحسینی بن سیدمحمد الباقرحسینی سے ہوا۔جوکہ آپ کے جدی رشتہ داروں میں سے تھیں۔سیدہ تاج خاتون فیروزشاہ تغلق کی نواسی بھی تھیں۔سیدحسن بہادر کی شادی تغلق خاندان میں ہوئی تھی اور سیدحسن بہادرسلطان شہاب الدین کی فوج کے سپہ سالار تھے۔ اورسلطان نے آپ کورستم ہند کا خطاب دیا تھا۔سیدہ تاج خاتون سے ہی میرمحمد ہمدانی کی اولاد چلی مگرپانچ سال بعد اللہ کو پیاری ہوگئیں۔آپ کا مدفن محلّہ فتحکدل سری نگر میں ہے

آپ بہت عبادت گذار خاتون تھیں۔اس کے بعد میر سید محمد ہمدانی کا دوسرا نکاح ملک سیف الدین جو سلطان سکندر کا وزیر تھا کی بیٹی بارعہ خاتون سے ہوا۔کچھ عرصہ بعد وہ بھی فوت ہوگئیں۔کوتھروان کے ایک باغ کے اندر جو حضرت کی ذاتی ملکیت تھا میں دفن ہوئیں۔یہ جگہ سری نگر سے 5 میل دور چرار روڈ پر کرالہ پورہ ودماجی کے نام سے مشہور ہے۔

حج بیت اللہ سے واپسی اور ختلان میں وفات

آپ حج بیت اللہ کے لیے تشریف لے کر گئے اور واپسی پر ختلان چلے گئے۔ جہاں 17 ربیع الاول 854 ہجری میں بمطابق 1452 کو 80 سال کی عمر میں وفات پا گئے اور اپنے والد کے ساتھ دفن ہوئے۔اہل کشمیر ترال میں 17 ربیع الاول کے دن آپ کا عرس مناتے ہیں۔

اولاد

آپ کی اولاد میں سید حسن ہمدانی، سید حسین ہمدانی، علاؤالدین اور ابوعلی عمر ہمدانی ہیں۔

تذکرہ میر سید حسن ہمدانی بن محمد ہمدانی بن میر سید علی ہمدانی بن میر سید شہاب الدین سیاہ بزاش

آپ کی ولادت کشمیر میں ہوئی، والدہ کا نام سیدہ تاج خاتون بنت سید حسن بہادر تھا۔آپ نے زندگی کا زیادہ عرصہ کولاب میں گزارا روایت ہے کہ تیموری خاندان میں اچانک وبا پھوٹ پڑی اور کئی شہزادے اور شہزادیاں اس کی لپیٹ میں آ گئے تب کئی حکیموں اور طبیبوں سے علاج کروانے کے بعد جب کوئی بات نہ بنی تو کسی درویش کے کہنے پر خانوادہ شاہ ہمدان سے معافی مانگی کیونکہ امیر تیمور نے ناحق شاہ ہمدان کو تنگ کیا تھا۔آپ کی دعا سے تیموری خاندان صحت یاب ہوا پھر اسی تیموری خاندان میں آپ کے دادا حضرت شاہ ہمدان کا مزار بھی بنوایا۔آپ کا انتقال 53 سال کی عمر میں کولاب میں ہوا اور اپنے دادا کے قریب ہی دفن ہوئے۔آپ کی کنیت ابوجعفر تھی۔آپ کی اولاد میں سید احمد قتال، میر کرم علی ہمدانی اور قاسم ہیں۔

تذکرہ سید احمد قتال بن میر سید حسن ہمدانی بن میر سید محمد ہمدانی بن میر سید علی ہمدانی

آپ کا نام احمد، لقب قتال، مولد کولاب اور کنیت ابوعبداللہ تھی۔والدہ سکینہ المعروف زلیخا بنت عبدالرحمان جعفری تھیں۔آپ نے فرغانہ میں بدھ مت کے خلاف جہاد بھی کیا۔جس کی وجہ سے سلطان عمر شیخ مرزا آپ پر بہت اعتماد کرتا تھا، کیونکہ فرغانہ میں بدھ مت کا کافی اثر و رسوخ تھا اور سلطان کی فوج ان سے عاجز تھی۔سید احمد قتال نے جہاد میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اسی لیے آپ کے نام کے ساتھ قتال آتا ہے۔آپ کی قدر کرتے ہوئے آپ کو ہمدان جو آپ کے اجداد کا علاقہ تھا کا رئیس اعلیٰ بنا دیا گیا۔تاریخ ایران میں حسنی خاقانی نے لکھا ہے کہ سلطان عمر شیخ آپ پر اعتماد کرتا تھا۔آپ کی وفات 102 سال کی عمر میں ہمدان میں ہوئی اور مدفن باغ علی میں ہوئے۔اولاد میں سید نور الدین کمال، سید باقر، سید ناصر، سید شیث، سید رکن الدین ہیں۔

تذکرہ سید نورالدین کمال بن سید احمد قتال بن میر سید حسن ہمدانی بن میر سید محمد ہمدانی

مولد فرغانہ، نام نورالدین، لقب کمال کنیت ابوالحسن تھی۔والدہ ام کلثوم بنت ضیاالدین سبزواری تھیں۔آپ نے اپنے والد کی چھوڑی ہوئی مہم کو جاری رکھا اور ماوراالنہر کے دور دراز علاقوں تک بدھ مت کے مندروں کو مسمار کیا۔آخری عمر میں ہمدان آئے اور ہمدان میں انتقال فرمایا اور گنبد علویان میں دفن ہوئے۔عوام الناس میں ابوالحسن سے شہرت رکھتے ہیں جو آپ کی کنیت تھی۔آپ کی عمر 57 سال تھی۔اولاد میں سید شاہ محمد جعفر، سید احمد کبیرالدین، اسحاق، نوح، ابراہیم اور مرتضیٰ ہیں۔

پیچھے صفحہ نمبر 53 سے
دفتر العابدیہ الحسینیہ الاعرجیہ الھمدانیہ
اولاد میر کبیر سید علی ہمدانی بن سید شہاب الدین سیاہ بزاش
میر سید محمد ہمدانی من نور حقانی
حسین
علاؤ الدین
میر سید حسن ہمدانی
سید ابو علی العمر ہمدانی
سید احمد ہمدانی
میر سید کمال الدین حسین ہمدانی
(اولاد صفحہ نمبر 92 پر ہے)
قاسم
سید احمد قتال
میر کرم علی
شیث
سید نور الدین کمال
ناصر
رکن الدین
باقر
سید شاہ محمد جعفر
سید اسحاق
نوح
مرتضیٰ
سید احمد کبیر الدین
(اولاد صفحہ نمبر 113 سے کتاب ہذا کے آخر تک موجود ہے)
ابراہیم
سید سیف الدین
سید کمال الدین
سید علاؤ الدین ہمدانی المعروف شاہ علاول وڈا شہید (تذکرہ نمبر 1)
حافظ سید محمد شاہ ہمدانی (تذکرہ نمبر 2)
قاضی سید منور شاہ ہمدانی (تذکرہ نمبر 3)
سید شاہ ملوک ہمدانی
سید شاہ عبد الشکور ہمدانی
سید شاہ ایوب ہمدانی
سید علی احمد المعروف عین الدین
سید جمال الدین ہمدانی
سید شاہ محمد ہمدانی
سید شاہ مرتضیٰ ہمدانی
سید شاہ ابو طالب ہمدانی
سید شاہ رحمت اللہ ہمدانی (اولاد صفحہ 90 پر ہے)
سید شاہ محمد اشرف
سید شاہ محمد قاسم
سید شاہ محمد زاہد (تذکرہ نمبر 4)
سید کامل شاہ
(اولاد صفحہ نمبر 89 پر ہے)
سید ہاشم شاہ خیر پوری (تذکرہ نمبر 5)
(اولاد صفحہ نمبر 88 پر ہے)
میر مہر علی ہمدانی
میر حسن علی ہمدانی
میر نادر علی ہمدانی
میر محبّ علی ہمدانی
میر حُب علی ہمدانی
میر سید ولی ہمدانی
میر خاک علی ہمدانی
میر شاہو ہمدانی
میر باہو ہمدانی
میر آہو ہمدانی
میر لالا ہمدانی
میر خوشحال ہمدانی
میر درویش ہمدانی
میر برقا ہمدانی
مصلحت اللہ المعروف میر عوض علی ہمدانی
سید علی ہمدانی
حامد شاہ
راجن ہمدانی
شاہنواز ہمدانی
شاہ امیر ہمدانی
(اولاد صفحہ نمبر 86 پر ہے)
شجرہ بمطابق سالار عجم وقلمی نسخہ جات سادات ہمدانیہ (صفحہ نمبر 273)

پیچھے صفحہ نمبر 85 سے
اولاد امیر شاہ ہمدانی بن میر مصلحت اللہ المعروف میر عوض علی ہمدانی رحمتہ اللہ علیہ
امام شاہ ہمدانی
سید سیدن شاہ ہمدانی
سید احمد غوث ہمدانی
امیر حسین شاہ ہمدانی
منظور الٰہی ہمدانی
سید محمد نواز ہمدانی
عتیق الرحمٰن ہمدانی
محمد رضا ہمدانی
عابد رضا ہمدانی
شاہد رضا ہمدانی
صُہیب حسن ہمدانی
علی حیدر ہمدانی
غلام مرتضٰی ہمدانی
نظام شاہ ہمدانی
سید عمر وڈہ شاہ ہمدانی
سید صالح ہمدانی
محمد حسین ہمدانی
فضل حسین ہمدانی
(اولاد صفحہ نمبر 87 پر ہے)
خادم حسین ہمدانی
(اولاد صفحہ نمبر 87 پر ہے)
محمد یٰسین ہمدانی
نذر حسین ہمدانی
سجاد الرحمٰن ہمدانی
محمد حسن ہمدانی
چن شاہ ہمدانی
محمد سعید ہمدانی
منیر نذر ہمدانی
عمر فاروق ہمدانی
محمد نعیم ہمدانی
مزمل ہمدانی
سید احمد ہمدانی
بہرام ہمدانی
رضوان ہمدانی
ابراہیم ہمدانی
حمزہ ہمدانی
عبدالرحمٰن ہمدانی
سادات ہمدانیہ موضع ہمدانی والا ضلع مظفر گڑھ پنجاب

پیچھے صفحہ نمبر 86 سے
اولاد سید صالح ہمدانی بن عمروڈہ شاہ ہمدانی بن نظام شاہ ہمدانی
محمد حسین ہمدانی
(اولاد صفحہ 86 پر بیان ہو چکی)
فضل حسین ہمدانی
خادم حسین ہمدانی
صفدر عباس ہمدانی
اختر عباس ہمدانی
مظہر عباس
طاہر عباس
اظہر عباس
مجاہد رضا ہمدانی
شمائل رضا ہمدانی
محمد حسین مہدی
عباس مہدی
منیب ہمدانی
خبیب ہمدانی
ارسلان ہمدانی
خضر عباس ہمدانی
یاسر عباس ہمدانی
صالح محمد ہمدانی
محمد محسن رضا ہمدانی
ذوالفقار علی ہمدانی
سید عاشق ہمدانی
محمد سلیم ہمدانی
غلام مصطفیٰ ہمدانی
غلام شبیر ہمدانی
فیض کریم ہمدانی
محمد اسلم ہمدانی
نصیر شاہ ہمدانی (لاولد)
اکبر شاہ ہمدانی
محمد عامر ہمدانی
ابوبکر ہمدانی
احتشام الحق ہمدانی
گوہر مصطفیٰ ہمدانی
دانیال مصطفیٰ
شاہ محمد ہمدانی
موسیٰ کاظم ہمدانی
محمد عارف ہمدانی
محمد طارق ہمدانی
محمد آصف ہمدانی
محمد کاشف ہمدانی
شاہ فہد ہمدانی
محمد سلمان ہمدانی
محمد یوسف ہمدانی
اویس ہمدانی
محمود ہمدانی
سید محمد عاصم ہمدانی (لاولد)
محمد اکرم ہمدانی
محمد ارشد ہمدانی
عثمان ہمدانی
جرید ہمدانی
جمشید ہمدانی
سید کامران ہمدانی
حمزہ ہمدانی
مزمل ہمدانی
شرجیل ہمدانی
سید بلال
حماد الرحمٰن
سادات ہمدانیہ موضع ہمدانی والا ضلع مظفر گڑھ پنجاب

پیچھے صفحہ نمبر85 سے
اولاد سید ہاشم خیر پوری بن سید شاہ محمد زاہد الھمدانی
سید حافظ محمد شاہ ھمدانی
سید محمود شاہ المعروف شاہ بلاق
سید عباس علی شاہ
سید احمد شاہ
سید محمد زمان شاہ
سعادت علی شاہ
ممتاز علی شاہ
امانت علی شاہ
سید غلام محی الدین شاہ
عبداللہ شاہ
عبدالماجد شاہ
سید عبدالرشید
سید محبوب نبی شاہ
سید عباس علی شاہ
سید عبدالباسط
سید ہاشم شاہ
سید بلاول شاہ
سید عطااللہ
حبیب اللہ
محمد زاہد
عبیداللہ
ممتاز علی شاہ
عبدالمالک
سید منظور الحسن
سید عبدالستار
سید محمد شاہ
سید محمود شاہ
سید عبدالسلام
خلیل الرحمٰن
عمر فاروق
محمد احمد
مظہر صدیق
جمیل الرحمان
(ان حضرات کی اولاد خیر پور ٹامیوالی بہاول پور میں ہے)
سید مسعود ہمدانی
سید امجد شاہ ہمدانی
سید مرتضیٰ حسن شاہ
ڈاکٹر قبلہ سید عبدالرحمان ہمدانی (تذکرہ نمبر6)
(ان حضرات کی اولاد خیر پور ٹامیوالی بہاول پور میں ہے)

پیچھے صفحہ نمبر 85 سے

پیچھے صفحہ نمبر 85 سے
اولاد سید رحمت اللہ بن سید شاہ میر مرتضیٰ بن سید شاہ محمد ہمدانی
سید منور شاہ ہمدانی
سید امام الدین شاہ ہمدانی
سید غلام محمد شاہ
سید مصطفٰے شاہ ہمدانی
سید نظام الدین شاہ ہمدانی
سید قطب شاہ
سید فضل شاہ
سید ناصر شاہ
بہادر شاہ
قادے شاہ
مہتاب شاہ
سید قمر الدین شاہ
سید قاسم شاہ
سید احمد شاہ ہمدانی
سید محمد شاہ ہمدانی
سید شیر شاہ
سید اکبر شاہ
سید غلام محمد شاہ
رحمت علی شاہ
مہتاب شاہ
بڈھن شاہ
بہادر شاہ
سید فتح علی شاہ ہمدانی
سید مراد علی شاہ
علیم اللہ شاہ
المعروف فرزند علی شاہ
برکت علی شاہ
محمد علی شاہ
ڈاکٹر جاوید شاہ
شفیق شاہ
سید افضال شاہ
(ان کی اولاد لاہور میں آباد ہے)
سید عبداللطیف شاہ
سید جماعت علی شاہ
فضل حسین شاہ
منظور حسین شاہ
مقبول شاہ
سید غلام حسن شاہ
سید فضل حق شاہ
چن اصغر المعروف سید امیر شاہ ہمدانی
سید مقبول احمد
سجاد شاہ
عبدالقادر شاہ
یوسف شاہ
سید امیر شاہ
سید محبوب الٰہی
سید احسان الحق شاہ
سید اسرار الحق شاہ ہمدانی
(ان کی اولاد کوٹ عثمان خان قصور میں آباد ہے)
سید غلام محمد شاہ ہمدانی (کوٹ عثمان خان قصور)
عمران علی شاہ
عبیداللہ شاہ
سید اعجاز
سید محمود الحق
سید مسعود الحق
سید زعیم الحق
سید علی الحق
سید الیاس حسین
سید ممتاز الحسن
سید علی رضا الحسن
سید فاروق الحسن
سید کبیر علی
سید صفدر احمد حسن
سید اسد احمد حسن (مرحوم)
محمد طفیل شاہ
المعروف سید غلام اصغر
ناصر حیدر
سید امیر قاسم
سید قوی محمود
سید امتیاز
سید قاسم علی
سید اعظم محمود
سید ذاکر حسین
سید خالد حسین
سید محمود
سید محمد احمد
سید مظفر علی
سید طارق محمود
سید یاسر محمود
سید عبدالرحمٰن
سید وجاہت علی
سید آصف علی
سید محمد تطہیر غوث
سید محمد سفیر حیدر
سید وقار علی حیدر
سید افتخار حسین
سید دلدار حسین
سید ذوالفقار
سید نوید رحمٰن
سید حذیفہ
سید فواد
سید فیض رسول
سید احسن علی
سید حسنین علی
سید محمد علی زین
سید انور شاہ ہمدانی
غوث زمان قطب العالم
سید سخی امان اللہ شاہ ہمدانی
(مزار کھیم کرن حال ہندستان)
سید الف شاہ ہمدانی
سید حسن شاہ ہمدانی
سید فضل شاہ ہمدانی
سید امام شاہ ہمدانی
سید غضنفر شاہ ہمدانی
سید اصغر شاہ ہمدانی
سید عبداللطیف شاہ ہمدانی
سید عبداللہ شاہ ہمدانی
(ان کی اولاد اول کھیم کرن ہندستان
بعد مخن آباد بہاول پور پاکستان میں ہے)

تذکرہ نمبر 1: سید علاء الدین ہمدانی المعروف وڈا شہید بن سید کمال الدین بن سید سیف الدین

آپ کا نام سید علاء الدین ہمدانی تھا۔ آپ سید احمد قتال کی تحریک کو آگے لے کر بڑھے جو نسل بہ نسل آپ تک پہنچی۔ آپ کا ذکر ایک گورمکھی کتاب جا کا مؤلف گھبیر سنگھ ہے میں ملتا ہے اور اس کے مطابق آپ ہندوؤں اور سکھوں سے لڑتے ہوئے بمقام تلہ گنگ شہید ہوئے۔ آپ کا قاتل کرتار سنگھ تھا۔ آپ عوام میں علاول مشہور ہوئے اور بعد شہادت وڈا شہید کہلائے۔ مقام جنگ و شہادت طلقا تھا۔ جو موجودہ تلہ گنگ سے قریباً سوا میل بجانب جنوب مغرب واقع ہے۔ آپ کا مزار طلقا قبرستان میں اب بھی ایک حویلی کے اندر موجود ہے۔ طلقا کی آبادی 1700 سو عیسوی میں تلہ گنگ منتقل ہوئی اور سرسری بندوبست سے پہلے اس کا نام طلقا کی مناسبت سے طلہ گنگ رکھا گیا۔ جو اب تلہ گنگ ہے۔ (سرکاری گزٹ کیمبلپور حال ضلع چکوال) (137) یہ مشن آپ کو آباؤ اجداد سے ملا جو نور الدین کمال کے بعد شاہ محمد جعفر سے ہوتا ہوا سید سیف الدین تک آیا اور پھر سید کمال الدین سے آگے دو بیٹے سید علاء الدین اور سید جان محمد۔ سید جان محمد علی گڑھ چلے گئے اور سید علاء الدین تلہ گنگ آ گئے۔ آپ سادات ہمدانیہ میں اول تھے جو ہندستان آئے۔

تذکرہ نمبر 2: حافظ سید محمد ہمدانی المعروف حافظ سید بن سید علاء الدین ہمدانی المعروف وڈا شہید

صاحب سالار عجم سید عبدالرحمان ہمدانی نے صفحہ نمبر 186 پر تحریر کیا ہے کہ آپ اپنے والد کے شانہ بشانہ سکھوں سے لڑائی میں شریک تھے۔ والد ماجد کی شہادت کے بعد بمراہ افغانان کشمیر و سرحد جو آپ کے خاندان کے معتقد تھے غالباً 1570 سن ہجری میں نقل مکانی کر کے قصور تشریف لے آئے۔ قصور کے اکثر علماء آپ کے شاگرد تھے۔ آپ کی تصانیف میں فتاویٰ، بر ہنہ کی مبسوط شرح ہے۔ آپ کا مزار شہر قصور کے بڑے قبرستان کے شمالی حصہ میں کھیم کرن جاتے ہوئے صدر دیوان سے آگے سڑک کے بائیں ہاتھ پر واقع ہے۔

تذکرہ نمبر 3: قاضی سید منور ہمدانی بن حافظ سید محمد ہمدانی

آپ مغل دور میں قصور کے قاضی تھے۔ آپ شریعت کے مطابق فیصلہ فرماتے تھے۔ قصور کے افغان سرداروں میں سے اکازئی آپ کے مریدوں میں سے تھے۔ آپ صاحب ارشاد بزرگ تھے۔ مدفن قصور کے بڑے قبرستان میں شمال مغربی جانب ہیں۔

تذکرہ نمبر 4: سید شاہ محمد زاہد بن سید شاہ محمد قاسم ہمدانی

آپ بھی شاہان دہلی کی طرف سے قاضی مقرر تھے اور قاضی سعد الدین کے نائب تھے۔ علوم دینیہ اور عربی میں دست گاہ کامل رکھتے تھے۔ حافظ قرآن تھے۔ خط نسخ کے بھی ماہر تھے۔ آپ کا نقش نگین الھمہ اجعلنی زاہدا تھا۔ حضرت بابا بلھے شاہ کے انتقال کے وقت علماء ان کے ظاہری حالات کی وجہ سے ان کی نماز جنازہ میں شرکت سے گریز کر رہے تھے۔ عمائدین شہر نے آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر حال بیان فرمایا تو آپ پر ایک رقت طاری ہوگئی آپ نے فرمایا: ''خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں تو پھر چوں چرا کی کیا گنجائش ہے۔'' پھر علماء نے آپ کی اقتداء میں نماز جنازہ ادا کی۔

تذکرہ نمبر 5: سید ہاشم شاہ خیر پوری بن سید شاہ محمد زاہد ہمدانی

آپ کی پیدائش کوٹ مراد خان قصور میں 1169 سن ہجری بمطابق 1752 عیسوی کو ہوئی۔ آپ ولی الکامل قادر الکلام شاعر اور فنافی اللہ تھے۔ کوٹ مراد خان کے جنوبی قبرستان میں کئی لوگوں نے آپ کو متفرق الاعضاء دیکھا۔ (138) بیعت اول اپنے سسر سید شاہ امان اللہ ہمدانی سے تھے اور بیت ثانی سید محمد گیلانی سے تھے۔ آپ کا تذکرہ شاہ ولی اللہ محدث نے تحفۃ الامیر میں کیا ہے۔ نواب بہاول خان ثانی کے عہد 1198 سن ہجری میں آپ قصور سے خیر پور ٹامے والی بہاول پور ہجرت کر گئے۔ آپ کا انتقال 72 سال کی عمر میں 27 محرم الحرام 1241 سن ہجری بمطابق 1822 سن عیسوی میں خیر پور ٹامے والی میں ہوا۔ آپ کا مزار شہر کی مشرقی جانب چار دیواری کے اندر موجود ہے۔

تذکرہ نمبر 6: ڈاکٹر سید عبدالرحمان ہمدانی بن سید محمد شاہ ہمدانی مؤلف کتاب سالار عجم

آپ کی پیدائش 4 صفر 1344 ہجری بمطابق 25 اگست 1925 سن عیسوی کو خیر پور ٹامے والی بہاول پور میں ہوئی۔ آپ MBBS، MRCP، NRPC کی ڈگریاں رکھتے تھے۔ آپ نے سادات ہمدانیہ پر کتاب سالار عجم تحریر فرمائی جس کا دوسرا ایڈیشن جنوری 1990 کو ہوا اور کتاب ہذا کے لیے سالار عجم ایک مشعل راہ کی حیثیت رکھتی ہے۔ اللہ آپ کر رحمتیں اور برکتیں نازل فرمائے۔ اس کتاب پر آپ کو ثقافتی قونصلیٹ اسلامی جمہوریہ ایران اسلام آباد سے اعزازی سرٹیفکیٹ بھی ملا۔ جو پیغام آشنا شمارہ 13-14 ربیع الثانی 1424 ہجری خرداد ماہ 1382 ش جون 2003 میں سرورق پر آپ کو یاد رکھا گیا ہے۔

میر سید کمال الدین حسین ہمدانی بن سید احمد ہمدانی بن ابوعلی عمر ہمدانی بن میر سید محمد ہمدانی بن میر سید علی ہمدانی

میر سید کمال الدین ہمدانی ہمایوں بادشاہ کے عہد میں وارد جلالی (ضلع علی گڑھ ہندوستان) ہوئے جبکہ مرزا حیدر دوغلت نے کشمیر میں سادات ہمدانیہ شیعہ اثناء عشری پر ظلم ستم کا دروازہ کھول دیا۔ جلالی میں آپ قاضی کی عہدے پر سرفراز ہوئے اور جامعہ مسجد حصار جلالی جس کو سلطان غیاث الدین بلبن نے بنایا۔ آپ کے انتظام میں رہی۔ آپ نے میر سید علی ہمدانی کے مشن کو جاری رکھا اور اوراد فتحیہ کو رواج دیا اور تعزیہ داری اور علم داری شروع کی۔ (108) شاہ ہمدان کی اولاد سے یہ شاخ کولاب سے کشمیر اور کشمیر سے ہندوستان جلالی وارد ہوئی۔ جبکہ باقی شاخوں کا ذکر بعد میں آئے گا۔ آپ کی اولاد میں سے استاد قمر جلالوی نے آپ کی شان میں یہ قطعہ لکھا ہے۔

سید علی ہمدانی کے راحت جان ونور العین

ہند میں تبلیغ دین کو گھر سے چلے تھے چھوڑ کے چین

قصبہ جلالی کے سیدان ہی کی اولاد میں ہیں

مورث اعلیٰ ہیں سب کے میر کمال الدین حسین

سادات ہمدانیہ جلالی ضلع علی گڑھ ہندوستان کے شجروں کو پہلی مرتبہ سید مکرم حسین مجتہد نے مرتب کیا اس کتاب کا نام نسب نامہ سادات جلالیہ المعروف خلاصہ الانساب کے فارسی زبان میں لکھی کتاب ہے۔ مکرم حسین مجتہد نے 1888 عیسوی بمطابق 1305 ہجری کو دنیا سے رحلت فرمائی۔ اس کتاب کے نسخے سادات جلالیہ ہمدانیہ کے پاس موجود ہیں۔ سید مکرم حسین مجتہد ہندوستان میں شیعہ مجتہد علماء میں سے تھے۔ آپ کا کمرہ مدرسۃ الواعظین لکھنو میں موجود ہے۔ آپ کی کتاب پر بعد میں حکیم سید کمال الدین حسین نے کام کیا اور اس فارسی کتاب کو اردو میں مرتب کر کے اس میں جدید اضافہ بھی کیا۔ اور اس کتاب کا نام اشجار الکمال رکھا۔ اس کو ادارہ ہمدانیہ امام باڑہ خیرات علی شاہ گڑھی علی گڑھ اتر پردیش ہندوستان نے شائع کیا۔ سادات جلالیہ کے جو شجرے اس کتاب میں پیش کیئے جا رہے ہیں وہ تمام اسی کتاب اشجار الکمال سے لیئے گئے ہیں جو کے مئولف کے بیٹے سید محمد عزیز الدین حسین ہمدانی نے فراہم کیے۔ سید عزیز الدین حسین رضا لائبریری رام پور کے ڈائیرکٹر بھی ہیں۔ مئولف کتاب ہذا سید قمر عباس الاعرجی نے موصوف سے رابطہ کیا اور اپنی کتاب انساب السادات الحسینی بھی رضا لائبریری میں بھیجی۔

پیچھے صفحہ نمبر 85 سے اولاد میر سید کمال الدین حسین ہمدانی بن سید احمد ہمدانی بن ابوعلی عمر ہمدانی بن میر سید محمد ہمدانی بن میر سید علی ہمدانی

پیچھے صفحہ نمبر 92 سے
اولاد سید علاؤالدین حسین بن سید نظام الدین بن سید عطاء اللہ بن سید کمال الدین حسین
معزالدین
مجاہد
ولی محمد
عزیز
سید بلند
سید حکیم
سید محمد لعل
سید محمد ماہر
سید محمد شاہ
سید امان اللہ ہمدانی
حکیم قطب العارفین سید خیرات علی شاہ
سید بلند
سید حکیم
سید غلام مصطفیٰ
نور محمد
سید امین
سید موسیٰ ہمدانی
حکیم فخر الدین حسین
(آپ کی شادی دختر نواب محمد اکبر گڑھ جہاں آباد سے ہوئی)
حکیم عزالدین حسین
امین الدین حسین
سید بہار الدین حسین
جعفر حسین
زائر حسین
محمد شجاع الدین
سردار حسین
سید عزیز الدین حسین
سید محمد کمال الدین حسین عرف علی
سید محمد جمال الدین حسین عرف محمد
سید نثار احمد
سید محمد ریاض الحسنین
سید اولاد علی
سید محمد اعظم الدین حسین
سید ناصر الدین
زین الدین حسین
(گولی مار کراچی)
سید ضیاء الدین حسین
امین الدین
محمد ریاض الدین
محمد مسیح الدین
محمد معزالدین حسین
سید کمال الدین حسین
(مئولف کتاب اشجار الکمال)
سید محمد عزیز الدین حسین
شجاع الدین
اعظم الدین
ناصر الدین
فخر الدین
ضیاء الدین
امین الدین حسین
مسیح الدین
جمال الدین حسین
سادات ہمدانیہ عابدیہ نیو دہلی ہندوستان
سید اکبر
نور علی
سید مردان علی
سید حسین علی
علی حسین
نثار حسین
زائر حسین
انصار حسین
اکبر حسین
انوار حسین
اصغر حسین
یاور حسین
(گولی مار کراچی میں مقیم ہیں)
مراد علی
صمصام علی
قربان علی
سید نذر حسین
بختیار حسین
اختر عباس
ظفر عباس
اظہر حسن
مرغوب حسن
سید محمد نظیر الحسن
سادات ہمدانیہ عابدیہ جلالی علی گڑھ ہندوستان

پیچھے صفحہ نمبر92 سے
اولادسید جان محمد بن سید کمال الدین حسین ہمدانی بن سید احمد ہمدانی (آباد محلّہ جانان علی گڑھ ہندوستان)
سید محمد ← سید شیخ محمد ← سید شعیب ہمدانی
سید بدرالدین ہمدانی
سید صدرالدین ہمدانی
سید عبداللہ ہمدانی ← سید ہاشم ہمدانی ← سید لعل ہمدانی ← سید حسین ہمدانی
سید شرف الدین المعروف شاہ پیرن
سید ارادت اللہ
سید غلام
علی مرادن
عاشق حسین
دین محمد ← سید آڑا ← سید حسین
سید روح اللہ
(اولاد صفحہ نمبر95 پر ہے)
قدرت اللہ
سید سیف علی
سید عظمت علی ← نواز ش علی
شاہ غیاث الدین
شاہ محمود
سید ہدایت علی
سید قسمت علی
محمد علی
سید عاشور علی
گوہر علی
سید علی اکبر
علاؤالدین ہمدانی
سید علی رضا شاہ ہمدانی
سید ھادی علی
سید حمزہ علی ← سید نیاز حسین شاہ
سید وصی علی
سید فرزند حسین شاہ
سید نقی
سید محمد عسکری عرف ولی
سید مہدی علی
سید تقی علی
فیاض حسین
سید ھادی حسن عسکری
سید ضیغم عباس
سید حسن عسکری
عابد حسین
وصی الحسن
رضی الحسن
مظہر حسین
عبداللہ شاہ
محمد عسکری
ھادی حسن
حسن عسکری
تقی الحسن
زوہیر عباس
اعجاز حسین
اکرم حسین شاہ
جعفر عسکری
حیدر عسکری
علمدار عسکری
غضنفر عباس
مظفر عباس
سادات عابدیہ علی گڑھ مسکونہ جلالی
اظہر حسین ← نبی حسین شاہ
سادات ہمدانیہ میرٹھ ہندوستان
سید ارجمند حسن
امیر حسن
محمد اسماعیل حسن
شبر حسن
محمد ابراہیم حسن
سید شبیر حسین شاہ
سید دلبند حسن عرف دلبر ہمدانی
اختر حسن
صفدر حسن
حیدرآباد سندھ پاکستان
سید سرفراز شاہ
سردار حیدر
وقار حیدر
اعجاز حسین
محمد حیدر
کرنل مظفر حسین ہمدانی
فرزند حسین
سادات ہمدانیہ جھنگ بورے والا پاکستان

پیچھے صفحہ نمبر 94 سے
اولاد سید روح اللہ بن سید حسین بن سید آڑا بن دین محمد بن سید شرف الدین شاہ پیرن
سید امیر اللہ
سید لطیف اللہ
سید عظمت اللہ
سمیع اللہ
سید وزیر اللہ
حامد علی
رونق علی
اشفاق علی
مہدی علی
ممتاز علی
سید طاہر علی
سید جعفر علی
سید تصدق علی
سید تصدق محمد
محمد کاظم
سید حفیظ اللہ
سید وصی اللہ
سید علیم اللہ
باقر حسین
سراج علی
بدر الحسن
سعید الحسن
شمس الحسن
سید فصیح اللہ
عنائیت حسین
سخاوت حسین
شفاعت حسین
اطاعت حسین
شجاعت حسن
امجد حسین
عظمت حسین
سراج الحسن
معراج الحسن
ابن حسن
عزیز الحسن
رضا حسین
حفیظ الحسن
زائر حسن
آل حسن
عنائیت حسین
سید درے حسن
سید حسن
اخلاق علی
مہدی حسن
باقر حسین
نفیس الحسن
طاہر حسین
محمد اسحاق
قلب عباس
رضا عباس
شمیم عباس
قسیم عباس
سید ریاض الحسن
سید مصطفیٰ حسن
نسیم الحسن
مظہر حیدر
ظفر حیدر
اظہر حیدر
سادات عابدیہ گولی مار کراچی
کوثر حسن
اخلاق علی
فدا حسین
محمد حسین
آل عابد
آل محمد عابدی
اخلاق حسین
زیشان حسن
شہنشاہ حسن
مسلم حسن
پرور حسن
سید محمد مہدی
آل احمد
دلشاد حسین
محمد حسنین
محمد سبطین
آل حیدر
معجز حسین
ظہور مہدی
وقار مہدی
جرار حیدر
مصحف حسین عابدی
محمد علی
محمد حیدر
محمود الحسن
محفوظ الحسن
محسن حسن
ذوالفقار حیدر
مسعود الحسن
محمد صابر
محمد مہدی
ذاکر حسین
افسر حسین
ناصر حسین
عشرت حسین
سادات عابدیہ ہمدانیہ مسکونہ جلالی علی گڑھ ہندوستان
اسد عباس
علی عباس

پیچھے صفحہ نمبر 92 سے
اولاد سید مخدوم بن سید کمال الدین حسین ہمدانی بن سید احمد ہمدانی بن سید ابو علی عمر بن میر محمد ہمدانی
سید مبارک ہمدانی
سید ابوالفضل ہمدانی
(اولاد صفحہ نمبر 97 پر ہے)
سید سرور
محمد نور الدین
سید مدراسی
سید زمان؟
سید احمد
عبداللہ
سید محمد معظم
سید مدن
عبید اللہ
سید نعمت اللہ
سید روح اللہ
سید غلام مرتضیٰ
سید احمد
سید بخش علی
سید اعظم
امجد علی
محمد حسن
ابوالحسن
سید مطیع اللہ
مبارک ثانی
سرفراز علی
سید امان محمد
سید ہمایوں
شاکر علی
احمد علی
ظہور علی
سید کام بخش
سید عظمت اللہ
حیدر بخش
سید گنوری
سید فتح علی
ولایت علی
مقصود علی
حسین بخش
تراب علی
سید سیف اللہ
نائب علی
برھان علی
مزمل حسین
امداد علی
نعمت اللہ
تجمل حسین
اجلال حسین
اقبال حسین
نبی بخش
احمد بخش
محمد بخش
عاشق حسین
محمد حسین
سید عرفان علی
سرور حسین
ناصر بخش
محمد اعظم
ہمدان علی
عمران علی
توکل حسین
فرمان علی
برھان علی
حیدر حسن
سید حسین
کنیز عباس
غلام حسین
محمد علی
جعفر حسین اول
علی حسین
صادق حسین
افضال حسین
مبارک حسین
رفاقت حسین
ظہور عالم
محمد حسین
اقبال حسین
محمد عباس
حیدر عباس
ناصر عباس
ابرار حسین
محمد سبطین
محمد ثقلین
جاوید حسین
یاور حسین
محمد حیدر
علی حیدر
اسد حیدر
شبیہ حیدر
وصی حیدر
ذوالفقار حیدر
از کتاب شجرہ طیبہ از سید فاضل موسوی خلخالی زادہ صفحہ 86
سادات ہمدانیہ عابدیہ جلالی علی گڑھ اتر پردیش ہندوستان

پیچھے صفحہ نمبر 96 سے
اولاد سید ابوالفضل بن سید مخدوم بن سید کمال الدین حسین ہمدانی
سید ایوب
سید درویش
سید اہل
سید منگی
سید ہشوا؟
سید طالے محمد
سید مراد علی
عباس علی
سید گل محمد (پھولن)
سید عبدالرزاق
سید علی اکبر
سید علی اصغر
سید قطب
سید شاہ محمد
سید رستم
فضل علی
سید مائی
رحمت علی
سید بھیکا
دین محمد
سید عباداللہ
سید غلام عباس علی
سید سعداللہ
سید عیاض الدین
معین الدین
سید ضیاءاللہ
سید عطاءاللہ
سید فتح اللہ
لطف اللہ
ثناءاللہ
ہدائیت اللہ
حکمت اللہ
امان اللہ
غیرت اللہ
قسمت اللہ
برکت اللہ
رحمت اللہ
خورشید علی اول
باسط علی
خورشید علی ثانی
سید علی اظہر
رئیس قریہ جلالی
جعفر علی
عاشق علی
ناصر علی
حکمت علی
علی باقر
علی ناصر
لائق علی
صادق علی
عاشق علی
سید شہزاد رضا
الفاضل سید شہریار
رضا مقیم قم
شجرہ طیبہ صفحہ 86
انوارالسادات از
سید ظفر یاب ترمذی صفحہ 534
عسکر علی
باقر علی
اختر علی
اصغر علی
اقبال حسین
افضال حسین
محمد عباس
علی عباس
حسن عباس
حسین عباس
اصغر عباس
حیدر عباس
ظفر عباس
اختر عباس
قمر عباس
نیئر عباس
انور عباس
بدر عباس
احسان محمد
سید مگلی ؟
یوسف
قادر بخش
الٰہی بخش
نجات علی
ظہور علی
واجد علی
سید محمد مہدی
سید محمد عابد
سید محمد تقی
سید حسین
سید محمد تقی
سید محمد ذکی
قربان حسین
عزیز الدین
سید شریف الحسن
زاہد حسین
نجم الحسن
محمد مہدی
محمد ھادی
محمد مرتضیٰ
محمد اصطفیٰ
محمد مصطفیٰ
وزیر الدین
یاور علی
فدا علی
معصوم علی
امین الدین
(پاکستان ہجرت کی)
ابوالقاسم
محمد عارف
محمد عسکری
فرزند علی
ضرغام علی
اکرام علی
ضیغم علی
سید موسیٰ رضا
سید محمد یحییٰ
سید ظفر عباس
مقبول حسین
مولوی اولاد حسین
نیاز حسین

پیچھے صفحہ نمبر 92 سے
اولاد سید امیر بن سید کمال الدین حسین بن سید احمد ہمدانی
سید محمد اکرم
سید عاصم
سید محمد صادق
سید محمد عبدل العزیز
سید اسلام
سید فتح محمد
سید حسن علی
سید بہادر علی
حفظ علی
محفوظ علی
کریم بخش
اوصاف علی
باقر علی
افسر علی
ذاکر علی
نثار علی
اقبال حسین
ظل حسین فضا
اوصاف علی
حفظ علی
افسر
ذاکر حسین عابدی
اوصاف
باقر رضا
سید مراد؟
سید عظمت اللہ
سید امیر ثانی
سید مہر ہمدانی
سید کرم ہمدانی
سید رحم علی
شفاعت محمد
علی بخش
مولوی سید ابراہیم
سید عنائیت علی
عالم علی
سید محمد حسین
فیض محمد
ایاز محمد
آل محمد
ولی محمد
ضیاء محمد
رضا محمد
عطاء محمد
احسان محمد
ریاض محمد
نبوت محمد
طفیل محمد
رسالت محمد
نیاز محمد
سخاوت محمد
عون محمد
ابو محمد
حسنین محمد
اصغر محمد
منور محمد
انور محمد
غضنفر محمد
مظفر محمد
تصور محمد
تصدق محمد
صغیر محمد
اعتقاد محمد
گل ریاض محمد
علمدار محمد
صغیر محمد
ذوالفقار محمد
ولی محمد
ضیاء محمد
قیصر محمد
شفیع محمد
وصی محمد
تقی محمد
ضرغام حیدر
ضیغم حیدر
یوسف حیدر
آصف حیدر
عارف حیدر
عاقل حیدر
اسد عباس
دانش حیدر
عادل حیدر
عامر حیدر
از کتاب اشجار الکمال صفحہ 318,319,320
سادات ہمدانیہ عابدیہ جلالی علی گڑھ ہندوستان

مختصر تذکرہ اجداد سید سخی سلطان احمد شاہ بلاول نوری الحسینی الہمدانی

تذکرہ سید احمد کبیر الدین بن سید نور الدین کمال بن سید احمد قتال

آپ کا نام احمد، لقب کبیر الدین اور کنیت ابو طالب تھی۔ آپ کی والدہ سیدہ بصری بنت سید محمود یمانی تھیں۔ آپ کی پیدائش ماوراالنہر میں ہوئی۔ آپ کی زندگی بدخشان، ہمدان، رے، مدینہ، کوفہ اور مشہد کے سفر میں گزری۔ آپ نے اپنے بیٹے میر سید علی المعروف سیاہ پوش ہمدانی کو وصیت کی کہ مقررہ تاریخ پر بچوں سمیت وطن مالوف ہمدان ہجرت کر جائیں۔ میں مقررہ تاریخ تک پہنچ جاؤں گا۔ مگر پہنچ نہ سکے آپ کے بیٹے آپ کی وصیت کے مطابق ہمدان چلے گئے۔ آپ فرغانہ، بخارا، ختلان کے عقیدت مندوں جو شاہ ہمدان کے ماننے والے تھے کے روحانی مرشد تھے۔ (صدری روایت) آپ کا انتقال 42 سال کی عمر میں ماوراالنہر کے کسی علاقے میں ہوا آپ کی اولاد میں میر سید علی سیاہ پوش، سید حمزہ اور سید عباس شامل ہیں۔

تذکرہ میر سید علی ہمدانی المعروف میر سیاہ پوش بن سید احمد کبیر الدین

آپ کا نام علی، لقب سیاہ پوش، کنیت ابو عبداللہ ہے۔ آپ کی والدہ سیدہ زلیخا بنت سید ابراہیم تبریزی تھیں۔ آپ کی پیدائش ماوراالنہر میں ہوئی۔ آپ صاحب خوارق العادات اور حامل علم لدنی تھے۔ وجہ تسمیہ سیاہ پوش اس لیے تھی کہ تاحیات غم حسین ابن علی علیہ السلام میں سیاہ لباس میں ملبوس رہے۔ اولاد میر کبیر سید علی ھمدانی میں آپ ہی تھے جو باقاعدہ ہمدان میں سکونت کے لیے ماوراالنہر سے ہجرت کر گئے۔ آپ کے بھائی حمزہ اور عباس کی اولاد بلخاب میں ہے۔ مگر آپ اپنے والد کی وصیت پر ہمدان چلے گئے اور 63 سال کی عمر میں وفات پائی۔ آپ اپنے اجداد کے معبد گنبد علویان میں دفن ہوئی جہاں آج بھی مزار مرجع خلائق ہے۔ آپ کی اولاد میں سید جمال الدین حسین، باقر، طلحہ، زبیر، سامحہ شامل ہیں۔

تذکرہ سید جمال الدین حسین بن سید علی المعروف سیاہ پوش

آپ کا نام جمال الدین لقب حسین اور کنیت ابو عبدالرحمان تھی۔ آپ کے والدہ سیدہ سکینہ بنت سید عبدالرحمان تبریزی تھیں۔ آپ کا مولد ہمدان ہے۔ آپ نے 40 سال کی عمر میں وفات پائی اور باغ علی میں دفن ہوئے۔ آپ کی اولاد میں سید محمود ہمدانی، سید محبؑ اور سید عبدالرزاق شامل ہیں

تذکرہ میر سید محمود ہمدانی بن سید جمال الدین حسین بن سید علی سیاہ پوش

آپ کی ولادت ہمدان میں ہوئی۔ نام محمود، کنیت ابو یوسف، والدہ سیدہ رحیمہ بنت سید سلیمان ترمذی تھیں۔ آپ نے 51 سال کی عمر میں وفات پائی اور باغ علی میں دفن ہوئے۔ اولاد میں میر سید شاہ حسین، زکریا اور جعفر ہیں۔

تذکرہ میر سید شاہ حسین ہمدانی بن میر سید محمود ہمدانی بن سید جمال الدین حسین

آپ کا نام حسین، کنیت ابو محمد، والدہ سیدہ زلیخا بنت سید اعظم مشہدی تھیں۔ مولد ہمدان۔ آپ شاہ ہمدان کے سلسلہ طریقت سے بھی منسلک تھے اس لیے مشہد میں سید عبد اللہ برزش آبادی المشہدی کی اولاد کے ہاں آتے جاتے تھے۔ آپ کی والدہ بھی ان کی اولاد میں سے تھیں۔ آپ کی وفات 108 سال کی عمر میں ہوئی اور آپ کو باغ علی میں دفن کیا گیا۔ آپ کی اولاد میں سید شاہ فتح اللہ، موسیٰ اور عبدالرحیم ہیں۔

تذکرہ شاہ سید فتح اللہ ہمدانی بن میر سید شاہ حسین ہمدانی

آپ کا نام فتح اللہ، کنیت ابو حنیف، والدہ سیدہ زینب خاتون بنت سید بدر الدین قذوینی تھیں۔ 47 سال کی عمر میں وفات پائی اور باغ علی میں دفن ہوئے۔ اولاد میں

سیدشاہ نوراللہ، سیدعلی محمد اور سید شرف شامل ہیں۔

تذکرہ شاہ سید نوراللہ بن شاہ سید فتح اللہ ہمدانی

آپ کا نام نوراللہ، کنیت ابوجعفر، والدہ سیدہ رابعہ بنت سید محمد بلخی، پیدائش ہمدان، آپ 59 سال کی عمر میں وفات پا گئے اور باغ علی میں دفن ہوئے۔ اولاد میں سید زبیر ہمدانی، سید قاسم، عبدالرحمان، محبّ اور احمد شامل ہیں۔

تذکرہ شاہ سید زبیر ہمدانی بن شاہ سید نوراللہ ہمدانی

آپ کا نام زبیر، کنیت ابوطالب، والدہ زلیخا بنت عبدالرزاق مشہدی تھیں۔ مولد ہمدان 57 سال کی عمر میں وفات پا گئے اور باغ علی میں دفن ہوئے۔ آپ کی اولاد میں سید اسماعیل ہمدانی، سید اکبر ہمدانی اور سید احمد ہمدانی ہیں۔

تذکرہ سید اسماعیل ہمدانی بن شاہ سید زبیر ہمدانی بن شاہ سید نوراللہ ہمدانی

آپ کا نام اسماعیل، کنیت ابواسحاق، والدہ سیدہ زلیخا بنت سید احمد مشہدی تھیں۔ مولد ہمدان، احمد کرخی نے سیر المتاخرین میں لکھا ہے: ''ترک حاکم بیجاپور محمد عادل شاہ کی وفات کے بعد جب اس کے بیٹے علی عادل دوئم اور ولی عادل کے درمیان تخت نشینی کا جھگڑا ہوا تو علی عادل کے بھائی ولی عادل نے اس کے قتل کا حکم سنایا تو علی عادل ہمدان میں سید اسماعیل کے ہاں پناہ گزیں ہوا بعد میں جب اس نے بیجاپور کا تخت حاصل کیا تو سید اسماعیل کو ہندستان آنے کی دعوت دی (120) جو آپ نے قبول نہ کی اور اپنے بیٹے سید احمد شاہ بلاول کو بھیج دیا۔ تاہم تاریخ فرشتہ کے مطابق اس خاندان کا ایک فرد پہلے بھی ہندستان آیا جن کا نام میر صالح ہمدانی تھا۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ بیجاپور کے حکمران سادات حسینیہ ہمدانیہ کے معتقد تھے۔ آپ کے اولاد میں سید احمد المعروف شاہ بلاول، سید محمد مقیم، سید محسن، سید عبدالرحمان اور سید محمد جعفر شامل ہیں

تذکرہ سید سخی سلطان احمد شاہ بلاول نوری الحسینی الہمدانی بن سید اسماعیل ہمدانی

آپ کا نام سید احمد ہمدانی، کنیت ابومحمد اور لقب سلطان شاہ بلاول نوری ہے۔ آپ کی والدہ سیدہ سلطان خاتون بنت سید احمد رومی تھیں۔ مولد ہمدان، آپ کا شجرہ یوں ہے سید سخی سلطان احمد شاہ بلاول نوری بن سید شاہ اسماعیل ھمدانی بن سید شاہ زبیر ھمدانی بن سید شاہ نوراللہ ھمدانی بن سید شاہ فتح اللہ ھمدانی بن سید شاہ حسین ھمدانی بن سید شاہ محمود ھمدانی بن سید جمال الدین حسین بن سید علی المعروف میر سیاہ پوش بن سید احمد کبیرالدین بن سید نورالدین کمال بن سید شاہ احمد قتال بن میر سید حسن ھمدانی بن میر سید محمد ھمدانی بن قطب الاقطاب میر سید علی ھمدانی المعروف شاہ ھمدان بن سید شاہ امیر شہاب الدین سیاہ بزاش بن میر سید محمد الباقر حسینی بن میر سید علی الاکبر الوندی بن میر سید یوسف الحسینی بن میر سید محمد شرف الدین بن میر سید محمد محبّ اللہ بن ابوالکامل میر سید جعفر بلخی بن میر سید عبداللہ بلخی بن میر سید محمد اول جلاآبادی بن ابوالقاسم میر سید علی جلاآبادی بن ابومحمد حسن الامیر بن اباعبداللہ الحسین بن امام زادہ جعفر الحجۃ بن امام زادہ ابوعلی عبیداللہ الاعرج بن امام زادہ اباعبداللہ حسین الاصغر بن امام علی زین العابدین السجاد علیہ السلام بن سید الشہداء امام حسین علیہ السلام بن امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام

آپ کے شجرے کے مصادر میں سب سے پہلے کتاب المعقبین من اولاد امیر المومنین از سید یحیٰی نسابہ متوفی 270 ہجری صفحہ نمبر 98 کتاب سرالانساب العلویہ از نصر بخاری کتاب المجدی از عمری کتاب عمدۃ الطالب از جمال الدین احمد صفحہ 283 تا 304 سراج الانساب صفحہ 159 اساس الانساب الناس از سید جعفر الاعرجی انساب الطالبین از ڈاکٹر عبدالجواد کتاب شجرہ طیبہ از سید فاضل الموسوی الصفوی خلخالی زادہ صفحہ نمبر 84 مطبوعہ الصدر قم اسلامی جموریہ ایران شامل ہیں۔ آپ کی زندگی کے بارے میں کتاب انساب السادات الحسینی میں کچھ خاص نہیں لکھا گیا۔ کیونکہ مقام روائیتوں پر اکتفا کیا گیا۔ مگر اب آپ کی زندگی کے بارے میں کتاب سید عبدالرحمان ہمدانی المعروف رضا شاہ کی تحقیق پیش کی جاری ہے۔ جو ہندوستان اور ایران کی مستند کتابوں سے اخذ کی گئی ہے۔ ہم اس کو من وعن اپنی کتاب میں شامل کررہے ہیں اور وہ اس شامل کررہے ہیں جو سلطان سید احمد ہمدانی المعروف شاہ بلاول سے مخصوص ہیں۔

کتابیات

1۔ بندوبست ثانی 1877ء تاریخ جہلم مسٹر راٹرب جارج ٹامسن سیٹلمنٹ افسر ضلع جہلم آریہ پریس لاہور منشی سالگ رام

2۔ سرکاری رپورٹ از مرزا احمد بیگ پرگنہ تلہ گنگ از 1875ء تا 1876

3۔ سرکاری رپورٹ از منشی ڈھیرومل پرگنہ تلہ گنگ 1876ء تا 1877

4۔ تاریخ کوہستان محل از لالہ دنی چند 1899ء

5۔ سکھا شاہی از گھبیر سنگھ 1901 امرتسر

6۔ تاریخ بیجاپور از نورالدین بدری 1796

7۔ تاریخ عادل شاہی از رفیق عادلی 1802

8۔ تاریخ کشمیر از ملا صمد کشمیری

9۔ تاریخ کبیر کشمیر از ابو محمد حاجی محی الدین مسکین

10۔ تاریخ اشارک از علی جعفر شمس

11۔ سفینۃ الاولیاء از شہزادہ دارا شکوہ

12۔ خزینۃ الاصفیاء از مفتی غلام سرور 1914

13۔ سیر الاولیاء از محمد مبارک دھلوی دہلی 1884

14۔ زبان اعوان کاری از مسٹر واکر 1902ء بحوالہ پنجاب دیاں بولیاں از دیوان گنڈہ سنگھ سوہنا 1889ء

15۔ سوانح حیات مہاراجہ رنجیت سنگھ از رانا گوبند سنگھ سری

16۔ تاریخ ایران از محمد بن حیدر

17۔ سرکاری گزٹ 1880ء از ایڈورڈ جارج دیں

18۔ اعونان دا مذہب از قاضی عمر نعمانی 1940ء

19۔ زاد الاعون نورالدین سلیمانی

20۔ باغ سادات از تجمل حسین

21۔ ہم اور ہمارے اسلاف از ڈاکٹر سید عبدالرحمٰن ہمدانی

سید احمد ہمدانی المعروف سید سلطان بلاول دندہ

سید احمد ہمدانی کی تاریخ ولادت

سید احمد ہمدانی کی تاریخ پیدائش میں اختلاف ہے۔خاقانی لکھتا ہے کہ سولویں صدی کے وسط میں ہوئی۔مگر قیاس یہ ہے کہ جب آپ شہزادہ اکبر بن اورنگ زیب کے ساتھ 1685ء کے شروع میں بیجاپور ریاست میں تشریف لائے تو آپ کی عمر مطابق تحریر بدری تیس سال تھی۔اس حساب سے 1655ء ہی ہوسکتی ہے۔

مقام ولادت

آپ ایران کے مشہور شہر ہمدان میں پیدا ہوئے یہ وہ آبادی ہے جن کی بنیاد کیقباد بن زاب کیانی نے 742 قبل مسیح رکھی۔ملکہ مڈیا نے قریباً بیس سال تک آپنا دارالخلافہ بنایا۔اس کے گردنواح کو کوہ الوند کی ندیاں سیراب کرتی تھیں۔اس کا رقبہ ایک فرسخ مکعب تھا اور ارد گرد بڑی مستحکم شہر پناہ تعمیر تھی۔اس خوزرستان کے مشہور شہر کو سب سے پہلے حدیفہ گورنر حضرت عمرؓ نے 642ء میں فتح کیا۔اسی سال ہمدان کے گورنر خسرو سوم نے بغاوت کردی۔تو پھر دوبارہ نعیم بن مقرن آیا اور فتح کیا۔یہ شہر حضرت علیؑ کے قبضہ میں بھی رہا۔ان کی طرف سے محف بن سلیم گورنری کے فرائض کرتا رہا اس شہر نے کئی دور دیکھے جو میں نے بوجہ طوالت پر تحریر نہیں کئے۔تاریخوں میں مکمل لکھے گئے ہیں۔(تاریخ اسلام شوق)

ایران کی مذہبی حالت

آپ نے اپنی جوانی ایران کے بادشاہ سلیمان صفوی ☆1667ء تا 1694 کے عہد میں بسر کی۔خاندان صفوی کا دستور تھا کہ جو اس زمانہ میں بڑا عالم ہوتا اس کو شیخ الاسلام مقرر کر کے تمام بادشاہی میں اس کے احکام نافذ کرتے اور جب رسم تاج پوشی ادا ہوتی تو یہی ان کے سر پر تاج رکھتے۔سلیمان صفوی کے زمانے میں شیخ الاسلام اور نائب امام ملا آقا حسین خوانساری تھا۔اس نے تمام ملک میں اپنے کئی نائب مقرر کئے ہوئے تھے۔جن کی تحویل میں مساجد ہوتی تھیں۔ان دنوں آقا محمد قلی ہمدان شہر کے نائب شیخ الاسلام تھے۔جامع مسجد میں باجماعت نماز بھی پڑھاتے اور اقرآن وحدیث کا درس بھی دیتے۔اس زمانہ میں شیعہ مذہب کا عین عروج تھا۔یہ تین گروہ میں بٹا ہوا تھا۔اثنا عشری۔شافعی المذہب اور شش امامیہ اکثریت شیعوں کی تھی۔

☆ سلیمان صفوی بن عباس ثانی بن صفی بن سام بن طہماسپ اول صفوی بن شاہ اسمٰعیل صفوی بن سلطان بن شیخ جنید بن صدرالدین بن ابراہیم بن خواجہ علی بن صدرالدین اول بن صفی الدین ان کا شجرہ امام موسیٰ کاظم بن امام جعفر صادق سے ملتا ہے۔

ہمدان کیوں چھوڑا

سلیمان صفوی نے اپنے لڑکے سلطان حسین صفوی کو ملا محمد باقر المجلسیؒ الاصفہانی مصنف بحارانوار کی شاگردی میں دیا۔شہزادہ روز آتا۔مذہبی درس وتدریس میں دلچسپی لیتا۔جلد ہی تاریخ اور شرعی علوم میں عبور حاصل کرلیا۔ملا نے سلطان حسین صفوی کے کردار پر اپنی مہر ثبت کرنی چاہی مگر اس کے دماغ سے غرور نہ نکال سکا۔وہ اس پہاڑ کی مانند

ہوگیا۔جس کے سطح دلکش اورخوش رنگ پھولوں سے ڈھکی ہوئی ہو۔اور باطن میں غرور کا لاوہ ابال کھار ہاہو۔اس کوتقریر کرنے کا از حد شوق تھا۔جب شرعی فلسفہ پر بحث کرتا تو ملا مجلس جھوم اٹھتے جب عملی قدم اٹھاتا تو عوام سمجھ نہ پاتے اس متضاد قول وفعل کی جنگ نے عوام کے دلوں میں ایک ایسی نفرت انگیز آگ سلگادی جو اندر ہی اندر اپنا کام کرتی رہی۔

حسین خوانساری شاہی اصفہانی مسجد کے خطیب اعلیٰ تھے۔جب یہ باجماعت نماز پڑھاتا تو شہزادہ اسی وقت الگ تھلگ نماز شروع کردیتا۔ابھی زیارت پڑھائی جارہی ہوتی یہ غسل میں مشغول ہوجاتا۔اگر اتفاقیہ ملا غیر حاضر ہوتا تو ابھی آدھی اذان باقی ہوتی یہ نماز پڑھنے لگتا۔(بدری)۔اس کے عجیب وغریب حرکات کو حسین خوانساری روز دیکھتا مگر خاموش تھا گویا اسلامی اصولوں کو بادشاہ کی خوشنودی پر قربان کررہا تھا۔نہ لوگوں سے کہتا نہ نمازی شکایت کرتے۔خاندان بویہ نے ایران میں شیعت کی باقاعدہ بنیاد رکھی تھی۔785 سال تک مساجد اثناعشر سیاست ملکی سے الگ رہی مگر اس شہزادہ نے ساڑھے سات صدی کی مذہبی تعلیم کو آپنی انوکھی اختراع کے نذر کردیا۔کسی میں اخلاقی جرت نہ تھی کہ ولی عہد کے موجودہ عمل پر اعتراض کرتا جب بادشاہ کا بیٹا ممبر پر وعظ کرتا تو عوام نعرے لگاتے۔مصائب پڑھتا تو مومن روتے پیٹتے۔جب اس نے اپنی تقریر کا اثر اس قدر دیکھا تو قسم قسم کے دعوے کرنے لگا۔

۔۔۔۔۔علی نے مجھے جنت لکھ دی۔۔۔۔۔۔مجھے آئمہ معصومین جو فرمان خواب میں دیتے ہیں میں اسی پر عمل کرتا ہوں۔لوگ سنتے گھر میں تنقید کرتے گلیوں میں واہ واہ کرتے۔1680 میں سید احمد بلاول ہمدانی اتفاقیہ اصفہان تشریف لائے۔جب باجماعت نماز شروع ہوئی۔تو شہزادہ حسب عادت ایک طرف الگ نماز پڑھنے لگا۔بعد نماز شہزادہ نے تقریر کی پہلے خواب بیان کئے۔یہی موضوع بنایا ساتھ ساتھ دعوے بھی کرتا چلا گیا۔یہ سن کر سید احمد ہمدانی کے دماغ میں خیالات کی لہروں نے ایک طوفان بپا کردیا۔منہ رام رام بغل میں چھری۔شاہد ایسے ہی انسان کے لئے کہا گیا ہے۔یہ چھری عوام کو نظر نہیں آتی۔مگر ہمدانی نے دیکھ لی۔وہ دماغ جو مادہ تجسس سے پختہ ہوتے ہیں اسی چھری سے کشتہ ہوتے ہیں۔تڑپنے نہیں دیتی۔مگر اجتماعی زندگی اور مذہبی رسوم کو کاٹ کرر کھ دیتی ہے۔شہزادہ نے ایک گھنٹہ پڑھا مگر بلاول نے اس کو پل بھر میں پڑھ لیا۔جب آپ باہر تشریف لائے تو بے اختیار ابل پڑے

۔۔۔۔۔اے لوگو۔کیا یہ مبلغ ہے۔اس کے قول وفعل کو ابھی تک تولا نہیں گیا۔یہ مذہبی جذبات مجروح کرتا ہے۔آپ سب خاموش ہیں۔آپکی اخلاقی جرت مردہ ہے۔کیا اس کے کھوکھلے دعوے فاش نہیں ہوئے۔قرآن پڑھے فرعون بادشاہ بنا۔بے حساب دولت پائی مسلح سپاہ دیکھی۔سر پر تاج رکھا ہاتھ میں تلوار لی۔لاکھوں خوشامدی پیدا ہوئے۔سبز باغ دکھائے۔ہزاروں قیدی رہا کئے۔ان گنت قتل کردیئے۔الٹا کام کیا یا سیدھا لوگوں نے واہ واہ کی۔جب فرعون نے خود کو اتنا آزاد پایا تو سر میں غرور سمایا۔دن بدن بڑھتا گیا۔آخر اس دعویٰ پر ختم ہوا کہ میں خدا ہوں۔اگر یہ حسین خوانساری کو کمتر سمجھتا ہے تو اس وقت نماز پڑھے جب باجماعت نماز ہوجائے۔اس طرح جو بھی نماز پڑھتا ہے وہ آداب نماز کا قاتل ہے۔اگر سب کی تقلید کرنے لگیں تو یہ ایک نیا مذہب پیدا ہوجائیگا۔اگر اس نے اپنے کردار پر نظر ثانی نہ کی تو میں اس کے ظاہری خول کو چھیل کرر کھ دوں گا۔اور۔۔۔۔۔۔۔

ابھی فقرا دھورا تھا کہ ایک خوشامدی نمازی نے سرگوشی کی۔۔۔۔۔حضرت۔۔۔۔یہ ولی عہد ہے۔۔۔۔چھری ہے۔۔۔۔۔۔۔تو پھر کیا ہوا۔شاہ صاحب کی بھویں تن گئیں۔۔۔اسلامی قانون امیر غریب سب کے لئے ایک جیسا ہے۔دینادار۔۔۔۔بادشاہی قانون کو اپنے پیچھے چلاتے ہیں مگر قانون رب نہیں چلتا۔۔۔۔کیا آپ ڈرتے ہیں۔جو ڈرتا ہے مسلمان نہیں۔ہمدانی جوش سے تقریر کررہے تھے مگر لوگ دبی دبی ہنسی روک کے یہ کہہ کر چل دیے۔۔۔۔عقل کا کورا ہے۔ابھی ولی عہد کا سوٹا نہیں دیکھا۔شاہ صاحب نے زور سے آواز دے کر کہا۔جب بھی کوئی فرعون بن جاتا ہے اسکے مقابلے میں موسیٰ ضرور پیدا ہوتا ہے۔یہ اصول ہے جو اٹل ہے۔آج تم مجھے پاگل کہتے ہو کل تم لوگ ہی اسی شہزادے کو مخلوط الحواس قرار دے کر قتل کردو گے۔

یہی ہوا جب یہ شہزادہ تخت پر بیٹھا تو اس کے سر پر ملا مجلس نے تاج رکھا۔ملا سے جو کچھ سیکھا تھا۔عیش وعشرت کے نذر کردیا۔مذہب میں بے حد مداخلت کرنے لگا۔متعہ کی آڑ میں حرم کو نشانہ بنایا مقرض کی گردن پر تلوار رکھی۔اپنا ہر غیر شرعی فعل خواب بیان کر کے جائز قرار دینے لگا۔سر میں ایسا غرور سمایا کہ نائب امام کا دعویٰ کردیا۔مذہبی

لوگ بھڑک اٹھے۔ ملا مجلسی کی شخصیت نے کا سنبھالا دیئے رکھا آخر کب تک۔۔۔۔1722 کو رعیت نے اس نہایت بے دردی سے قتل کر دیا۔ شاہ صاحب کے الفاظ لوگوں کو اس وقت یاد آئے جب اس کو مٹی میں دبایا جا رہا تھا۔ جب شہزادہ کو شاہ صاحب کی عام تقریر کی خبر پہنچی تو اس نے غصہ میں آقا محمد قلی ہمدانی کو لکھا۔ اس نائب امام کے نائب نے بغیر صورت حال کا جائزہ لئے سید احمد ہمدانی کی زبان بندی اور شہر بدر کے احکام جاری کر دیئے۔ آپ اصفہان آئے لاکھ کوشش کی مگر شیخ الاسلام تک رسائی حاسل نہ کر سکے۔

ہندوستان کیوں آئے

حکومت وقت نے آپ کو پابند کر دیا۔ نہ تقریر کر سکتے تھے نہ وطن واپس جا سکتے تھے۔ آپ کے ارادے ابھی زیر تجویز ہی تھے کہ آپ کے قلبی دوست قطب افغانی نے آپ کا شہزادہ اکبر بن اورنگزیب 1658ء تا 1707 سے تعارف کرایا۔ جو 1682ء میں ہند سے ایران تشریف لائے ہوئے ہیں۔ باپ نے بیٹے کو باغی قرار دیا ہوا ہے۔ اس نے ملا مجلس کے ہاتھ پر شیعہ ہو کر باقاعدہ بیت کر لی ہے۔ حسین خوانساری نے شاہ ایران سے پختہ وعدہ لے لیا ہے کہ جب بھی شہزادہ اکبر ہند جائے تو وہ اس کو اسی طرح امداد دے جس طرح شاہ طہماسپ صفوی نے ہمایوں بن بابر کو بیرم خان جیسا قابل اور وفادار سپہ سالار معہ مالی و فوجی امداد دی تھی۔ میں بھی دونگا۔ شاہ صاحب نے مزید حالات دریافت کرنے کے لئے اکبر سے پوچھا۔ آپ نے ہندوستان کیوں چھوڑا۔

شہزادہ اکبر نے بے چین کروٹیں بدلتے ہوئے پوری رام کہانی سنائی۔ جب 1668 میں جسونت سنگھ گورنر کابل مر گیا۔ تو اس کے دولڑکوں کو میرے باپ عالمگیر نے آپنی گود میں لے لیا۔ راجپوتوں کے دل میں خدشہ پیدا ہوا۔ کہ شاہد شاہ ہند لڑکوں کو مسلمان بنا دے۔ درگا داس راجپوت نے کسی نہ کسی طریقہ سے لڑکوں کو خفیہ نکال کر راجہ جودھ پور کے حوالے کر دیا۔ جب میرے باپ نے واپسی کا مطالبہ کیا تو صاف انکار کر دیا۔ بادشاہ نے مجھے کافی فوج دے کر مذکورہ راجہ کے مقابلہ میں بھیجا میں نے اس کو شکست فاش دی۔ جب دونوں لڑکے مرے سامنے لائے گئے تو انہوں نے روتے روتے میرے پاؤں پکڑ لئے۔ راجہ نے میرے سر پر قرآن رکھ کر رحم کی اپیل کی۔ میرے ہاتھ چوم کر کہا بادشاہی کے قابل تو آپ ہیں۔ میں نہیں کہہ سکتا وہ کون سا جذبہ تھا جس سے میں متاثر ہوا۔ دہلی جانے کا فیصلہ ملتوی کر دیا اور راجہ کے ساتھ مل کر منصوبہ بنانے لگا۔ ایک دن والد کا خط ملا۔ لکھا تھا کہ تم نے اچھا کیا جو راجہ کے ساتھ مل گئے ہو جب بھی موقعہ ملے قتل کر دینا۔ میرا دل صاف تھا۔ مجھے یاد نہیں کہ میں نے وہ خط کہاں رکھا۔ کس طرح رانا راج سنگھ آف میواڑ کے ہاتھ لگ گیا۔ اس نے بدظن ہو کر میرے قتل کی سازش بنائی ہی تھی کہ مجھے معلوم ہو گیا اور میں ایران بھاگ آیا۔

رانا راج سنگھ آف میواڑ سے بدلہ لینا۔ باپ کے شکوک رنج کرنا۔ اور شیعہ مذہب کی تبلیغ کرنی۔۔۔۔۔

۔۔۔۔شاہ ایران نے کچھ کہا۔۔۔۔۔

وہ صلاح دیتے ہیں پہلے بیجاپور ریاست جاؤ۔ حالات کا جائزہ لو اس کے بعد سوچ سمجھ کر قدم اٹھاؤ۔

۔۔۔۔کوئی تحریر دی ہے۔۔۔۔

۔۔۔۔دو سفارشی خط دیئے ہیں ایک اپنی طرف سے بنام سلطان سکندر بادشاہ بیجاپور دوسرا حسین خوانساری نے اپنے شاگردوں کو جو وہاں خطیب ہیں۔۔۔۔

۔۔۔۔جانے کا کب ارادہ ہے۔۔۔۔۔

ماہ رواں ہے۔۔۔۔۔

قطب افغانی جو اتنی دیر سے خاموش تھا۔ شاہ صاحب سے مخاطب ہوا

۔۔۔۔ولی عہد بڑا بد دماغ ہے۔ بادشاہ بیمار ہے۔ مجھے خوف ہے کہ یہ تخت پر بیٹھتے ہی آپ کو قتل کرا دیگا۔ مناسب ہے کہ آپ وقتی طور پر شہزادہ اکبر کے ساتھ چلے جائیے

اور میرے خط کا انتظار کیجئے۔

آپ خود بھی ایران کو چھوڑ دینے کی فکر میں تھے راضی ہوگئے۔1685ء میں آپ بیجاپور تشریف لائے شہزادہ کی بوسیلہ سفارشی خطوط شاہ بیجاپور سے دوستی مستحکم ہوگئی۔ بات بات میں یہ سید احمد ہمدانی کو بطور گواہ پیش کرتا۔

بیجاپور ریاست

جب سلطان علی مردان بادشاہ ترک کی وفات ہوئی تو اس کے دولڑکوں علی عادل اور ولی عادل کے درمیان تخت نشینی کا جھگڑا نازک صورت اختیار کر گیا۔ رعایا ولی عادل کے سر پر تاج رکھنا چاہتی تھی مگر علی عادل جس سے عوام نفرت کرتے تھے خود کو جائز وارث سمجھتا تھا۔ اپنے بھائی کو شازشی قرار دے کر قتل کرنے کا خفیہ منصوبہ بنایا۔ شہزادہ کو کسی وفادار غلام نے بروقت اطلاع دے دی اور یہ بھاگ کر اسمعیل صفوری شاہ ایران کی پناہ میں آ گیا۔ آتے ہی شیعہ ہوگیا۔ کچھ دن گزرے تھے کہ بیجاپور کا سفیر دربار میں آیا جب واپس جانے لگا تو اس کے ساتھ ریاست میں گیا اور فوج میں

بھرتی ہوگیا۔ اپنی خداداد لیاقت سے عوام اور دربار میں اس قدر رسوخ بنائے اور تخت بیجاپور پر قبضہ کرلیا۔ اور یوسف عادل شاہ کے نام سے مشہور ہوتے ہی نقیب مدنی کو حکم دیا کہ اذان مذہب امامیہ کے مطابق دی جائے۔ اذان میں علی ولی اللہ کی ہی پہلی آواز تھی جو فضاء ہند میں گونجی تھوڑے دنوں کے بعد ائمہ اثنا عشر کے اسماء گرامی خطیب جمعہ میں داخل کئے گئے۔

شہزادہ علی عادل کے خاندان سے اسمعیل عادل شاہ۔ ابراہیم عادل شاہ۔ علی عادل شاہ بڑے مشہور ہوگزرے ہیں۔ چاند بی بی علی عادل شاہ کی مشہور بیگم تھی۔ جو خود وفات خاوند پر تخت پر بیٹھی۔ اکبر بن ہمایوں نے ریاست پر حملہ کیا۔ مگر شکست کھائی۔ آخر اکبر نے شہزادی کی دلیری اور بہادری سے تنگ آ کر اس کے وزیر کو دعوت دی اور بد بخت غدار نے چاند بی بی کو سوتے میں قتل کردیا۔ اکبر بن اورنگزیب اور سید احمد ہمدانی شاہ بیجاپور سلطان سکندر کے پاس بڑی خوشی سے وقت گزار رہے تھے۔1686ء میں کسی جاسوس نے اورنگزیب کو خبر کردی شہزادہ شاہ بیجاپور کی پناہ میں بیٹھا ہے۔ سیاسی عالمگیر کسی گہری سازش کے تانے بانے میں مصروف تھا۔ باپ شاہ جہاں کی زندگی میں بھی بیجاپور پر حملہ کیا گیا تھا۔ مگر ناکامیابی ہوئی۔ اب ایک بہانہ ہاتھ آ گیا تھا افسوس اگر اورنگزیب اس غدر کی آڑ میں حملہ کرتا تو عزت رہ جاتی۔ مگر اس نے کھلم کھلا اس ریاست کو لادین قرار دے کر زبردست حملہ کردیا مگر کامیاب نہ ہوا۔ آخر قلعہ کا محاصرہ کرلیا۔ اندر رسد ختم ہوگئی۔ سلطان سکندر نے صلح کرلی۔ اورنگزیب نے پوچھا تک نہیں کہ اکبر کہاں ہے۔ شہر میں داخل ہوتے قتل عام کا حکم دے دیا۔ افغانوں نے ایک ایک شیعہ چن چن کر قتل کردیا۔ کہ یہ علیؑ کا نام لیتے ہیں۔ اور یہی حشر شیعہ ریاست گولکنڈہ کا ہوا۔ اورنگزیب نے بیجاپور اور گولکنڈی کی ریاستوں کو فتح کر کے شیعہ رعیت کے قتل کرنے کو غلط سیاسی قدم اٹھایا اگر اس کو اختر ندوی (مصنف سوانح حیات اورنگزیب) اجتہادی کے پردہ میں مستور کردیتے تو اس سے ہزار درجہ بہتر تھا۔ کہ انہوں نے اورنگزیب کو مافوق الفطرت ثابت کرنے کے لئے بادشاہ ہند کے بھائیوں کو شاہ جہان کو نااہل اور سلطان بیجاپور کو مذہب سے بے بہرہ کہ کر پوری کتاب لکھ ڈالی اور ساتھ ساتھ ہی خافی خان، عادل خان کو بھی بے نقط سناتے چلے گئے۔ جو روایت دل کو پسند آئی۔ مستند کہہ دی جو نہیں آئی جھوٹی۔ معلوم ہوتا ہے۔ کہ ندوی صاحب نے جو ماخذ سامنے رکھے۔ نہ یہ ان سے اتفاق کرسکے۔ اور نہ ہی دل سے کوئی تحویل گھڑ سکے۔ اورنگزیب کو عظیم سیاسی کا خطاب دے کر یہ بھول گئے کہ عالمگیر نے بھی میر جملہ اور بھائی شجاع سے وہی دھوکہ کھایا جو سیوہ جی نے مسلمان جرنیل کے سینہ میں پنجہ گھونپ کرلیا تھا۔ آپ کی اسی سیاست نے اسلام کو بہتر 72 ٹکڑوں میں بانٹ دیا ہے۔ کیا ندوی کہ خیال میں سلطان بیجاپور اور گولکنڈہ اسلئے جاہل تھے کہ انہوں نے ملکر مسلمانوں کے دشمن مہاراجہ رام راج وجے نگر کو شکست فاش دی۔ دکن جو برصغیر میں تشکیل پاکستان تک مسلم کلچر کا مرکز رہا ہے۔ وجے نگر کی شکست کا ہی حاصل ہے۔ اگر رام راج مسلمان بادشاہوں پر غالب آ جاتا۔ تو ہندوستان میں مسلمانوں کا خدا حافظ تھا۔ مسلم ثقافت کا نام ونشان تک مٹ جاتا۔ یا اس لئے کہ فوجیوں نے نعرہ امام حسنؑ، امام حسینؑ یا علیؑ لگا کر ہندوؤں پر ٹوٹ پڑے یہ معرکہ تھا جس نے مسلمانوں کا رعب مرہٹوں پر مسلط کردیا تھا۔ اور وہ اپنے علاقے میں دبے رہے۔ مگر

جب اورنگزیب نے اپنی غلط یلغار سے ان ریاستوں کو ختم کر دیا۔ تو مرہٹے ایسے اٹھے کہ مسلمانوں کی سلطنت کی چولیں ہلا دیں۔ اگر عالمگیر نے ریاستوں کو فتح کر ہی لیا تھا تو شیعہ مسلمانوں کو قتل نہ کراتا۔ ان کے مذہبی امور میں دخل نہ دیتا۔ وہاں وہ نظام رائج کرتا جو اکثریت چاہتی۔ مگر ندوی شاہ بیجا پور کو نافہم کہتا ہے۔ اگر کوئی ہندو اورنگزیب کے اس نسل کشی کو ریاست کشمیر پر چسپاں کر دے تو ندوی صاحب کا کیا جواب ہے۔ اگر ندوی کے خیال میں اورنگزیب کو حدود سلطنت بڑھانے کا حق تھا۔ تو سلطان سکندر کو بھی تھا۔ اسی طرح اندرا گاندھی کو بھی ہے۔ جس بادشاہ نے اپنے ذاتی مذہب کو عوام پر مسلط کرنے کی کوشش کی وہ کبھی بھی کامیاب نہ ہوا۔ یہی وجہ ہے کہ اورنگزیب نے سارا ہند فتح کر ڈالا مگر بنیادیں پختہ نہ کر سکا۔ اندر ہی اندر لوگوں کے دلوں میں نفرت جوش کھاتی رہی۔ اور جب خاندان مغلیہ کا زوال شروع ہوا۔ تو عوام کھل کر سامنے آ گئے۔ شیعہ مرہٹے اور سکھوں نے تمام ہندوستان کے کونے کونے کو میں اورنگزیب کے ظلم گن گن کر سنائے۔ اورنگزیب کی سیاست بیٹے اکبر کو سمجھ نہیں آئی۔ باپ بھائی حیرانگی میں ڈوبے رہے۔ آج ندوی اورنگزیب کے سیاسی کردار کو لاکھ چمکیلے الفاظ پہنا دے وہ اورنگزیب کٹر مذہبی بادشاہ تھا۔ کے الفاظ دھو نہیں سکتا۔ یہی وجہ تھی کہ جب سید احمد ہمدانی نے یہ خونی ڈرامہ دیکھا تو بے ساختہ کہا۔ یہ عجیب منطق ہے کہ جسونت سنگھ کے لڑکوں کو گود میں لے لے۔ ہندوؤں پر مہربان ہو۔ ان کو اعلیٰ اعلیٰ عہدوں پر تعینات کرے مگر شیعوں کا وجود برداشت نہ کر سکے۔ ان کو لادین کہ دے۔ مگر ہندوؤں کے مذہب پر انگلی تک نہ رکھے۔ بادشاہ وہی کامیاب ہو سکتا ہے جو کسی مذہب میں مداخلت نہ کرے۔ اورنگزیب اپنی قبر کو دکن میں کھود رہا تھا۔ (بدری)

سید احمد ہمدانی نے جو کہا وہی ہوا۔ لین پول لکھتا ہے گولکنڈہ اور بیجا پور شیعہ ریاستوں کی فتح کے بعد اورنگزیب نے خود کو دکن کا مالک سمجھا مگر حقیقت میں دکن خاندان مغلیہ کی قبر ثابت ہوا۔

آپ کا مذہب

آپ کے زمانے میں ایران کے برعکس اورنگزیب کی حکومت میں شیعہ سنی کا تنازعہ عوام میں عروج پر تھا۔ سید احمد ہمدانی مطابق تحریر خاقانی شافعی المذہب تھے۔ محمد بن حیدر کے خیال میں آپ شیعہ تھے مگر تقیہ میں تھے۔ بدری آپ کو اہل سنت لکھتا ہے۔ مجھے اس سے بحث نہیں کہ وہ شیعہ تھے یا سنی۔ جو اخلاق و کردار میں اعلیٰ ہوگا۔ جس کا کردار اللہ قرآن کے مطابق ہوگا۔ وہ مسلمانوں کے کسی بھی 72 فرقوں سے تعلق رکھتا ہو قابل صد ستائش ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ فقراء مذہبی طور پر تعصب سے بالا رہے ہیں۔ آپ مذہبی بحث کو ناپسند کرتے تھے۔ قوانین اسلام پر سختی سے پابند تھے۔ آپ کا خیال صرف تبلیغ اسلام ہی نہ تھا۔ بلکہ عملی زندگی اور کردار مسلمان کو عین قرآن کے مطابق ڈھالنا تھا۔ آپ اکثر فرماتے تھے کہ وہ دل جو مسلمان ہو کر ابھی تک غیر اسلامی رسم و رواج اپنائے ہوئے ہیں۔ ان کو اتنا صاف و شفاف کرنا ہے کہ ان میں عکس قرآن نظر آ جائے۔ خوف خدا و رسول پیدا ہو۔ اجتماعی زندگی میں کامیاب و کامران ہوں۔ آپ یہ بھی کہا کرتے تھے۔ مسلمانوں میں مذہبی قسمیں دنیا داروں میں ہوا کرتی ہیں۔ فقیروں میں نہیں (بدری)

آپ کے پاس جو بھی آیا بلا امتیاز مذہب و ملت خدمت کی۔ بگڑے ہوئے انسانوں کو راہ راست پر لانے کے لئے ہر ممکن کوشش کی۔ آپ کا مشہور قول ہے کہ نماز ہاتھ باندھ کر پڑھی جائے یا کھول کر سبق وہی سکھاتی ہے جو ہمیں محمدؐ نے سکھایا (محمد بن حیدر)۔ آپ نے اپنی ساری زندگی اس تبلیغ میں بسر کر دی نہ آپ نے مذہبی فساد کو ہوا دی نہ کسی سیاسی یا گھریلو جھگڑے میں دلچسپی لی۔ اگر آپ کو سیاست پسند ہوتی تو آپ اکبر شہزادہ سے یہ کہہ کر اپنے سے جدا نہ کرتے کہ ہم فقیروں کو سیاست ملکی سے کیا مطلب۔۔۔۔۔ آپ کا مدفن ایران ہوگا۔ فرما کر اس کا دل ہی توڑ دیا۔ وہ ایسا ایران گیا کہ پھر واپس نہ آیا۔

فقر کی دنیا

جب بیجا پور کے بازاروں، گلیوں اور گھروں میں اورنگزیب کی فوج مسلمانوں کے خون سے ہولی کھیل رہی تھی۔ بے کس عورتوں اور معصوم بچوں کے سروں پر تلواریں لٹک رہی تھیں۔ تو سید احمد ہمدانی اور اکبر شہزادہ کو قلعہ کے محافظ نے کچھ لے کر خفیہ راستے سے باہر نکال دیا۔ رات اندھیری تھی۔ گرتے پڑتے نامعلوم راہ پر گامزن

ہوئے دن کو سوتے رات کو سفر کرتے کئی دن بیت گیئے ۔آخر درگاہ لعل شہباز قلندرؒ سندھ پر آئے ۔درگاہ سے باہر ایک مجذوب آنکھیں بند کئے پڑا رہتا تھا۔بات چیت مرضی سے کرتا تھا۔ ہزاروں عقیدت مند آتے ۔نذر نیاز دیتے ۔عورت کو آنے کی اجازت نہ تھی ۔عوام میں مست بابا کے نام سے مشہور تھا۔ایک دن شاہ صاحب مذکورہ مجذوب کے لئے بڑا شیریں پانی کہیں دور سے لائے ۔جب پیش کیا تو فقیر نے بڑی بے پرواہی سے کہا۔۔وہاں رکھ دو۔۔ہمدانی یہ کڑوے الفاظ نہ نگل سکے۔ماحول کو نظر انداز کرتے ہوئے بڑے غصہ سے کہا۔۔۔۔غیر سید ہو کر یہ فخر۔۔۔۔خرقہ ہمارے جد اعلیٰ علیؑ کے در سے حاصل کرنا اور اس کی اولاد سے یہ سلوک۔۔۔۔۔فقیر ہاتھ باندھ کر کھڑا ہو گیا۔لفظوں پر زور دے کر چوٹ کی۔۔۔۔شاہ صاحب میں ہر سید کی آمد پر بسم اللہ کرتا ہوں۔

مجھے نہ بتائیے کہ میں سید ہوں۔۔۔۔خود کو بتایئے۔۔۔۔۔

ان لفظوں نے قہر بن کر شاہ ہمدانی کے دل و دماغ کو چھلنی کر دیا۔احساس ذمہ داری پیدا ہوتے ہی رات دن رہ رہ کر اپنی ندامت کو دھویا۔اس انقلاب نے ایسا وجد طاری کیا کہ آپ کے دل کی حالت ہی بدل گئی۔جب دوبارہ آپ اسی فقیر کے پاس گیئے تو وہ دور سے ہی مسکراتا ہوا اُٹھا پاس بیٹھایا کندھے پر ہاتھ رکھ کر گویا ہوا۔

۔۔۔باعمل عالم کہاں ملتا ہے۔۔۔یہ آج کل کا مولوی۔۔۔لوگوں کے جذبات بھڑکاتا ہے۔ بھائی کو بھائی سے لڑاتا ہے۔ان کو جیل بھجواتا ہے خود آرام کرتا ہے۔اپنا پیٹ بھرتا ہے غریبوں کو دھتکارتا ہے۔امیروں کو جنت دکھاتا ہے۔غریب کو دوزخ سے ڈراتا ہے۔اپنی کہتا ہے سنتا کسی کی نہیں۔تقریر کرتا ہے رقم لے کر نماز پڑھاتا ہے اجرت لے کر۔ ہماری دنیا اس کے برعکس ہے عمل اول قول بعد۔خود کو بھول جاؤ غریبوں کو دیکھو یہی سبق ہم نے سادات کے در سے سیکھا ہے۔سید بن کر دنیا کو سکھاؤ۔۔۔۔جاؤ میری اجازت ہے۔کسی جزیرہ میں چلہ کشی کرو۔بادشاہ کے باغی لڑکے کے دوستی سیاسی ہے۔اس کا ستارہ ڈوب چکا ہے۔شاہ جی۔۔۔اورنگزیب کا دس ہزاری لشکر اکبر کو تلاش کرتے ہوئے آپ تک بھی پہنچ جائیگا۔مگر کچھ بگاڑ نہ سکے گا۔آپ کی شادی شاہی خاندان میں ہوگی۔بس اب جاؤ بسم اللہ۔آپ ابھی اسی سوچ میں ڈوبے ہوئے تھے کہ شہزادہ اکبر آپ کو سیاسی طور پر استعمال کر رہا تھا اور کرنا چاہتا تھا۔آپ کی عجیب حالت دیکھ کر خود کو خطرے میں گھیرا پایا۔۔۔شاہ صاحب۔۔۔شہزادہ نے بے دلی سے پوچھا۔۔۔۔کیا اب وطن جانے کا ارادہ نہیں ہے۔

سید احمد ہمدانی نے فرمایا۔میں نے اپنی منزل پالی ہے۔اس دنیا اور دین دونوں پر دنیادار چھائے ہوئے ہیں۔راج دربار میں ان کا رسوخ۔ممبر پر ان کا قبضہ۔مسجد ان کی سیاسی آماجگاہ۔جو شخص ان کی مرضی پر نہیں چلتا۔ان کی ہاں میں ہاں نہیں ملاتا۔غیر شرعی امور پر اپنی مہر ثبت نہیں کرتا۔اس کا یہی حال ہوتا ہے۔جو میرا اور تمھارا ہوا۔میں اب اسی فقر کی دنیا میں داخل ہو گیا ہوں،جہاں امیر غریب کی تفریق نہیں ہے وہ کہتے ہیں کے خود بھوکے رہو غریبوں کو کھلاؤ حاجت مندوں کے تن ڈھانپو خود ننگے رہو،آپ نیچے بیٹھو لوگوں کو کرسیاں پیش کروں خود مٹی پر لیٹو ان دوسروں کو پلنگ دو دوسروں کے درد میں شریک ہو جاؤں اپنا غصہ پی جاؤ منہ پر سچ کہو خواہ تھپڑ پڑیں پہلے خود کو پڑھوں پھر دوسروں کو نماز وہ پڑھوں جو شریعت پڑھتے ہیں کس کے مذہب میں داخل نہ دو کسی کے رہنماؤں پر تنقید نہ کروں،قانون محمد ﷺ کا ادب کرو،کسی کو بیگانہ نہ کہو،دنیادار سے بھاگو،غریب کو گلے لگاؤ،بادشاہوں سے کنارکشی اختیار کروں،فقط خدا پر بھروسہ کرو،کیا ہمارا محمد ﷺ یہ نہیں کہتا اور۔۔۔۔پس حضرت میں سمجھ گیا تخت کا خواب دیکھنے والے شہزادے نے بات کاٹتے ہوئے کہا میں تو دربار ایرن میں دوبارہ حاضری دوں گا مالی اور فوجی امداد کی درخواست کروں گیا کیا پتہ میری قسمت کھول جائے خوش آمدیوں کی گود کے پلے ہوئے شہزادے ہمدانی نے اٹھتے ہوئے آخر فیصلہ کیا آگ اور پانی میں کیا جوڑ۔۔۔۔تمہاری سیاست تم کو مبارک اور میری مجھے۔۔۔تمہاری آرزو اور جسم کا مدفن ایرن ہوگا۔شہزادہ شاہ صاحب سے ناراض ہو کر ایران گیا کہ ہند میں قبر بھی نصیب نہیں ہوئی،آپ کی پیشن گوئی حرف بحرف پوری ہوئی (بدری)

آپ نے مجذوب کے حکم پر سر تسلیم خم کیا اور اس نامعلوم منزل کی طرف قدم بڑھائے جن کا اشارہ فقیر نے دیا تھا،آنکھوں پر سے ایک ایک کر کے حجاب سرکتے گئے ایران کے علماؤں اور ہند کے بادشاہوں کے کردار آپ کے آنکھوں کے سامنے ننگے ناچنے لگے،وہ حقیقی دنیا نظر آئی جس کی منظر کشی قرآن کی تھی۔آپ منزلیں طے کرتے۔ سکھر کے نیچے دریائے سندھ کے درمیان ایک جزیرہ دیکھا۔اور جب وہاں سادات عظام کے مقبرے پر نظر پڑی تو بے اختیار دل پکار اٹھا۔بس ہی میرے منزل ہے وہاں دنیا اور مافیا سے بے خبر چلہ کشی میں مصروف ہو گئے۔

دندہ میں آمد نکاح ثانی

لالہ دنی چند نے بحوالہ نورخان بن زماں سیال شاہ ہمدانی کی دندہ میں آمد کے واقعات جوتحریر کیئے ہیں۔ وہ پڑھے۔۔۔۔۔شاہ ہمدانی چلے بیٹھا۔ ویہلا تھی مڑ بابا مست دے ڈیریں گئے۔ سائیں منہ مٹھا کیتا۔ کئی راتیں کول بہا فقیری دی پٹھ لائی۔ ڈونگھے راز دسے۔ گیان دھیان وچہ چنگا گجی کرحکم سنڑایا۔ بلاول۔۔۔ہنڑ میں راضی۔ خدا تدوں راضی جدوں لوکی راضی۔ رسول دا وارث بنڑنا سوکھا۔۔۔حکم تے حرفوں ٹرنا اوکھا۔۔۔سید سداون سوکھا۔۔۔سید بنڑں اوکھا۔۔۔ہنڑ گیانی تھی گئے ایں ۔۔۔امت دی مہار نپ سدا ٹریں سیدا کھڑیں۔۔۔مست بابا ساہ کڈھ ہج کیتی۔ ونجہ قطبی تارے دی سدھ نپ۔ دریا دے نیڑے تکیہ بنڑا لوکاں کوں مٹھی وچہ کر۔ پہلوں عمل کر پچھوں مِٹھا سمجھا۔

شاہ ڈھیر کوہاں دا پندا مار شمالی ہندوستان دے لہندے پاسے ہک وہنڑ دے اُچے کڈھے تے ڈیرہ جمایا۔ دوہاں سندھی چیلیاں تکیئے دا ایرا رکھیا، آسے پاسے دے ڈھوکیئے آجڑی تے راہ گذرو آونڑ جاونڑ لگ پئے۔ ساہ کڈھن حقہ پانڑیں پیون ٹکر کھاون دعائیں منگاوں تے راہ لگن۔ شاہ دیاں سوہنیاں تے مٹھّیاں نصیتاں۔ ٹکر پانڑیں پچھن دیاں گلاں چو فیر کھنڈیاں۔ کڑیاں نڈے شاہ تے ترٹ پئے۔ یہ جمعراتی چوک کرن کن پھاڑ، داج کڈھ، ڈھول کُٹ، ترا ڑیاں وجا پہلوں پہل ہس ٹپے تے سہگ پھاڑن۔

جڑ پھُٹ پئی آولے دی

سخیاں فقیراں وچہ پئی دھوم بلاولے دی

وقت سسی، پنوں، تے ہیر رانجھے دے ہوکے تے بولیاں گاوندیاں دھما چھوڑن اس اوپری تے چھبدی کھیڈ تے لوکی وٹی پئے چوکھے مرید بنڑیں تے تکیئے دے چو فیروں اِٹاں وٹ کوٹھے بنڑا وسنڑ رسنڑ لگا پئے۔ ہولے ہولے لگی تے ڈراکلی دند بندیاں نال ہسنڑ لگ پئی جدوں ہک لہکا گِراں بنڑیا واسیاں دندہ شاہ بلاول نال دھریا۔ اے تھاں اج نویں نویں واسونیں تھئی۔ اس تھوں ہزاراں سال پہلو دی راجہ رسالو دے مع وچہ وسدی آہی۔ لودھی شاہی دے لگ بھگ لاوے گِراں دے اعواناں تے کوٹ سارنگ دے راجیاں وچہ زمیں دے دھڑے نکھیڑن تے ہتھ پائی ہوئی۔ لکھاں کُس گئے باقی نس گئے جھڑے بچے پگوڑیاں ہالی بنڑائے وڈیاں ڈھوکاں واسو کر قبضے پکے کیے چنگا بھلا گِراں کس بنڑ گیا۔ جدوں شاہ آیا تاں کئی وگھیاں وچہ قبرستان کھلریا سی۔ تے اپنڑیں چھاتی تے راہ مسافراں نوں لتاڑ دا تک کہانڑیں سنڑ یندا سی۔ پر سونے چاندی دے بچاری دھونڑاں اکڑ النگھ ونجن۔ تے فقیر غریب دے پٹھے کو جھے ہتھ سورۃ فاتحہ پڑھ دل دی ہوک ڈک پا سیو النگھ ونجن۔ شاہ دے بھاگیں رسی مری سڑی تھا نو دو جی وار کھسی ہوئی سوہنی حیاتی لدھی۔ پہلوں پر ماتما جانڑیں گراں کی نال سی ہنڑ دندہ شاہ بلاول دے نال تے ابھرنڑ تے چمکرنڑ لگ پیا۔ اورنگ زیب بیجا پور تے گولکنڈہ دے علی دے حوالیاں دی رت نال ہولی کھیڈ کے دل ٹھڈا ھاتاں کر گھدا پر اکبر پتر دے ہتھیں نہ چڑن دی کاوڑ نہ تھی۔ کام بخش نگران اعلیٰ بیجا پور نوں ڈھوڈ ڈھاڈ دا حکم لکھیا۔ پکڑ دھکڑ پُچھ گچھ کریندیاں گل اے نکھڑی جی اکبر اک ایرانی سید سنگ آیا سی۔ آپ تھاپی تے کپ ٹک وچہ دو ہویں سندھ نس گئی ہن۔ اورنگزیب شیر شاہ سوری 1530ء 1575ء دے پڑپوترے خان شیر سوری حاکم اٹک نوں اپڑیں پترا کبر نوں لبھنڑ تے پھڑن کیتے مگریں لایا۔ اے کسیاں جھگیندا،، پل پل دیاں خبریں جڑیندا پکھڑ (دندہ شاہ بلاول ضلع کیملپور) آ لگا۔ کاردار جے حضوریاں نوں نال گھن چار کوہ (6 میل) اگوں سلامی ہویا۔ سوری شاہ بلاول دی سُدھ سُدھ گھدی، ہک پگوڑے گوشا کیتا۔ حضور شاہ کرامتان والا اے، اے سارا پاسہ اس دا مرید اے سوری پیر پرست دا دل دھڑ کیا۔ جھٹ ہک سپاہی کوں پچھاں منج اپنڑ نا پیر سدایا۔ پیرے تھاپڑا مار سوری کو دھیر ڈتی۔ میں شیر تے چڑھ ہتھ وچہ سپ نپ تینڈے موڈھے نال ہوساں۔ جے اس دے مرید چیلے چپاٹے روکن تاں تینڈی فوج ترکڑی اے جے شاہ چوٹ کیتی تاں توں چھٹا ٹھکا میں جانڑاں تے او سوری دل وڈا کر درے وچہ دڑیا۔ آکھ پھر کنڑ وچہ کس دیاں دوہاں بائیاں ہاتھی نوں وانگ پہلواناں جکڑیا۔ سوری ڈریا تے چھال مار پیر نوں للکاریا۔۔۔ پیرا کو جھے جھتے آس اوناں انج بٹھیا اے جیویں کھارے چڑھیا ہویا اسے گُجا پیرای ہنڑ اپنڑا ہتھ

دکھا۔ پیر سپ سٹیا او ناگ پھوکاں مریندا ابل کھاوندا بلاولے تے اکھ رکھ سر کیا۔ پکھڑوی لوکاں ڈرتھوں کھریاں چائیاں تے نیڑے تریڑے اوٹاں بپیاں۔ پر ہمدانی اپنڑیں تھاں تے کھڑیا رہیا۔ سپ اچنتر چھیتی شاہ تے پھن کھلا ریا۔ بلاول ککڑ نپ سپ تے وگایا۔ آکھ ناہی پھڑ کی دوہویں جھب گڑبی تھی گئے۔ ککڑ چھالاں مار سٹ مارے سجے کھبے سٹے، سپ جیبھ کڈھے، شوک شوک ڈھیر تھی گیا۔ ککڑ بانگاں ڈیندا شاہ دل جھولی وچہ ونج بیٹھا۔ پیر دی اکھ اُگڑی اپنڑیں ساکھ چنگے ترکڑے فقیر دے ہتھ وچہ تک پھر گیا۔ شیر کوں لگا چھوڑ ٹھاں ٹھاں ہسیا۔ اجاں اس پہلی جنگ ہی گھدی آہی بلاولے گاں اگھاں کیتی۔ شیر گائیں تے اچی چھال مار ابجیا ڈگا جے گائیں دے دوہویں سنگ شیر دے ڈھڈھ وچ لیہ گئے۔ گاں کوجھی کھٹی پر شیر پھڑک پھڑک ٹھڈھا ٹھار تھی گیا۔ لوکی واہ واہ کیتی۔ پیر وانیئر نٹھا۔ سوری مرید ہویا۔ فوجیاں ہتھ چُمیں۔ گھٹ گھٹ وچہ شاہ دیاں دھوماں پے گئیاں

ایک دیہاڑے سوری اپنڑیں جوان بیمار جاکتی کیتے وچار کیتا۔ شاہ گڑ دم کرڈتا۔ اوشہزادی جس نے جمدیوں داکہیں بلا دا سایہ ہا شاہ دے بھاگے چنگی بھلی تھی گئی۔ وت دورہ نہ پیا۔ سوری وڈی ڈونگھی سوچ کر اپنڑیں ماموئی دھی داوجاہ ہمدانی نال کرڈتا کجہ دیہاڑے ساہ کڈھ جاگیر دھی دے نال لکھ اللہ بیلی ہویا۔ سوری 1688 عیسوی وچہ اکبر دی ایران نس ونجن دی خبر سنڑ اون جدوں دہلی منہ رکھیا۔ سرہند ٹپڈا ای پیا سی جے ملک الموت وکھالی ڈتی۔ اللہ نوں پیارا ہویا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔"

یہ تاریخی واقعہ جو میں نے تحریر کیا ہے۔ یا وہ جو ہمارے بزرگ بیان کرتے ہیں میں کوئی فرق نہیں۔ سانپ شیر اور مرغ گائے کا مقابلہ بند کمروں میں ہوا تھا۔ یا کھلے میدان میں اصل واقعہ کو مسخ نہیں کر سکتا۔ سب سے اہم سوال یہ ہے کیا ایسا ہونا ممکن ہے۔ آج کل کے دانشور بغیر عقلی دلائل کے تسلیم نہیں کرتے۔ اگر میں لکھتا تو اصل موضوع سے دور نکل جاتا صرف سید احمد ہمدانی کے خیالات پیش کرتا ہوں۔ ایک دن کسی مرید کے استفار کرنے پر آپ نے فرمایا۔

۔۔۔۔ کوئی نبی یا ولی آپنے ذاتی مقاصد کو پورا کرنے کیلئے کوئی معجزہ یا کرامت نہیں دکھا سکتا۔ مگر جب تبلیغ حق پر زد پڑتی ہو۔ تو دکھا سکتے ہیں۔ اگر اولیاء اللہ کوئی کرامت دکھاتے ہیں تو یہ رسول کے ان معجزات پر اپنی مہر ثبت کر کے دنیا کو یقین دلاتے ہیں۔ کہ رسول کی کرامات پر کسی قسم کا شک نہیں کیا جاسکتا یا یوں سمجھئے کہ رسول کے معجزات کی حقیقت کو عملی طور پر سچا ثابت کرتے ہیں۔ مجھے سوری مجبور کرتا تھا۔ کہ میں اس کے ہمراہ ہو کر اورنگزیب کو حقیقت بتاؤں۔ اگر میں چلا جاتا تو وہ اصل مقصد فوت ہو جاتا۔ جس کی خاطر میں نے وطن چھوڑا۔ لوگوں کے اعتقادات متزلزل ہو جاتے۔ اسلامی روح ناپید ہو جاتی۔ ابھی میں نے ابتداہی کی ہے۔ کام ادھورا چھوڑنے پر ضمیر نے ملامت کی۔ شہزادی اسی کرامت کی پیدوار ہے۔ اب میرا کام جتنا آسان ہو گیا ہے۔ اتنا کبھی بھی نہیں ہوسکتا تھا۔ جب بھی مادی طاقت اور روحانی قوت میں ٹکر ہوئی ہے۔ فتح ہمیشہ روحانیت کی ہوتی ہے۔

آپ بلاول کیوں مشہور ہوئے۔

سب سے پہلے وہ بیان قلمبند کرتا ہوں جس کے راوی ہمارے بزرگ ہیں۔ آپ دندہ میں بلاول بڑھی کے مہمان ہوئے جب اس نے نام پوچھا تو بتانے سے انکار کر دیا۔ اور خود ایک چشمہ کے اندر کھڑے ہو کر چلہ کشی شروع کر دی۔ جب فارغ ہوئے تو عوام میں مشہور ہو گئے۔ جو آتا پوچھتا بلاول کا پیریا، بلاول کا شاہ کہاں ہے۔ ہوتے ہوتے لفظ کا حذف ہو گیا۔ صرف بلاول کا پیر یا بلاول شاہ رہ گیا۔ اصل نام سید احمد تھا۔ متذکرہ بالا بیان یہ ثابت کرتا ہے۔ کہ سید احمد ہمدانی کی آمد سے پہلے دندہ شہر آباد تھا۔ دوسرا چونکہ آپ نے اپنا نام خود پوشیدہ رکھا تھا۔ اسلئے میزبان کے نام سے مشہور ہو گئے۔ جب ہم لالہ دنی چند کی تاریخی پنجابی تحریر سامنے رکھتے ہیں تو صدری بیان صرف قیاس آرائی معلوم ہوتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ دندہ کبھی آباد تھا۔ مگر جب آپ تشریف لائے تو اس کا وجود تک نہ تھا۔ جو شہر آباد کرتا ہے وہ اسی کے نام سے منسوب ہوتا ہے۔ آپ کو سب سے پہلے سائیں مست بابا نے بلاول کے نام سے پکارا تھا۔ آپ کے جو دو سندھی چیلے دندہ میں ساتھ آئے تھے۔ آپکی ساری زندگی خدمت کرتے رہے۔ اسی نام سے پکارتے تھے۔ دراصل یہ سوال قابل غور ہے۔ کہ مست بابا نے آپ کا نام اصل نام جانتے ہوئے بھی بلاول کہ کر کیوں مخاطت کیا۔ لفظ "بلاول" فقراء کی لغت میں سے ایک لقب ہے۔ جو اکثر فقراء کسی نہ کسی کو عطا کرتے آئے ہیں۔ مادھولعل حسین نے آپنے سولہ خلفاء کو جو خطاب دیے تھے۔ وہ یہ ہیں

غریب۔دیوان۔خاکی۔اور بلاول۔

ہندوستان میں چھ بلاول مشہور ہیں۔شاہ رنگ بلاول۔عدم بدھو بلاول۔شاہ مست بلاول۔شاہ بلاول دکن۔شاہ بلاول لاہور۔شاہ سلطان بلاول دندہ ضلع کیملپور۔

بلاول کا خطاب اس قدر مشہور معروف اور معزز تھا۔کہ اسکے بعد کئی فقراء نے یہی نام اختیار کیا اور کئی ایک نے القاب۔لالہ دنی چند کا بیان معقول وزن رکھتا ہے۔آپ نے اپنا نام ضرور بتایا ہوگا۔مگر سندھی آپ کو بلاول کے نام سے پکارتے تھے یہ ہی مشہور ہوا۔ملاصمد کشمیری لکھتا ہے۔کہ یہ نام آپ کو اسلئے پسند تھا۔کہ مست بابا نے مستی میں لکھا تھا۔یہ نام نہ تھا۔لقب تھا۔

جاگیر

قادر پوری سادات ہمدانی بیان کرتے ہیں کہ سید احمد ہمدانی یا انکی بیوی کے نام سوری نے کوئی جاگیر لکھ کر نہیں دی تھی۔ہمیں جو زمین ملی وہ سید گل محمد ہمدانی بن جیون شاہ ہمدانی بن نظام شاہ ہمدانی بن سید ابراہیم ہمدانی بن سید احمد ہمدانی بلاول کی خرید کردہ تھی۔جو وراثت میں اب بھی منتقل ہوتی آ رہی ہے۔سید گل محمد ہمدانی کے ساتھ چند سرکردہ شہریوں کا قبضہ زمین پر ایک تنازعہ ہوا تھا۔جو لڑائی کی صورت اختیار کر گیا تھا۔دونوں طرف سے تلوار و تبر کا استعمال آزادی سے کیا گیا تھا۔کئی قتل ہو گئے تھے۔اور شاہ صاحب بھی شہید ہو گئے تھے۔ان کی قبر اب بھی موجود ہے۔لوگ جاتے ہیں سلام کرتے ہیں۔مگر ملاصمد اور لالہ دانی چند لکھتے ہیں۔کہ سوری نے اپنی لڑکی کے نام جاگیر لکھ کر دی تھی۔جو اس کے لڑکوں میں برابر تقسیم ہوئی۔مگر سید احمد ہمدانی کی وہ اولاد جو ایرانی سیدزادی سے تھی۔اس جائیداد سے محروم رہی۔اگر سید گل محمد ہمدانی نے زمین خریدی تھی تو یہ اضافہ ہی کہا جا سکتا ہے۔

نشان قبر

دنیا میں لاکھوں بادشاہ ہوئے بڑے رعب و دبدبے سے حکومت کی تاریخوں میں نام ضرور لکھوا گئے مگر اپنی قبر کے نشان کو محفوظ نہ رکھ سکے۔اگر کوئی کامیاب ہو بھی گیا تو صرف شاندار عمارت کی وجہ سے۔یہ مقبرے سیاح کی نظریں تو کھینچ لیتے ہیں مگر عوام کا دل قابو نہیں کر سکتے۔یہ بادشاہ ہی مقبرے اپنی خوبصورتی کی وجہ سے قانوناً محفوظ رکھے گئے ہیں۔مگر فقیروں کے مقبرے کسی بادشاہ کی نظر عنایت کے محتاج نہیں۔عوام ان پر اپنا من دھن اس وقت بھی فدا کرتے رہے جب وہ زندہ تھے۔اور اب بھی کر رہے ہیں جب یہ نظر سے پوشیدہ ہیں۔ایک دن کسی مرید نے بڑا دلچسپ سوال کیا۔(ملاصمد کشمیری)

۔۔۔کسی کے مرجانے کے بعد ہمیں کس طرح معلوم ہو کہ اللہ اس پر راضی ہے۔۔۔۔۔

۔۔۔کیا تم اپنے والدین کی قبر پر جاتے ہو۔۔۔شاہ صاحب نے اس کو اپنے موضوع پر لانے کے لیئے سوال کیا۔

۔۔۔تم اس فقیر کی قبر پر کیوں جاتے ہو۔ نہ تمہارا رشتہ دار ہے۔نہ تمہارے خاندان سے ہے۔۔۔۔

۔۔۔اس خیال سے۔۔۔کہ شاید میری کوئی رسید بوسیلہ فقیر بر آتی ہو۔۔۔۔

۔۔۔عزیز۔۔۔شاہ صاحب نے اسے سمجھاتے ہوئے کہا۔۔۔جس فقیر کی قبر پر لاکھوں بادشاہ امیر غریب اپنے بیگانے بلا امتیاز مذہب وملت جاتے ہیں باقاعدہ سلامی دیتے ہیں۔قرآن خوانی کرے ہیں۔دعا مانگتے ہیں۔کیا وہ اللہ کا پیارا نہیں اگر نہ ہوتا تو ان کا نشان قبر حرف غلط کی طرح مٹ گیا ہوتا۔۔۔دنیادار جب زندہ ہوتا ہے۔۔تو سونے چاندی سے کھیلتا ہے۔کیوں اس لئے کہ امیر سونے کو گلے لگاتا ہے۔غریب کو دھتکارتا ہے فقیر غریب کو آنکھوں پر بٹھاتا ہے۔سونے کو دھکیلتا ہے۔۔۔۔

آپ کی قبر تلہ گنگ ضلع کیملپور سے چند میل دور جانب غرب سڑک میانوالی پر نالہ گھبیر کے غربی کنارے پر واقع گاؤں دندہ شاہ بلاول کے اندر موجود ہے۔مقبرہ آپ کی

وصیت کے مطابق نہیں بنوایا گیا۔ قبر پر ہر روز ہزاروں عقیدت مند آتے ہیں۔ من دھن نچھاور کرتے ہیں۔ قرآن پڑھ کر دعا مانگتے ہیں۔ آپ کا سالانہ عرس با قاعدہ بڑی شان وشوکت سے آپ کی گدی نشین اولاد کی نگرانی میں سنایا جاتا ہے۔

سید احمد ہمدانی المعروف شاہ سلطان بلاول کے نکاح اول سے دولڑکوں کی ہند میں آمد۔

